یعنی بدر الزمان نایطہ، یہ ارکاٹ کے محمدؐ مراد کا بیٹا تھا جس کو ارکاٹ کی نوائط نوابی سے تعلق اور رشتہ تھا۔

۵ - سید محمدؐ میر آصف - سلطان کا چیف سیکرٹری تھا۔ سلطان کے جتنے فرامین ہیں ان میں سلطان کے دستخط کے بعد اس کا دستخط موجود ہے۔

ان ناموں میں میر صادق اور پورنیا کے نام نہیں ہیں۔ میر صادق کو سلطان کی شہادت کے وقت سلطان کے وفاداروں نے اسی شام کو قتل کر دیا تھا۔ پورنیا کو میسور کی ہندو ریاست کا دیوان بنایا گیا۔ اگر ان دو ناموں کو فہرست میں شامل کر لیا جائے تو سلطان کی کیبنٹ یعنی مجلس وزراء کی فہرست خود بخود اس طرح مکمل ہو جاتی ہے۔

139104

۱ - میر غلام علی خاں (غلام علی لنگڑی) میر صدور یعنی	وزیر اعظم
۲ - میر غلام علی وکیل	وزیر
۳ - علی رضا	وزیر
۴ - بدر الزمان خاں	وزیر
۵ - میر صادق ؎	وزیر
۶ - پورنیا	وزیر
۷ - سید محمد میر آصف	چیف سیکرٹری

ذخیرہ محمد اقبال مجددی لاہور

ان ناموں کو دیکھنے کے بعد فوراً میرا خیال ان کی پچھلی سیاسی تاریخ کی جانب گیا۔ کیونکہ یہ ارکاٹ کی نوابی کی مشہور شخصیتیں تھیں۔ اور سوائے پورنیا کے تمام کے تمام

؎ یہ نوٹ آئندہ صفحہ پر دیکھا جائے۔

پانڈیچری اور ارکاٹ سے سلطنت خداداد میں آئے ہوئے تھے۔ اور ان میں خصوصاً علی رضا ارکاٹ کی نوابی کا مدعی تھا۔ اس کو نواب بنانے کے لئے تقریباً دس سال تک فرانس والوں اور انگریزوں میں جنگیں ہوتی رہی ہیں جنھیں تاریخوں میں کرناٹک وارس کا نام دیا گیا ہے۔

اس قدر لکھنے کے بعد یہ ضروری ہے کہ اس اجمال کی تفصیل بھی دیجائے۔ اور یہ تفصیل اہل نوایط کی تاریخ میں ملتی ہے۔ ۔محمود۔

ئ میر صادق کے متعلق ولکس لکھتا ہے کہ یہ مشہور فرانسیسی جنرل بُسے کی مسلمان داشتہ کا لڑکا تھا کرمانی اس کا مولد بڑا بالاپور بتاتا ہے۔ مگر میسور میں عام طور پر مشہور ہے کہ وہ میر عالم کا بھائی تھا۔ چاہے اس کی اصلیت کچھ بھی ہو، مگر یہ یعنی میر صادق اہل نوایط کے ساتھ ارکاٹ سے آکر حیدر علی کا ملازم ہوا تھا۔

Marfat.com

اہلِ نوایط کی سیاسی تاریخ

نوئیط ایک عربی لفظ ہے جس کے معنی ملاح کے ہیں اور نویط کی جمع ہے۔ تاریخ یمن کا مصنف لکھتا ہے کہ "نوایط ملاحوں کا ایک قبیلہ ہے"۔ جنوبی ہند میں اس لفظ کا اطلاق ساحل عراق و عجم کے ان ملاحوں پر ہوا جو ساحل کوکن پر آکر آباد ہوئے۔ ان لوگوں نے یہاں شادیاں بھی کیں اور جو اولاد ہوئی وہ ملکی قانون کی رو سے ماں کے خاندان سے منسوب ہوئی[1] جیسے پھاٹے۔ پھٹانے۔ گرمبے۔ جھکری۔ کلامی۔ بجری۔ گھٹانے۔ چیدے۔ موبجے وغیرہ۔ یہی نام آج بھی خالص ہندو مرہٹی خاندانوں میں ملتے ہیں۔ ان میں بعض جو شاہ طاہر دکنی کے مرید ہوئے وہ طاہر کہلائے۔ اس خاندان کے متعلق نظام الملک اوّل کا مقولہ ہے کہ:۔

"شاہ طاہر کی طرف سے یہ طاہر ہوئے ورنہ دمڑی کے پھٹانے ہی ہیں"[2]

یہ لوگ غیر معمولی ذہانت و فطانت کے مالک تھے اس لئے جب دکن میں اسلامی سلطنتیں قایم ہوئیں تو انہوں نے ان سلطنتوں میں بڑے بڑے عہدے حاصل کئے۔

---

[1] اس زمانہ میں ہندوستان کے ان حصّوں میں ہندو حکومتیں قایم تھیں اور "مرماکتایم" قانون رائج تھا۔

[2] دمڑی پائی کو کہتے ہیں۔ پھٹانے: بھنے ہوئے چنے ہیں لیکن نوایط میں پھٹانے ایک خاندان کا نام بھی ہے۔

Marfat.com

دکن کی ان سلطنتوں کو انہوں نے بنایا بھی اور اُجاڑا بھی۔ بہمنی سلطنت انہیں کے ہاتھوں بنی اور انہیں کے ہاتھوں تباہ ہُوئی۔ اور اس کے کھنڈرات پر بیجاپور۔ گول کنڈہ۔ وارنگل اور احمد نگر کی حکومتیں انہوں نے ہی قایم کیں اور ان کی تباہی بھی انہیں کے ہاتھوں سے ہُوئیلے۔ ان سلطنتوں کو فتح کرنے کے بعد ان سازشوں کے صلہ میں جو اہل نوایط نے بیجاپور اور گول کنڈہ میں کیں، مغلوں نے جنوبی ہند میں انہیں ارکاٹ کی نوابی دی۔ اس طرح اہل نوایط کی ایک حکومت جنوبی ہند میں وجود میں آئی۔

ارکاٹ کا پہلا نایطہ نواب محمد سعید عرف سعادت اللہ خاں ہوُا۔ اس کے عہد میں پہلی مرتبہ اہل نوایط کی ایک تاریخ لکھی گئی جس کا نام "سعادت نامہ" ہے۔ یہ نام سعادت اللہ خاں کے نام پر رکھا گیا۔ اور لکھنے والے خود اہل نوائط ہیں۔ اس میں انہوں نے اپنے حسب و نسب اور ہندوستان میں آنے کی وجہ لکھی ہے۔

"پہلی صدی ہجری کے آخر میں حجاج بن یوسف نے جو خلیفہ عبدالملک بن مروان کی جانب سے عراق کا گورنر تھا اور جو اپنے ظلم و ستم کے لئے مشہور ہے، چند معززاور مالدار بنی ہاشم کو اس قدر ستایا کہ وہ اپنا وطن کوفہ (جو اس زمانہ کا مشہور شہر تھا اور حضرت علی کے مقبرہ کے نزدیک اور دریائے فرات کے مغربی کنارے پر ہے) چھوڑنے پر مجبور ہو گئے۔ اور یہاں کے باشندوں کی مہربانیوں سے اپنے اہل و عیال اور سامان وغیرہ ساتھ لے کر نکلے اور خلیج فارس کے کنارے آ کر جہازوں پر سوار ہو کر ہندوستان آئے۔ کوفہ سے نکل کر یہ خاندان ہندوستان کے اس حصّہ میں پناہ گزین

لے دکن کی تاریخیں ان کے ناموں سے بھری پڑی ہیں۔

ہو گیا جس کو کوکن کہا جاتا ہے ...... ؎۱

سعادت نامہ کی اس روایت کو جس کی خود اہل نوائط نے تصدیق کی ہے تسلیم نہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں۔ البتہ تاریخی نقطۂ نظر سے دیکھنا یہ ہے کہ جو لوگ کوفہ سے نکل کر ہندوستان آئے، وہ بنی ہاشم تھے یا کوئی اور۔

اہل نوائط کی اس روایت میں کہا گیا ہے کہ حجاج بن یوسف کے ظلم سے بچنے کے لئے یہ لوگ ہندوستان آئے۔ تاریخ سے ثابت ہے کہ حجاج بن یوسف کا زمانہ ۷۲ھ کا ہے۔ یعنی حضرت امام حسین علیہ السّلام کی شہادت کے گیارہ سال بعد۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی (جو خاندان بنی ہاشم کے چشم و چراغ تھے) شہادت ۶۱ھ میں ہوئی۔ اس کے بعد اہل بیت کو یزید نے بہ اعزاز و اکرام حجاز بھیج دیا۔ یزید کا انتقال ۶۴ھ میں ہوا۔ اس کے بعد معاویہ بن یزید نے چند دن کے بعد خلافت سے دست برداری حاصل کر لی۔ اسی سال ذی الحجہ میں مروان خلیفہ ہوا اور رمضان ۶۵ھ میں اس کی وفات پر عبدالملک بن مروان خلیفہ ہوا۔

یہ وہ زمانہ ہے کہ مکہ معظمہ میں حضرت امام حسین رضہ کی شہادت کے بعد حضرت عبداللہ بن زبیر رضہ نے خلافت کا دعوے کیا تو دوسری جانب کوفہ میں مختار ثقفی قاتلان حسین سے بدلہ لینے اٹھ کھڑا ہوا اور بنی ہاشم سے ساز باز شروع کر دی اور اس کام کے لئے اس نے اپنے ایجنٹوں کو مکہ روانہ کیا۔ قاتلان حسین سے اس کی مراد بنی امیہ تھے اور جو لوگ اس کے ساتھ ملے وہ وہی کوفی تھے جو امام حسین رضہ کو کربلا میں شہید کر چکے تھے۔

؎۱ میجر ولکس نے بھی اس روایت کو اہل نوائط سے تصدیق کرتے ہوئے اپنی کتاب تاریخ میسور میں لکھا ہے۔

Marfat.com

اب بنی ہاشم کے رویہ کو دیکھئے ۔ اس خاندان کے معزز افراد یا سردار مندرجۂ ذیل تین اصحاب تھے ۔

(۱) حضرتِ امام زین العابدین (۲) حضرت ابن عباس (۳) حضرت محمد بن حنیفہ ۔

ان تینوں نے حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کی بیعت نہیں کی بلکہ بالکل غیر جانبدار رہے ۔ ۷۲ھ ذیقعد میں عبدالملک نے حجاج بن یوسف کو حضرت ابن زبیر کے مقابلہ پر روانہ کیا ۔ اس نے کعبہ پر آتش زنی کی اور سنگ باری کی ۔ یہاں تک کہ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ شہید ہو گئے ۔

اس وقت حضرت زین العابدین ۔ محمد بن حنیفہ اور حضرت ابن عباس مکہ ہی میں مقیم تھے ؎

اس لئے حجاج بن یوسف پر یہ الزام کہ اُس نے بنی ہاشم پر مظالم کئے ۔ بالکل بے بنیاد ہے ۔ اب دوسرا واقعہ مختار ثقفی کا دیکھئے ۔

"مختار ثقفی نے یہ تحریک اپنی خاص سیاسی مصلحتوں کو مدنظر رکھ کر شروع کی تھی ۔ کوفی اس کے ساتھ مل گئے تھے جو تمام تر عجمی تھے"

(سیر الصحابہ جلد ششم صفحہ ۲۶۶ ۔ دار المصنفین اعظم گڑھ)

"مختار کے ایجنٹ نے جب مکہ آکر قاتلان حسین سے بدلہ لینے میں بنی ہاشم کی مدد چاہی تو حضرت امام زین العابدین نے اُس کی درخواست قبول نہیں کی ۔ بلکہ اس کی مخالفت کی"؎ (سیر الصحابہ جلد ششم صفحہ ۲۶۲)

؎ سیر الصحابہ جلد ششم صفحہ ۲۷۰ ؎ امام زین العابدین اس سے واقف تھے کہ مختار ثقفی خلافت کے لئے کوشش کر رہا ہے اور عجمی کوفی جو اصلی قاتلان حسین تھے اس کے ساتھ ملے ہوتے ہیں

ان مذکورہ بالا تحریروں سے صاف ثابت ہے کہ بنی ہاشم مکہ یا مدینہ چھوڑ کر کہیں باہر نہیں گئے۔ اور اس سلوک کو جو بھی گیارہ سال پہلے ان کوفیوں نے حضرت امام حسین رضؓ اور اہل بیت سے کیا تھا، دیکھتے ہوئے، قیاس میں بھی نہیں آسکتا کہ بنی ہاشم کوفہ آگئے ہوں۔ کوفی پہلے تو حضرت امام حسین رضؓ کے طرفدار تھے اور انہوں نے امام کو کوفہ بلایا تھا۔ لیکن جب یزید کے گورنر عبداللہ بن زیاد نے سیم و زر کی تھیلیاں پیش کیں اور ڈرایا دھمکایا تو انہوں نے حضرت مسلم رضؓ کو جو امام حسین رضؓ کے سفیر تھے شہید کر دیا اور بعد میں انہی لوگوں نے حضرت امام حسین رضؓ کو بھی شہید کیا۔

اب رہا حجاج کا اہل کوفہ پر ظلم کرنا۔ حجاج ابن زبیر کے معاملہ سے فارغ ہو کر کوفہ آیا۔ یہاں اس نے ان عجمی کوفیوں سے جو قاتلان حسین تھے بدلہ لینا شروع کیا جو مختار ثقفی کے ساتھ مل گئے تھے اور یہی وہ وقت ہے کہ جان بچانے کے لئے یہ قاتلان حسین کوفہ سے بھاگ کر ہندوستان میں پناہ گزین ہوئے۔ اور جب دکن میں اسلامی سلطنتیں قائم ہوئیں تو جھوٹے نسب نامے[1] تیار کر کے ان حکومتوں میں بڑے بڑے عہدے حاصل کئے[2]

اس پس منظر کو دیکھنے کے بعد کہ کوفہ سے بھاگ کر آنے والے کون تھے، دیکھنا یہ ہے کہ ارکاٹ کی نوابی قائم ہونے کے بعد ہندوستان کی سیاسی حالت پر اس کا اثر کیا پڑا۔ یہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ ارکاٹ کا پہلا ناظم نواب محمد سعید عرف

---

[1] ولکس لکھتا ہے کہ مسلمانوں میں جب امارت آتی ہے تو نسب نامے تیار کر لئے جاتے ہیں۔

[2] اسی حسب و نسب کی بنا پر دکن کے قدیم اُمرا جو دلی سے آئے ہوئے تھے، ان میں اور ان کوفیوں میں لڑائیاں چھڑ گئیں۔ اور بہمنی سلطنت کا خاتمہ ہو گیا۔ اور بعد میں دکن کی دوسری سلطنتیں بھی اسی حسب و نسب کا شکار ہو گئیں۔

Marfat.com

سعادت اللہ خاں ہوا۔ ۱۷۳۲ء میں اس کے انتقال کے بعد دوست علی خاں اس کا جانشین ہوا۔ یہ مرہٹوں سے جنگ میں مارا گیا۔ اور اس کا بیٹا صفدر علی نواب بنا۔ صفدر علی کو خود اس کی بہن نے ویلور میں زہر دے کر ہلاک کر ڈالا۔ وہ اپنے شوہر مرتضےٰ خاں کے لئے نوابی حاصل کرنا چاہتی تھی۔

صفدر علی کے انتقال پر ارکاٹ میں اہل نوایط نے اس کے چھوٹے لڑکے محمد سعید کو نوابی کے لئے منتخب کیا تو ویلور والوں نے مرتضیٰ خاں کو چنا۔ ویلور اور ارکاٹ میں رقابت بڑھنے لگی۔ اس موقع پر نظام الملک آصف جاہ اوّل نے حیدر آباد سے ارکاٹ آکر محمد سعید کی نوابی کو منظور کر لیا۔ اور آیندہ جھوٹے دعویدارانِ نوابی کا سدباب کرنے کے لئے حکم دیا کہ ہر اس شخص کو جو نواب کہلائے سر دربار لاکر پیٹا جائے لہ

نظام الملک واپس جاتے ہوئے خواجہ عبد اللہ کو ارکاٹ کا عارضی نواب مقرر کرتا گیا کہ محمد سعید کے بالغ ہونے تک حکومت کرے لیکن خواجہ عبد اللہ حیدر آباد جاکر واپس نہ آیا۔ وہاں اس کا انتقال ہو گیا۔ خواجہ عبد اللہ کے عوض نظام الملک نے انوار الدین کو عارضی نواب مقرر کیا۔ اس نے محمد سعید کو ۱۷۴۲ء میں زہر دے کر ختم کر دیا۔

ولکس لکھتا ہے:-

"خود اہلِ نوایط انوار الدین کو ملزم نہیں گردانتے بلکہ وہ اس کا الزام محمد حسین خاں طاہر اور غلام حسین خاں پر لگاتے ہیں جو اہل نوایط سے ہی ہیں۔"

لہ تاریخ میسور از کرنل ولکس لہ ولکس لکھتا ہے:- "ملک کی حالت اس قدر خراب تھی کہ ہر وہ شخص جس کے قبضہ میں مٹی کا بنا ہوا چھوٹے سے چھوٹا قلعہ بھی تھا، نواب کہلاتا تھا۔"

Marfat.com

لیکن عام طور پر جو روایت مشہور ہے وہ یہی ہے کہ محمد سعید کے قتل کے معاملہ میں اس کے ماموں مرتضیٰ خاں (ویلور) اور انوار الدین کا ہاتھ تھا۔ اول الذکر خیال کرتا تھا کہ محمد سعید کے مرجانے پر نوابی اس کو مل جائے گی اور آخر الذکر اپنے لئے چاہتا تھا۔ آخر انوار الدین کامیاب ہوگیا۔ نظام الملک جو اہل نوایط کی سازشوں سے تنگ تھا، اس نے انوار الدین کو مستقل نواب بنا دیا۔ اس طرح اہل نوایط کی حکومت کا ۴۳ سال بعد یعنے ۱۷۴۳ء میں خاتمہ ہوگیا۔

خاندان انوری اور اہلِ نوائط

انوار الدین ۱۷۴۳ء میں مسند نشین ہوا۔ یہ وہ زمانہ ہے کہ ساحل کورومنڈل پر جو ارکاٹ کے ماتحت تھا، فرانسیسی اور انگریزی قومیں پانڈیچری اور مدراس میں عرصہ سے تجارت کر رہی تھیں۔ ان دونوں میں تجارتی رقابت تھی اور اس کی وجہ سے ان میں جنگیں بھی ہوتی رہتی تھیں۔ ان دونوں قوموں نے انوار الدین کی دوستی حاصل کرنے کی کوشش کی۔ اس کوشش میں انگریز کامیاب ہوگئے۔ ڈوپلے نے جو پانڈیچری کا گورنر تھا، انوار الدین کو غیر جانب دار رہنے کے لئے لکھا، لیکن انوار الدین نے اس نصیحت کی کوئی پروا نہیں کی بلکہ فرانس والوں کے خلاف انگریزوں کی فوجی مدد کی[1]۔ اس کارروائی سے فرانس والے اس کے خلاف ہوگئے۔ اور انھوں نے اہل نوائط کے معزول خاندان کی حمایت شروع کردی۔ اس خاندان میں چندا صاحب نوابی کا دعوے دار تھا۔ چندا صاحب ارکاٹ کے دوسرے نایطہ نواب دوست علی کا داماد تھا۔

---

[1] تحفۃ الاخبار

Marfat.com

۱۷۴۳ء سے ۱۷۴۸ء تک فرانس والے اور چندا صاحب سازشوں میں مصروف تھے۔ آصف جاہ نظام الملک اوّل کے خوف سے کوئی کھلی کارروائی نہ ہوسکی۔ ۱۷۴۸ء میں جب نظام الملک کا انتقال ہوگیا تو اس کے دو بیٹوں یعنے ناصر جنگ اور مظفر جنگ میں لڑائیاں ہونے لگیں۔ انوارالدین نے ناصر جنگ کا ساتھ دیا۔ یہ دیکھ کر چندا صاحب مظفر جنگ سے مل گیا۔ اور ان دونوں نے مل کر ارکاٹ پر چڑھائی کی۔ ۱۷۴۹ء میں آمبور کی جنگ میں انوارالدین مارا گیا اور اس کا بیٹا محمد علی ترچناپلی کو فرار ہوا اور یہاں سے ناصر جنگ کو حالات سے اطلاع دی۔ ناصر جنگ خود جنوب میں آگیا۔ مظفر جنگ نے ہتھیار ڈال دیئے اور قید کرلیا گیا۔ چندا صاحب پانڈیچری کو بھاگ گیا۔ بظاہر تمام حالات یکسو ہوگئے۔ ناصر جنگ نے ارکاٹ کی نوابی محمد علی کو دی اور حیدرآباد واپس ہوا۔ اس واپسی کے وقت راستہ میں کرنول کے نواب ہمت بہادر خاں نے اس کو شہید کردیا۔

ناصر جنگ کے شہید ہوتے ہی مظفر جنگ آزاد ہوگیا۔ اب چندا صاحب کی بن آئی اس نے پانڈیچری سے نکل کر ترچناپلی کا محاصرہ کرلیا۔ محمد علی نے یہ دیکھ کر انگریزوں سے مدد مانگی۔ انھوں نے مدراس سے میجر لارنس کو ترچناپلی روانہ کیا اور کلایو نے ارکاٹ کا محاصرہ کرلیا۔ بہت ممکن تھا کہ مظفر جنگ چندا صاحب کی مدد کو آتا لیکن حیدرآباد جاتے ہوئے راستہ میں یہ بھی قتل ہوچکا تھا۔ اس کے بعد اس کے دوسرے بھائیوں میں حیدرآباد میں لڑائیاں شروع ہوگئیں۔

چندا صاحب کو ترچناپلی کے محاصرہ میں کامیابی نہیں ہوئی۔ محاصرہ نے جب طول کھینچا تو خود اس کی فوج نے اس کا ساتھ چھوڑ دیا اور یہ بعد میں قتل بھی کردیا گیا۔ اب صرف اس کا

لہ اس مضمون میں جتنے واقعات بھی لکھے گئے ہیں وہ عام درسی تاریخوں میں بھی ملتے ہیں۔

Marfat.com

ایک کم سن بیٹا علی رضا تھا جو پانڈیچری میں مقیم تھا۔ اگرچہ فرانس والوں نے اس کے لئے بہت کچھ کوشش کی اور ان میں اور انگریزوں میں لڑائیاں بھی ہوئیں مگر فرانس والے کامیاب نہ ہو سکے یہاں تک کہ ۱۷۶۱ء میں انگریزوں نے پانڈی چری پر قبضہ کر لیا اور فرانسیسی اقتدار بالکل ختم ہو گیا۔ اور اس اقتدار کے ختم ہوتے ہی اہل نوایط کی اُمیدوں پر بھی پانی پھر گیا۔

۱۷۶۱ء وہ سال ہے کہ اگر ایک جانب فرانسیسی اقتدار کا خاتمہ ہو گیا تو دوسری جانب میسور میں ایک نئی طاقت کا آغاز ہُوا، جو نواب حیدر علی کی تھی۔ فرانس والے حیدر علی سے اچھی طرح واقف تھے۔ حیدر علی اور فرانس والوں کی دوستی دس سال پہلے سے تھی[1]۔ بہر طور حیدر علی کی حکومت قائم ہوتے ہی اہل نوایط پانڈیچری۔ ویلور۔ ارکاٹ وغیرہ سے نکل کر میسور آنا شروع ہوئے۔ اور ان اہل نوایط میں علی رضا بھی تھا

---

[1] حیدر علی کا سوانح نویس فرانسیسی جنرل ایم۔ ایم۔ ڈی۔ ایل۔ ٹی لکھتا ہے:-

"ناصر جنگ جب جنوبی ہند میں آیا تو اس نے اپنے ماتحت زمینداروں اور جاگیرداروں کو فوج کے ساتھ ارکاٹ میں حاضر ہونے کا حکم دیا۔ حیدر علی کے والد فتح محمد نے جو دیوان ہلی کے جاگیردار تھے اپنی فوج اپنے بیٹے حیدر علی کے ماتحت بھیجی۔ حیدر علی نے یہاں آنے کے بعد فرانسیسیوں سے دوستی کی اور پانڈیچری بھی گئے۔ انہوں نے فنون جنگ فرانس والوں سے سیکھے"

اس روایت کے خلاف انگریزی مورخوں نے لکھا ہے کہ حیدر علی میسور کے راجہ کی فوج کے ساتھ تھے۔ لیکن انہیں اقرار ہے کہ حیدر علی نے فرانس والوں سے دوستی کی اور پانڈیچری بھی گئے تھے۔

Marfat.com

جو چندا صاحب کا بیٹا اور ارکاٹ کی نوابی کا دعوے دار تھا۔ ممکن ہے کہ فرانس والوں نے علی رضا اور اہل نوایط کو میسور جانے کو کہا ہو یا وہ خود بخود یہاں آئے ہوں اور اس کا بھی امکان ہے کہ فرنچ گورنر نے حیدر علی کو لکھا ہو کہ کرناٹک فتح کرنے کے بعد ارکاٹ کی نوابی اہل نوایط کو دی جائے۔

حیدر علی کا آغاز نہایت شاندار تھا۔ تین سال کے اندر اندر انہوں نے پورا میسور علاقہ سرا۔ بدنور کی قدیم راجدھانی۔ کنارا اور ملیبار فتح کر لیا۔ شہنشاہ ہند نے انہیں سرا کی صوبہ داری بھی دے دی۔ حیدر علی کی ان کامیابیوں سے محمد علی نے جو ارکاٹ کا نواب تھا، خطرہ محسوس کیا۔ اس کو یہ خطرہ میسور میں علی رضا اور فرانسیسیوں کی موجودگی سے پیدا ہوا جو اس کے اور اس کے خاندان کے قدیم دشمن تھے[1]۔ اس وقت حیدر علی کی فوج میں بہت سے فرانسیسی افسر موجود تھے جو پانڈیچری سے آ کر ملازم ہوئے تھے۔ ایک فرانسیسی جنرل بُسی تھا جس کو حیدر علی نے دس ہزاری کا خطاب دیا تھا۔ ان کی سوار فوج میں کئی فرانسیسی دستے تھے۔ محمد علی کے ساتھ انگریزوں نے بھی اس خطرہ کو محسوس کیا۔ اور محمد علی کی حمایت کرتے ہوئے حیدر علی سے جنگ شروع کر دی جس کو تاریخ میں میسور کی پہلی جنگ کا نام دیا گیا ہے۔ اگرچہ اس جنگ میں نظام علی خاں (حیدر آباد) نے

---

[1] نشان حیدری میں لکھا ہے کہ ارکاٹ کے نواب محمد علی کو حیدر علی سے سخت دشمنی تھی، مگر اس کی اصلی وجہ بتائی نہیں گئی ہے۔ علی رضا کی سرنگاپٹم میں موجودگی اور حیدر علی کی پشت پناہی کو دیکھا جائے تو اس دشمنی کی وجہ سمجھ میں آ جاتی ہے۔ علی رضا سرنگاپٹم میں ۱۷۶۲ء میں آیا یعنے حیدر علی کی سلطنت کے قائم ہوتے ہی علی رضا سرنگاپٹم آ گیا۔

Marfat.com

پہلے حیدر علی کا ساتھ دیا مگر بعد میں غداری کرتے ہوئے انگریزوں سے مل گیا۔

اس دو سالہ جنگ میں حیدر علی نے انگریزوں کو پے در پے شکستیں دیں اور مدراس کا محاصرہ کر لیا۔ انگریزوں نے عاجز ہو کر صلح کر لی۔ اس صلح کا نام صلح نامہ مدراس ۱۷۶۹ء ہے۔

حیدر علی کی کامیابی اہل نوایط کی کامیابی تھی۔ حیدر علی کی یہ فتح گویا فرانسیسی ڈپلومیسی کی فتح تھی۔ حیدر علی کی اس فتح کے بعد ارکاٹ کی نوایط نوابی کے باقی خاندان بھی میسور میں آ گئے۔ ان آنے والوں میں بدر الزمان خاں نائطہ محمد مہدی بھکری اور غلام علی بھکری کے خاندان بھی تھے جن کو ارکاٹ کی نائطہ نوابی سے گہرا تعلق تھا اور یہ علی رضا کے قریبی رشتہ داروں میں بھی تھے۔ ان کے ساتھ لنگڑا غلام علی اور میر صادق بھی ارکاٹ سے آئے۔ یہ اگرچہ اہل نوایط سے نہیں تھے مگر ارکاٹ کی نوایط نوابی سے انہیں گہرا تعلق تھا اور یہ بڑے عہدوں پر تھے۔

ان آنے والوں کی خاندانی حیثیت اور انتظامی قابلیت کو دیکھ کر حیدر علی نے انہیں اپنی سلطنت میں بڑے بڑے عہدے دیئے اور وزارت بھی انہیں کے ہاتھوں میں دے دی۔ جب ان اہل نوایط کے قدم مضبوطی سے سلطنت حیدری میں جم گئے تو اب انہوں نے اپنی جبلی فطرت سے مجبور ہو کر ان لوگوں کے خلاف سازشیں شروع کیں جو اہل نوایط سے نہیں تھے۔ مگر حیدر علی کے قوت بازو تھے۔ ان کا پہلا وار نواب فضل اللہ خاں ہیبت جنگ پر پڑا جو سرا کے قدیم نوابی خاندان سے تھے۔

دلکس اپنی تاریخ میں لکھتا ہے:۔

"فضل اللہ خاں ہیبت جنگ دلی کے ایک قدیم خاندان سے تھے۔ سرا کی نوابی اسی خاندان میں تھی یہ سرا کے آخری نواب دلاور خاں کے داماد

Marfat.com

تھے۔ مرہٹوں نے جب سرا پر قبضہ کیا تو دلاور خاں کو ایک چھوٹی سی جاگیر دے کر علیحدہ کر دیا۔ فضل اللہ خاں اسی جاگیر میں ایک مختصر سی فوج کے ساتھ رہتے تھے۔ انہوں نے حیدر علی کا اُس نازک وقت پر ساتھ دیا، جبکہ وہ اپنی جان بچا کر سرنگاپٹم سے بنگلور بھاگ گئے تھے[1] اور میسور کے

---

[1] حیدر علی میسور کے راجہ کی فوج میں سپہ سالار اعلیٰ تھے۔ ان کی یہ ترقی برہمن کھنڈے راؤ کو پسند نہیں تھی۔ اس نے راجہ اور رانیوں کو ورغلایا کہ حیدر علی فوج میں نہایت ہر دل عزیز ہیں اور یقیناً وہ راج پر قبضہ کر لیں گے اور میسور پر مسلمانوں کی حکومت قائم ہو جائے گی۔ حیدر علی کو گرفتار کرنے اور انہیں جان سے مارنے کی تیاریاں اور سازشیں ہونے لگیں، مرہٹوں کو بھی کمک کے لئے بلایا گیا۔ حیدر علی کو ان سازشوں کا حال معلوم ہو گیا۔ وہ سرنگاپٹم سے رات کے اندھیرے میں فرار ہوئے اور بنگلور پہنچ گئے۔ راجہ کی فوج اور مرہٹے ان کے تعاقب میں تھے۔ بنگلور پہنچنے کے بعد جس شخص نے انہیں مدد دی اور جس کی وجہ سے انہیں راجہ کی فوج اور مرہٹوں پر فتح ہوئی وہ فضل اللہ خاں تھے۔ حیدر علی کا فرانسیسی سوانح نویس (ایم۔ ڈی۔ ایل۔ ٹی) لکھتا ہے:۔

> "مقابلہ سے پہلے کھنڈے راؤ کی فوج میں سازش پھیل گئی۔ یہ سازش میسور کی ایک اور رانی دیوائی نے کی تھی جو حیدر علی کی طرف دار تھی، اور اس سے حیدر علی کے تعلقات تھے جس کی وجہ سے وہ بدنام بھی تھی۔"

بہر طور اس لڑائی کے بعد سرنگاپٹم پر حیدر علی کا قبضہ ہو گیا اور حیدر علی کی سلطنت کی بنیاد پڑی۔ میسور کی پہلی جنگ میں بھی جو انگریزوں اور محمد علی سے ہوئی فضل اللہ خاں نے نمایاں حصہ لیا تھا۔

Marfat.com

راجہ کی فوج اور مرہٹے ان کے تعاقب میں تھے۔ ایسے وقت جبکہ دوست بھی دشمن بن جاتے ہیں۔ فضل اللہ خاں نے حیدر علی کا ساتھ دیا۔ حیدر علی کی عظمت و شہرت بلند کرنے میں کسی شخص نے اتنا حصہ نہیں لیا تھا۔ حیدر علی کو ان کا بہت پاس و لحاظ تھا۔ خود اہل نوایط، جو فضل اللہ خاں کے حریف تھے بلکہ اندرونی طور پر اس سے بڑھ کر خود حیدر علی کے دشمن تھے[1] کہتے ہیں کہ ہیبت جنگ، حیدر علی کے افسروں میں پہلے افسر کا درجہ رکھتے تھے[2] دربار ہو یا کوئی اور جگہ یہ حیدر علی کے ساتھ اُسی مسند پر بیٹھتے تھے اور ان کے پیچھے دائیں بائیں مورچھل لئے کھڑے رہتے تھے، جو شاہی کا نشان ہے"[3]

---

[1] کرنل ولکس نے یہاں یہ جملہ بے معنی یا سرسری طور پر نہیں لکھا ہے۔ وہ اہل نوایط کی سرشت اور سازشوں سے واقف تھا۔ سلطان کی شہادت کے بعد یہ میسور کی نئی ریاست کا رزیڈنٹ بنا۔ اس کو ولزلی نے رزیڈنٹ اس لئے بنایا کہ میسوری معاملات کا ماہر تھا۔ وہ ان تمام سازشوں سے واقف تھا جو اہل نوائط نے حیدر علی اور ٹیپو سلطان کے خلاف کی تھیں۔ اس جملہ سے پایا جاتا ہے کہ اہل نوائط نے حیدر علی کے خلاف بھی سازشیں کی تھیں جو کامیاب نہیں ہوئیں بلکہ یہ کامیابی ٹیپو سلطان کے زمانہ میں ہوئی۔

[2] حیدر علی نے جب بدنور پر چڑھائی کی تو سلطنت کا کاروبار فضل اللہ خاں کے سپرد کیا تھا۔ [3] ولکس اپنی تاریخ کے صفحہ ۲۶۰ پر لکھتا ہے کہ فضل اللہ خاں جب حیدر علی کی ملازمت میں داخل ہوئے تو منجملہ اور شرائط کے مورچھل اور مسند پر ساتھ بیٹھنے کی شرطیں بھی کی تھیں۔

Marfat.com

یہ خدا کا بندہ یعنے فضل اللہ خاں بھی وفاداری اور راسخ الاعتقادی میں ویسا ہی تھا۔ وہ اس عظمت سے مغرور اور سرکش نہیں ہوگیا۔ اس نے اپنے آپ کو ہمیشہ حیدر علی کا ارادت سرشت ہی لکھا۔ بہرطور حیدر علی کے عروج کے ساتھ فضل اللہ خاں کے اعزاز و مراتب بھی ترقی کرتے رہے کہ :۔

"اسی زمانہ میں اہل نوائط کا میسور میں ورود ہوتا ہے۔ یہ لوگ پائین گھاٹ (دیلور۔ ارکاٹ۔ ترپاتور۔ پانڈیچری وغیرہ) سے علاقہ میسور میں آتے ہیں اور حیدر علی کے دربار میں داخل ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کو اپنے حسب و نسب پر بڑا زعم تھا[1]۔ اس لئے ہیبت جنگ کے اعزاز ان کی نظروں میں کھٹکنے لگے۔ پہلے شکایت ہائے رنگین سے ابتدا ہوئی اور چندا صاحب کے فرزند (علی رضا جو ملازمت میں داخل تھا) سے حسب و نسب میں مقابلہ کیا جانے لگا۔ پھر حیدر علی خاں کو مجبور کیا گیا کہ نئے تعلقات (شاہی) سے

---

[1] ولکس نے یہ جملہ بھی بے معنی نہیں لکھا ہے۔ اگرچہ یہ سچ ہے کہ اہل نوائط کو حسب و نسب پر زعم ہے اور اسی بنا پر دکن کی سلطنتیں تباہ ہوئیں مگر یہاں خاص طور پر اس واقعہ کی جانب اشارہ ہے جو بعد میں ٹیپو سلطان کے زمانہ میں ہوا۔ یعنے ٹیپو سلطان نے اپنے نسبتی برادر برہان الدین کی بدر الزمان کی بیٹی سے شادی کرنی چاہی۔ اہل نوائط نے حسب و نسب کی بنا پر اس کو اپنی توہین خیال کرتے ہوئے لڑکی کو کنوئیں میں گرا کر مار دیا۔ اور مشہور کر دیا کہ لڑکی کنوئیں میں اتفاقاً گر گئی۔ اس کے بعد تمام اہل نوائط سلطان کے دشمن بن گئے۔ اس کے علاوہ خاص طور پر علی رضا کا نام آنا بھی بے معنی نہیں جس کی تشریح آئندہ صفحات میں ملے گی۔

Marfat.com

قائم ہونے کے بعد، دربار کے مراتب پر نظر ثانی ہونی چاہیئے۔ جو خود نواب کے بھی شایانِ شان ہو۔ حیدر علی بذاتِ خود اس طبیعت کے آدمی نہیں تھے۔ لیکن سیاسی مصلحتوں کی بنا پر انہیں مجبوراً فضل اللہ خاں کے پاس پیغام بھیجنا پڑا کہ وہ آئندہ سے اپنے مخصوص امتیاز سے دستبردار ہو جائیں"۔

اس کے جواب میں ہیبت جنگ نے حیدر علی کو لکھا۔ کہ:۔

مورچھل کی وقعت ایک بے معنی مشت پر سے زیادہ نہیں لیکن یہ ہمیشہ سے میرے سر کے ساتھ وابستہ رہے ہیں۔ اس لئے وہ جدا نہیں ہو سکتے۔ جو ان کو جدا کرے وہ سر کو بھی جدا کرے۔ جوانی کی ترنگ میں میں نے مسند کے تکیہ اور پہلو کی شرط کی تھی[1] اور اس امتیاز کو میں نے کبھی ذلیل نہیں ہونے دیا۔ اس ایک امتیاز سے مجھے محروم کرنے کی بجائے زیادہ قرین فیاضی تو یہ تھا کہ میری عمر اور کمزوری کا لحاظ کرتے ہوئے اس میں ایک اور کا اضافہ کیا جاتا۔ اس حکم کی تعمیل کا آسان ترین طریقہ بس ایک ہی ہے اور وہ یہ ہے کہ میں پھر اس دربار میں قدم نہ رکھوں۔

اس کے بعد ولکس پھر لکھتا ہے کہ:۔

اہل نوائط نے صرف اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ حیدر علی کو اُبھارا کہ ان رقوم کا مطالبہ کرے جو انہوں نے جمع کر رکھی ہیں۔ ان کا پیچھا اس وقت چھوڑا گیا جب خود اہل نوائط کو اطمینان ہو گیا کہ انہوں نے کچھ چھپایا نہیں اور

---

[1] ولکس اپنی تاریخ کے صفحہ ۲۶۰ پر لکھتا ہے کہ فضل اللہ خاں جب حیدر علی کی ملازمت میں داخل ہوتے تھے تو منجملہ اور شرائط کے مورچھل اور مسند پر ساتھ بیٹھنے کی شرطیں بھی کی تھیں۔

کچھ بچا نہیں رکھا ہے"۔[1]

(ولکس صفحہ ۳۸۶)

فضل اللہ خاں کے واقعہ سے معلوم ہو گا کہ اہل نوایط نے کس طرح حیدر علی کو اپنی گرفت میں لے لیا تھا کہ فضل اللہ خاں جیسے شخص کو بھی جوان کا قوت بازو تھا انہوں نے یعنے حیدر علی نے علیحدہ کر دیا۔ اس واقعہ کے تین سال بعد حیدعلی کی انگریزوں

---

[1] اس مذکورہ بالا واقعہ سے معلوم ہو گا کہ اہل نوایط نے نواب حیدر علی جیسے ہوشیار شخص کو بھی اپنے جال میں کس طرح پھانس لیا تھا۔ کچھ عجب نہیں تھا کہ یہ نوزائیدہ سلطنت بھی ان نوایط کے ہاتھوں اسی وقت فنا ہو جاتی۔ اگر فضل اللہ خاں صبر و تحمل سے کام نہ لیتے۔ ورنہ فوج میں ان کی ہردلعزیزی اور اثر و اقتدار کو دیکھتے ہوئے، اگر وہ ذرا بھی حرکت کرتے تو دکن کی مانند سرنگاپٹم کی گلیاں بھی خون میں نہانے لگتیں۔ فضل اللہ خاں نے جس صبر و تحمل سے کام لیا۔ ولکس اس کے متعلق لکھتا ہے۔

"فضل اللہ خاں، ہیبت جنگ ہمیشہ قلعہ سے باہر میدان میں ایک خیمہ میں رہا کرتے تھے۔ گو ان کا ایک مکان قلعہ میں بھی تھا۔ لیکن اس حکم کے بعد وہ کبھی اس مکان میں نہیں گئے۔ اور جو کچھ اثاثہ یعنے کمپ کا سامان ان کے پاس تھا۔ وہ بیچ کر کھاتے رہے۔ اور یہیں ان کو ان کی وصیت کے مطابق دفن بھی کیا گیا۔ ان کے اہل خاندان کے احساس احترام نے ایک چھوٹا سا مقبرہ بھی یہاں تعمیر کروا دیا تھا۔"

ولکس صفحہ ۳۸۷

مقبرہ تو شکست و ریخت کی نذر ہو گیا۔ لیکن ایک بڑے چبوترہ پر اب بھی یہ مزار اس میدان میں کس مپرسی کی حالت میں باقی ہے۔ یہ مزار اس عیدگاہ کے بالکل قریب ہے، جو انگریزوں نے سرنگاپٹم پر قبضہ کرنے کے بعد اپنی فوج کے مسلمانوں کے لئے تعمیر کیا تھا۔ محمود

139104

سے دوسری جنگ شروع ہوئی۔ اس جنگ میں بھی حیدر علی کامیاب ہوئے لیکن دو سال بعد میدان جنگ میں ان کا انتقال ہوگیا۔ اور ٹیپو سلطان سریر آرائے سلطنت ہوا۔ اور اس نے بھی اپنے باپ کی بنائی ہوئی وزارت کو بحال رکھا۔ (یا وہ مجبور تھا کہ اس وزارت کو بحال رکھے اِس لئے کہ ان اہل نوایط کی حکومت پر گرفت نہایت سخت تھی جیسا کہ حیدر علی اور فضل اللہ خاں کے واقعہ سے ظاہر ہے)۔

تخت نشینی کے بعد سلطان نے بھی اس جنگ کو جاری رکھا جو حیدر علی نے شروع کی تھی انگریزوں کو بڑی شکستیں دیں اور منگلور کا صلح نامہ ہوا۔

اس صلح نامہ کے بعد انگریز اپنی شکستوں کا انتقام لینے کے لئے تڑپنے لگے۔ انہیں نظر آنے لگا کہ جب تک ٹیپو سلطان اور اُس کی سلطنت باقی ہے، وہ ہندوستان پر قبضہ نہیں کر سکتے۔

اس وقت پٹ (PiTT) انگلستان کا وزیر اعظم تھا۔ وہ انگلستان کی سلطنت کو وسیع کرنے کے خیال میں تھا۔ انگریز امریکہ میں اپنے مقبوضات کھو چکے تھے۔ کارنوالس امریکہ کا گورنر جنرل تھا۔ اس کے انگلستان واپس آنے پر پٹ نے اس کو ہندوستان کی گورنر جنرلی اس شرط پر دی کہ امریکہ میں جو نقصانات ہوئے ہیں ان کی تلافی ہندوستان میں کرے[1] اور سلطان سے انتقام لے۔

اسی زمانہ میں جب کارنوالس ہندوستان آرہا تھا تو سلطان نے ترکی اور فرانس سے معاہدہ کرنے کے لئے لنگڑے غلام علی کو قسطنطنیہ بھیجا۔ یہ سفارت ترکی پہنچی مگر اس وقت ترکی کی اندرونی حالت نہایت ابتر تھی۔ فرانس کے خوف سے انگریز، ترکی کو اپنا حلیف

---

[1] رائیز آف دی کرسچین پاور ان انڈیا۔ باب کارنوالس۔

Marfat.com

بنانے کی کوشش کر رہے تھے۔ ترکی کا وزیر اعظم اور دوسرے وزیر انگریزوں کے ہاتھوں میں کھلونے بنے ہوئے تھے۔" انہوں نے نو مہینے تک سلطانی دفد کو باب عالی میں باریابی کی اجازت نہیں دی۔[۱] اس کے بعد جب اجازت ملی تو سلطان سلیم نے ایک معمولی دوستی کا خط لکھ دیا اور ٹیپو سلطان کی تجویزوں پر غور نہیں کیا۔ بلکہ انہیں مسترد کر دیا گیا۔[۲]

لنگڑا امیر غلام علی نو ماہ تک قسطنطنیہ میں رہا۔ ترکی وزیر اعظم کے ذریعہ انگریزی سفیر مقیم ترکی نے اس کو پھانس لیا۔ اس لنگڑے نے وہ تمام تجویزیں بھی انگریزی سفیر کو بتا دیں جو سلطان نے فرانس کو لکھی تھیں۔ اور ہندوستان کو واپس آ گیا۔

انگریز اب سلطان کے ارادوں اور تجویزوں سے واقف ہو چکے تھے اس لئے انھوں نے ترکی کے علاوہ عرب و ایران میں بھی اس کے خلاف پروپاگنڈہ

لہ تاریخ میسور از ولکس

۲ہ سلطان نے انگریزوں کو ہندوستان سے نکالنے کے سلسلے میں ترکی کے سلطان کو لکھا تھا کہ (۱) وہ انگریزوں سے جہاد میں مصروف ہے اور اس کے لئے آپ کی تائید چاہیئے (۲) بصرہ کا بندرگاہ سلطنت خداداد کو دیا جائے کہ سلطنت خداداد اپنے جہازوں کو وہاں رکھ کر ہندوستان کے ساحلوں کی حفاظت کرے (۳) بصرہ کے عوض سلطنت خداداد کا کوئی بندرگاہ ترکی کو دیا جائے گا۔ (۴) ترکی سلطنت جس قدر فوج بھیجے گی اس کے اخراجات سلطنت خداداد برداشت کرے گی (۵) سلطنت خداداد میں توپیں اور بندوقیں نہایت عمدہ تیار ہوتی ہیں۔ ترکی سلطنت کو اگر ضرورت ہو تو توپ و بندوق ساز وہاں بھیجے جا سکتے ہیں۔ (۶) نجف اشرف میں پانی کی قلت ہے اس لئے دریائے فرات سے ایک نہر نکالنے کی اجازت دی جائے۔

Marfat.com

شروع کر دیا۔ شریف مکہ انگریزوں سے مل گیا[1]۔ ان ممالک میں سلطان کو بدنام کرنے کے بعد ہندوستان میں بھی اس کو بدنام کیا جانے لگا۔ کیپٹن لٹل اپنے سفرنامہ میں لکھتا ہے:-

"گذشتہ چند سالوں سے انگریزی زبان کے ان تمام الفاظ کو ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر نکالا جا رہا ہے۔ جن سے ٹیپو کو بدنام کیا جا سکے۔ لغات میں ذلیل سے ذلیل الفاظ سلطان کی مذمت میں تلاش کر کے نکالے جاتے ہیں۔ باوجود اس کے بہت سے لوگوں کو رنج ہے کہ زبان میں اس قدر وسعت نہیں کہ ٹیپو سلطان کو دل بھر کو گالیاں دی جائیں۔ اس لئے وہ نئے اصطلاحات وضع کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔"

کارنوالس ہندوستان پہنچا۔ اور جنگی تیاریاں شروع کر دیں۔ ان تیاریوں کے بعد اس نے ٹراونکور کا بہانہ[2] کر کے جنرل میڈوز کو جو مدراس کا گورنر تھا، سلطنت خداداد

---

[1] بلکہ صحیح تو یہ ہے کہ وہ پہلے ہی سے انگریزوں سے ملا ہوا تھا۔ ترکی سلطنت سے آزاد ہونے اور اپنی ایک آزاد سلطنت قائم کرنے کے لئے مکہ کے شریف زمانہ دراز سے کوشش کر رہے تھے اور انگریزوں سے مل کر سازشیں کر رہے تھے۔ انگریز اگر ایک طرف فرانس کے خوف سے ترکی سے ملے ہوئے تھے تو دوسری طرف ترکی سلطنت کو تباہ کرنے کے لئے شریف مکہ سے بھی سازشیں کر رہے تھے۔ مگر فرانس کی رقابت کی وجہ سے تقریباً دو صدی تک انہیں کامیابی نہیں ہوئی۔ پہلی جنگ عظیم ۱۹۱۴ء میں جب جرمنی کے خلاف فرانس والے انگریزوں سے مل گئے تو شریف مکہ کو انگریزوں نے کھلی مدد دی اور اس ہاشمی زادے نے ترکی سے بغاوت کر دی۔ [2] سٹوارٹ کی تقریر دیکھی جائے جو اسی کتاب میں پہلے دی گئی ہے۔

Marfat.com

پر حملہ کرنیکا حکم دیا۔ جنگ کی ابتدا میں مرہٹوں اور نظام سے کمک نہیں لی گئی۔ صرف انگریزی قوت کو کافی سمجھا گیا۔ مگر ایک سال کی جنگ کے بعد جب انگریز شکستیں اٹھا کر مدراس میں محصور ہو گئے تو کارنوالس خود مدراس آ گیا۔ وہ مرہٹوں اور نظام کو سازشوں کے ذریعہ اپنے ساتھ ملا چکا تھا۔ اس نے انہیں سلطنت خداداد کی شمالی سرحدوں پر حملے کرنے کا حکم دیا۔ ہندوستان کی اس وقت کی دو بڑی طاقتوں کے مل جانے کے بعد بھی کارنوالس کو یقین نہیں تھا کہ وہ کامیاب ہو سکے گا اس نے کرنل ریڈ کو سازشیں کرنے کے لئے مقرر کیا۔

ریڈ کی یہ سازشیں حد درجہ کامیاب ہوئیں۔ یہاں تک کہ دیون ہلی۔ تماسلے اور مشر جالپور اور کئی مقامات کے مسلمان انگریزوں کو نہ صرف خبریں پہنچانے لگے بلکہ انگریزی جاسوسوں کو بھی اپنے گھروں میں پناہ دی اور راستے بتائے[1] خود پایۂ تخت سے انگریزوں کو خبریں پہنچنے لگیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ سلطان کو اب ہر جگہ فتح کے عوض شکست ہونے لگی اور وہ پایہ تخت میں محصور ہو گیا اور مجبور ہو کر انگریزوں کی پیش کردہ شرائط پر صلح کر لی۔ اپنا نصف ملک اور تین کروڑ روپے انگریزوں کے حوالے کر دیئے کرمانی لکھتا ہے کہ "وزیر اعظم محمد جہدی مہکری نے غداری کرتے ہوئے گنجام کی چوکی پر انگریزوں کو قبضہ دے دیا جس کی وجہ سے سلطان نے مجبور ہو کر صلح کر لی"۔

خود انگریزوں کی لکھائی ہوئی تاریخ کا یہ چھوٹا سا جملہ اپنے اندر ایک بحر ذخار رکھتا ہے۔ یہ صرف محمد جہدی مہکری کی غداری نہیں تھی بلکہ اس پوری وزارت کی غداری تھی جس میں نوابط بھرے ہوئے تھے۔ چونکہ یہ اہل نوابط نہ صرف وزارت پر

---

[1] ولکس کی خفیہ رپورٹ جس میں ان لوگوں کو جاگیریں اور انعامات دینے کا ذکر ہے۔

Marfat.com

بلکہ سلطنت کے ہر چھوٹے بڑے محکمہ پر قابض تھے اس لئے سلطان کی نقل و حرکت کی اطلاع انگریزوں کو ان کے ذریعہ پہلے ہی مل جاتی تھی اور وہ مسلمان بھی جو اہل نوایط کے زیر اثر تھے۔ انگریزوں کو نہ صرف گھروں میں پناہ دیتے بلکہ راستے بھی بتاتے تھے۔

اہل نوائط کی یہ سازش اس قدر وسیع اور منظم تھی کہ سلطان کی وسیع سلطنت میں جو دہاڑواڑ سے ٹراونکور تک پھیلی ہوئی تھی۔ کہیں بھی سلطان کے وفاداروں یا ہوا خواہوں کو کچھ کرتے ہوئے نہیں بنی۔ آخر اہل نوایط نے یہ سازش کس لئے کی؟ یہ کرنل رڈ کی سیم و زر کی تھیلیاں نہیں تھیں۔ یہ ان کے پاس افراط سے تھیں۔ اس لئے کہ سلطنت خداداد کی وزارت پر ان کا قبضہ تھا۔ کارنوالس ان کی فطرت سے واقف تھا اور یہ بھی جانتا تھا کہ یہ لوگ صرف ارکاٹ کی نوابی کی ہوس میں فرانس والوں کے کہنے سے حیدر علی اور ٹیپو سلطان سے ملے ہوئے ہیں۔ اس کے لئے ممکن نہیں تھا کہ ارکاٹ کی نوابی کا وعدہ ان سے کرے۔ محمد علی جو ارکاٹ کا نواب تھا وہ انگریزوں کا گہرا دوست تھا اور اس کی مدد سے ہی انگریزوں کے قدم ہندوستان میں جمے تھے۔ اور یہ حیثیت صوبہ دار دکن نظام علی خاں، محمد علی کا سرپرست اور دوست تھا۔ اس لئے بہت زیادہ قرین قیاس یہ ہے کہ کارنوالس نے ٹیپو سلطان کو معزول کر کے میسور کی نوابی ان کو دینے کا وعدہ کیا ہو۔ اور اہل نوایط کو اس وعدہ کا یقین آگیا اس لئے کہ اب سلطان کے خلاف ہندوستان کی تین سب سے بڑی طاقتیں رزم آرا تھیں۔ ان کے مقابلہ میں سلطان کا کامیاب ہونا مشکل تھا۔

صلح کے بعد نظام۔ مرہٹے اور انگریز واپس چلے گئے۔ یہ وعدہ ایفا نہ ہو سکا۔ انگریزی مورخوں نے کارنوالس کو الزام دیا ہے کہ "جب سلطان اس کے قابو میں تھا تو اس نے سلطان کی حکومت کا خاتمہ کیوں نہیں کر دیا" یہ بے معنی یا بیجا

Marfat.com

الزام نہیں ہے۔ مگر کارنوالس کے سامنے یہ مشکل آگئی کہ :-

"اس وقت مرہٹے نہیں چاہتے تھے کہ ٹیپو سلطان کی حکومت کا کلیتہً خاتمہ ہو جائے" [1]

اس وقت مرہٹے آزاد اور زبردست طاقت کے مالک تھے۔ وہ صرف حلیف بن کر آئے تھے۔ اس لئے کارنوالس نے انہیں ناراض نہیں کرنا چاہا۔ بلکہ اس سے فائدہ اٹھایا۔ ہوئے بیک وقت میسور کی رانیوں سے ان کی قدیم حکومت واپس دینے اور مرہٹوں اور اہل نوائط سے میسور کی نوابی دینے کے علیحدہ علیحدہ اور خفیہ دعدے کئے تھے۔ ان دعدوں کو آئندہ پر ٹالنے کے لئے اس کو ایک بہانہ مل گیا اور وہ اہل نوائط سے آئندہ کا وعدہ کر کے واپس ہو گیا۔ اور یہ انگریز واپس جاتے ہوئے تمام ملک کو یہ یقین دلا کر گئے کہ وہ بہت جلد واپس آنے والے ہیں [2]

---

[1] رائیر آف دی کرچین یاوران انڈیا۔ دباب کارنوالس) اس تاریخ میں لکھا ہے کہ کارنوالس کو میسور کی رانیوں کی کوئی پروا نہیں تھی اور وہ انہیں حکومت واپس دینا نہیں چاہتا تھا۔ مرہٹوں کو بھی میسور کی ہندو حکومت سے ہمدردی نہیں تھی۔ مگر کارنوالس کا اپنا مطلب حاصل کرنے کے لئے بیک وقت دو مخالف پارٹیوں سے وعدہ کرنا تعجب انگیز نہیں ہے۔ انگریزوں کی شروع سے یہی پالیسی رہی ہے

[2] سفرنامہ کیپٹن لٹل یہ لکھتا ہے :-

"میسور کی تیسری جنگ میں جب سلطان سرنگاپٹم میں محصور تھا اور تمام ملک انگریزی قبضہ میں تھا۔ اس لئے اس کی رعایا کو اس سے منحرف کرنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آئی۔ سازشوں کا ایک وسیع جال (باقی صفحہ ۵۹)

Marfat.com

انگریز صلح کے بعد واپس چلے گئے۔ یہ سلطان کے لئے ایک صبر آزما وقت تھا؛ اس کی ساری عزت اور وقار خاک میں رل چکا تھا۔ رعایا میں اس کی کوئی وقعت نہیں تھی اس لئے کہ وہ ایک شکست خوردہ بادشاہ تھا؛ مگر اس نے ہمت نہیں ہاری۔ اب اس کی زندگی کا مقصد صرف یہ ہو گیا کہ وہ انگریزوں سے انتقام لے[1] اس نے اپنی شکستوں کے اسباب کی تحقیقات کے لئے ایک فوجی کمیشن مقرر کیا[2]۔ اگرچہ انگریزوں نے سیاسی مصلحتوں کی بنا پر ان تحقیقات کے نتائج نہیں دیئے ہیں۔ مگر نتیجہ نکالنا آسان ہے۔ اس کمیشن کی تحقیقات سے سلطان کو معلوم ہو گیا کہ ہر بڑے سے بڑا وزیر اور ہر چھوٹے سے چھوٹا افسر اس سازش میں شریک تھا۔ اس کا وفادار اور ساتھی کوئی نہیں[3]

(بقیہ نوٹ از صفحہ ۵۸) بچھا دیا گیا کہ آئندہ وقت آنے پر لوگ انگریزوں کے طرفدار بن جائیں۔ ہم نے اس وقت جو کچھ کیا اور آئندہ جو کچھ کرنے والے ہیں۔ اس کا اندازہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ٹیپو کی سلطنت پنپنے والی نہیں ہے"۔

[1] جان مل [2] منتخب مکاتیب سلطانی از کرک پیٹرک۔

[3] وہ تمام لوگ جو اس سلطنت کے بانی اور حیدر علی کے قوت بازو تھے جیسے نواب فضل اللہ خاں۔ مخدوم صاحب ابراہیم صاحب۔ ابراہیم صاحب۔ محمد علی وغیرہ، سب فوت ہو چکے تھے۔ اور ان کے بعد خاص اس کے (یعنی سلطان کے) بڑے بڑے سپہ سالار جیسے برہان الدین۔ جہاں نما خاں۔ خواجہ آفتاب خاں۔ محمد جہانگیر۔ شیخ میراں بھی اس جنگ میں شہید ہو چکے تھے۔ اور ارشد بیگ خاں بھی جو اس کا نہایت وفادار دوست اور ملیبار کا گورنر تھا، فوت ہو چکا تھا —— ان سپہ سالاروں اور ارشد بیگ کے مزارات گنبد کے چبوترہ پر جنوب مشرقی جانب ہیں۔ سلطان نے ان کی قدر کرتے ہوئے یہاں جگہ دی تھی۔

Marfat.com

تھا۔ ان حالات میں وہ کسی کو سزا نہیں دے سکتا تھا۔ اس لئے اس نے اس وقت صرف وہی کام کیا جو اس کے لئے ممکن تھا۔

"اس نے تمام مسلمان وزیروں اور افسروں کو مسجد اعلیٰ میں جمع کیا۔ اس نے کہا کہ سلطنت اس کی خاص نہیں بلکہ عوام کی ہے۔ اس سلطنت کی بقا خود مسلمانوں کی بقا ہے۔ اس سلطنت کی آزادی ہندوستانیوں کی آزادی ہے۔"

اس نے یہ بھی کہا:۔

"آؤ۔ جو کچھ نادانی سے ہوا اس پر پردہ ڈالدیں اور نئے سرے سے سلطنت کی ترقی کے لئے کوشش کریں۔ اس کے بعد اس نے ہر ایک کو اس عہد پہ حلف اُٹھانے کو کہا۔ ہر ایک نے حلف اُٹھایا۔"

مسجد اعلیٰ میں اس کارروائی کے بعد اس نے دریا دولت باغ میں اپنے تمام ہندو افسروں کو جمع کیا اور انہوں نے بھی دودھ اور چاول پر حلف اُٹھایا۔[1]

کرمانی لکھتا ہے کہ:۔

"حلف اُٹھانے کے بعد بھی ان سیاہ دلوں کے دل نہیں پھرے۔ ان کے دل سیاہ سے سیاہ تر ہو چکے تھے۔"

---

[1] کرنل کیمبل نے بھی میتھلک سوسائٹی جرنل ۱۹۱۶ء میں اس حلف کا ذکر کیا ہے، لیکن ولکس کی تنقید میں لکھا ہے کہ رشوت نہ لینے کے لئے حلف اُٹھایا گیا۔ مگر کمیشن کی تحقیقات کے بعد حلف اُٹھانے کی کارروائی بتاتی ہے کہ یہ حلف وفاداری کے متعلق تھا۔

Marfat.com

جب تمام حلف اُٹھا چکے تو سلطان نے سلطنت کے از سرِ نو انتظام کے لئے فرانس کی جمہوری وزارت کی طرز پر ایک نئی وزارت بنائی اور اپنے تمام اختیارات مجلسِ وزراء کے صدر (میر عمدور)[1] کو تفویض کر دیئے اور عوام کو بھی سلطنت کے انتظام میں حصہ دینے کے لئے "زمرۂ غم نباشد"[2] کے نام سے پارلیمنٹ بنائی۔

کرنل ولکس اپنی تاریخ میسور میں لکھتا ہے:-

"جمہوریت جس کی اس وقت فرانس میں دھوم تھی وہ یہاں ٹیپو کے پاس کوئی نئی یا تعجب خیز بات نہیں تھی۔ اس نے ہر شخص کو مساوات دے رکھی تھی"۔

پارلیمنٹ کے متعلق کرمانی لکھتا ہے:-

"یہ لوگ میر صادق کے ہاتھ میں کٹھ پتلی بن کر رہ گئے"[3]

مجلس وزراء کی اس طرح ترتیب اور پارلیمنٹ بنانے سے سلطان کا خیال تھا کہ ہر شخص سلطنت کی ترقی میں کوشش کرے گا مگر بجائے اس کے نتیجہ یہ نکلا کہ سلطان کی حکومت کا یہ دوسرا دور نہایت ہی تاریک دور ثابت ہوا[3]

---

[1] سلطان کی تاریخ میں پہلی بار یہ لفظ آیا ہے۔ کرمانی نے یہ بھی لکھا ہے کہ محمد جہ.ی جھکری کو معزول کرکے اس وزارت میں میر صادق کو لیا گیا۔

[2] ولکس نے اس کی تاویل بالکل بے سروپا کی ہے۔

[3] مشہور مورخ مل اور میجر ٹارنس نے اپنی تاریخوں میں سلطان کی حکومت کے دو دور مقرر کیے ہیں۔ پہلا دور تخت نشینی سے سلطان کی شکست یعنی ۱۷۸۲ء سے ۱۷۹۲ء تک۔ مل اور تمام انگریزی مورخین نے لکھا ہے کہ یہ پہلا دور نہایت تابناک تھا۔ (باقی صفحہ ۶۲)

Marfat.com

"رعایا پر ہر جگہ ظلم ہونے لگا۔ رشوت کا بازار پوری طرح گرم تھا۔ ہر محکمہ میں ابتری پھیل گئی۔"

کرمانی لکھتا ہے:-

"میر صادق جو چاہتا تھا کرتا تھا۔ سلطان کو اس کی خبر تک نہیں ہوتی تھی"

اس طرح صلح نامہ سرنگا پٹم پر سات سال گذرے کہ انگریزوں نے میسور کی چوتھی جنگ شروع کر دی۔ انگریزی فوجیں جو پہلے سے سرحد پر جمع تھیں۔ فروری میں سرحد

(بقیہ نوٹ از صفحہ ۶۱) دوسرا دور ۱۷۹۲ء سے سلطان کی شہادت ۱۷۹۹ء تک یعنی وہ دور جس میں تمام انتظام مجلس وزرا کے ہاتھوں میں تھا۔ گو معلوم ہوتا ہے کہ ملک کے اندر وزیروں نے عمداً ابتری پھیلائی تھی کہ رعایا سلطان سے بدظن ہو جائے۔

۱۷۹۷ء میں جب فرانس کا خطرہ پہلے سے زیادہ بڑھ چکا تو پٹ (وزیر اعظم انگلستان) نے دوبارہ کارنوالس کو ہندوستان بھیجنا چاہا مگر بعد میں کارنوالس کے مشورہ سے لارڈ ولزلی کو ہندوستان بھیجا گیا۔ اس کو کارنوالس سے تمام حالات معلوم ہو چکے تھے۔ اس نے گورنر جنرل سر جان شور کی وہ رپورٹیں بھی پڑھی تھیں جو اس نے ڈائرکٹران کمپنی کو بھیجی تھیں۔ یہ رپورٹیں ان سازشوں کے متعلق تھیں جو اہل نوایط سلطنت خداداد کے اندر کر رہے تھے۔ ان رپورٹوں میں سر جان شور نے حیدرآباد کی اس وقت کی حالت بھی لکھی تھی۔ ولزلی کیپ آف گڈ ہوپ کے راستے ہندوستان آیا۔ یہاں اس نے میجر بیرڈ کو بھی ساتھ لے لیا جو سلطنت خداداد (باقی بر صفحہ ۶۳)

Marfat.com

پار اُترے اور ایک خفیہ راستے سے سرنگاپٹم پر بڑھیں گے۔ مارچ کے آخر میں سرنگاپٹم کا محاصرہ کر لیا گیا۔ ۴ مئی کو قلعہ پر چڑھائی ہوئی اور اسی شام کو سلطان شہید ہو گیا۔

سرحد پار کرنے کے بعد انگریزی فوجوں کا مقابلہ صرف گلشن آباد کے پاس کیا گیا۔ یہاں سلطان کو شکست ہوئی۔ کرمانی نے اس شکست کی وجہ "پورنیا کی غداری" بتائی ہے۔ اس کے بعد سلطان محصور ہو گیا۔ محاصرہ ڈیڑھ ماہ سے زیادہ تک رہا۔ اس ڈیڑھ ماہ کے عرصہ میں کہیں سے کوئی فوجی نقل و حرکت نہیں ہوئی۔ انگریزوں نے سرحد پار کرنے کے بعد سیدھا سرنگاپٹم پہ بڑھ کر اس شہر کا محاصرہ کر لیا تھا۔ باقی تمام

(بقیہ نوٹ صفحہ ۶۲) کی اندرونی حالت اور اہل نوابط سے اچھی طرح واقف تھا۔ ولزلی نے ہندوستان پہنچ کر پہلے حیدرآباد پہ توجہ کی۔ سب سی ڈیاری سسٹم کے ذریعہ حیدرآباد کی آزادی سلب کر لی گئی۔ اس عہد نامہ پہ دستخط ہوتے ہی حیدرآباد کی فرانسیسی فوج کو برخاست کر دیا گیا۔ اور دوسری فوجوں کو انگریزوں نے اپنے ماتحت کر لیا۔ اس کے بعد ولزلی نے سلطنت خداداد پر توجہ کی۔ سلطان کو الزام دیا گیا کہ وہ فرانس سے خط و کتابت کر رہا ہے۔ اور اس کے آگے سب سی ڈیاری سسٹم پیش کیا گیا جس کو اس فدائے آزادی نے ٹھکرا دیا۔ ولزلی نے پہلے سے تیاریاں کر رکھی تھیں۔ جنرل ہارس کو فوج کشی کا حکم دیا گیا۔

ٹ اور مٹ کرمانی لکھتا ہے کہ میر صادق نے یہ خبریں سلطان تک نہیں پہنچائیں۔

*

لک اور قلعے وغیرہ آزاد تھے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ وزارت نے احکام بھیج دیئے تھے کہ تمام فوجیں اپنی اپنی جگہ مقیم رہیں۔ حرکت نہ کریں۔ ورنہ مدور۔ بنگلور ہنگلور ہوسکوٹہ۔ بادہو گری۔ سرا۔ چتل درگ۔ حیدر نگرا ور منظر آباد کے قلعوں میں فوجیں اور سامانِ جنگ بھرا ہوا تھا مگر کہیں سے کوئی فوج مدد کو نہیں آئی۔ اس لئے کہ

"اس جنگ میں اہل نوایط نے جو سازش کی تھی۔ وہ میسور کی تیسری جنگ کی سازش سے زیادہ منظم تھی"۔

انگریز، جیسا کہ جنرل ہارس اور سلطان کی خط و کتابت سے معلوم ہوتا ہے یہ ارادہ کر کے آئے تھے کہ سلطنت خداداد کی آزادی کا خاتمہ کر دیں[2] مگر اہل نوایط یہ چاہتے تھے کہ سلطان ہی کو قتل کر دیں۔

حیدر آباد کی تاریخ نظام علی خاں کا مصنف اپنی کتاب کے صفحہ ۲۱۶ پر لکھتا ہے:-

"ٹیپو سلطان کے نمک حرام عہدہ دار یہ چاہتے تھے کہ ٹیپو سلطان سے

---

[1] تاریخ ماڈرن میسور اور دوسری تاریخوں میں، ان قلعوں میں جو سامانِ جنگ بھرا ہوا تھا، ان کی تفصیل دی گئی ہے۔ یقیناً اگر ان قلعوں کی مقیم فوجیں متحرک ہو آئیں تو بجائے سلطان کے خود انگریزی فوج محصور ہو جاتی اور مدراس کا راستہ منقطع ہو جاتا۔ انگریزوں نے ایک نہایت خطرناک اقدام کیا تھا، مگر انہیں اہل نوایط نے اطمینان دلا دیا تھا کہ ان قلعوں سے سلطان کو مدد نہیں ملیگی۔

[2] اس کی تصدیق اس خط و کتابت سے ہوتی ہے جو سلطان اور جنرل ہارس کے درمیان ہوئی۔ سلطان نے جب صلح کے لئے دو وقت لکھا تھا تو ہارس نے یہی جواب دیا کہ سبسی ڈیاری سسٹم قبول کیا جائے۔

Marfat.com

سلطنت منتزعہ ہو جائے اور وہ اس جنگ میں کام آجائیں"[1]

انہیں خوف تھا کہ اگر سلطان زندہ رہا تو کہیں ولزلی بھی کارنوالس کی طرح سلطنت اسی کو نہ دیدے[2]۔ اسی لئے انہوں نے جب سلطان محل سے باہر نکلا تو اس کی واپسی کا راستہ بند کر دیا[3]۔ میدان جنگ میں وہ پیاس سے تڑپتا رہا۔ اس کے غدار غلام

---

[1] اور [2] اس تحریر سے جو خاص حیدر آباد کے ریکارڈوں سے لکھی ہوئی ہے۔ اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ کارنوالس نے اہل نوایط سے میسور کی نوابی دینے کا وعدہ کیا تھا۔ اسی لئے یہ غدار سلطان کو قتل کر دینا چاہتے تھے۔ ورنہ انہیں خوف تھا کہ اگر کہیں سلطان زندہ رہ گیا تو پھر حکومت اُسی کو نہ مل جائے۔ اس کی تصدیق کرمانی کی تاریخ نشان حیدری کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے جس میں اس نے لکھا ہے کہ:۔

"سلطان نے سرنگاپٹم سے نکل کر چتل درگ جا کر انگریزوں سے جنگ جاری رکھنا چاہا تو بدرالزماں خاں نے اس کو مشورہ دیا کہ چتل درگ کو نہ جائیے بلکہ سرنگاپٹم میں ہی رہیے"

یہاں کرمانی نے میر صادق کا نام نہیں دیا بلکہ بدرالزماں کا نام دیا ہے جو اہل نوایط سے تھا اور سلطان کا وزیر اور مقرب تھا۔ اس لئے اس میں شک نہیں رہتا کہ سلطان کے قتل کا منصوبہ یہ غدار پہلے ہی سوچ کر بیٹھے تھے۔

[3] کرمانی نے اپنی کتاب میں تصریحاً میر صادق کا نام نہیں لکھا ہے بلکہ "میر ندیم" لکھا ہے۔ ندیم کی معنی مقرب کے ہیں۔ ممکن ہے (باقی صفحہ ۶۶)

Marfat.com

"راجہ خاں" نے اس کو ایک قطرہ پانی تک نہیں دیا۔ ؎۱

انگریز جب فصیل قلعہ پر آ گئے اور سلطان کی واپسی کا راستہ بند کر دیا گیا تو عوام کی آنکھیں کھلیں اور انہیں معلوم ہو گیا کہ یہ سب کچھ اہل نوائط کی غداری سے ہوا ہے تو انہوں نے ان غداروں اور ان کے ساتھیوں کو تلاش اور قتل کرنا شروع کر دیا۔ بٹسن اپنی کتاب بیئی آف ریمکا لکھتا ہے کہ :-

"سلطان کے وفاداروں نے علی رضا کے چار رشتہ داروں اور محمد درویش ؎۲ کو قتل کر دیا"

بٹسن نے اپنی تحریر میں علی رضا کے چار رشتہ داروں کے قتل کا حال لکھ کر اس

(بقیہ از صفحہ ۶۵) کہ یہ میر صادق نہ ہو بلکہ بدر الزماں۔ علی رضا، غلام علی لنگڑی وزیر اعظم یا سید محمد ہو جو چیف سیکرٹری تھا۔ مگر عام طور پر عوام میں میر صادق ہی مشہور ہو گیا۔ بہر طور سب کے سب غدار اور سب کے سب ندیم تھے۔

؎۱ ٹیپو سلطان از میڈو ٹیلر۔ راجہ خاں کا نام بخشیوں کی فہرستوں میں نہیں ہے اس لئے کہ اس کو میسور کی ہندو ریاست میں بخشی کی ملازمت دی گئی۔ حالانکہ سلطنت خداداد میں اس کو بخشی کا خطاب یا عہدہ نہیں تھا۔

؎۲ محمد درویش۔ اس غدار کو سلطان نے میسور کی تیسری جنگ سے پہلے فرانس کو بھیجا تھا۔ اور اس جنگ کے بعد بھی۔ اس نے انگریزوں کو سلطان کے خطوں سے مطلع کر دیا تھا۔

★

Marfat.com

راز کو فاش کر دیا ہے کہ عوام علی رضا اور تمام اہل نوایط کو قتل کرنا چاہتے تھے۔ اس لئے اس میں شک نہیں رہتا کہ علی رضا اس غداری اور سازش کا سرغنہ تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ علی رضا۔ غلام علی ہکری اور بدرالزمان کہیں چھپ گئے تھے یا انگریزوں کی پناہ میں آ گئے تھے۔ میر صادق اور شیر خان پھنس گئے اور قتل ہو گئے۔ بٹسن نے اس سلسلے میں یہ بھی اشارۃً لکھا ہے کہ شہر میں ایک ہنگامہ بپا تھا۔ کرنل ولزلی نے بھی اس کی تصدیق کی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ہنگامہ اہل نوایط کے خلاف تھا۔

بہر طور سرنگاپٹم ان اہل نوایط کی غداریوں سے فتح ہو گیا۔ سلطان کی شہادت کے بعد انگریزوں یعنے ولزلی کے سامنے پھر وہی مسئلہ پیش آ گیا جو کارنوالس کے سامنے تھا۔ یعنے سلطنت خداداد کے کس طرح حصے بخرے کئے جائیں۔ ولزلی کے سامنے یہ تین مسائل تھے۔

(۱) سلطان کے بچّوں کو حکومت دی جائے یا نہیں۔

(۲) اہل نوایط کی غداری کا صلہ۔

(۳) پورنیا اور راینوں کو ان کی غداری کا صلہ۔

سلطان کے بچّوں کے متعلق جب انگریزی کمیشن نے غور کیا تو تنگڑے غلام علی نے کہا کہ "افعی راکشتن و بچہ اش رانگاہ داشتن کار خردمنداں نیست"۔[1]

بٹسن نے اپنی کتاب میں لکھا ہے (جس کی نقل ولکس نے بھی کی ہے) کہ کمیشن نے اس پر غور کیا کہ اگر حکومت سلطان کے بچّوں کو جو حکومت کے جائز وارث ہیں دیدی جائے تو کہیں یہ آیندہ انگریزوں سے اپنے باپ کا انتقام لینے پر آمادہ نہ ہو جائیں۔ حالانکہ سب سی ڈیاری سسٹم کے ماتحت انہیں حکومت دی جاتی تو اس

---

[1] کرمانی

کا امکان نہیں تھا کہ وہ انتقام لے سکیں۔ انگریز یہ اچھی طرح جانتے تھے کہ رزیڈنٹ کے تقرر کے بعد فرانس والوں سے ان کے ملنے کے امکانات نہیں ہیں[1]۔ تاہم اس خطرہ سے بچنے کے لئے اور اہل نوایط کو ان کے ہاتھوں سے بچانے کے لئے انہوں نے سلطان کے بچّوں کو حکومت سے محروم کر دیا۔ اب اس کے بعد ولزلی کے سامنے اہل نوایط کی غداری کا صلہ تھا۔

ان سے میسور کی نوابی کا وعدہ کیا گیا تھا۔ مگر ولزلی اچھی طرح جانتا تھا کہ یہ لوگ کس قدر غدار اور سازشی ہیں۔ یہ انگریزوں کے وفادار نہیں ہیں بلکہ صرف میسور کی تیسری جنگ میں یعنی سات آٹھ سال پہلے، انگریزوں کا پلّہ بھاری دیکھ کر ملے تھے۔ ورنہ نصف صدی پیشتر سے یہ فرانس والوں سے ملے ہوئے تھے۔ اور فرانس والوں کے کہنے سے ہی یہ سلطنت خداداد میں آئے ہوئے تھے۔ اور انگریز یہ بھی جانتے تھے کہ فرانس والوں نے انگریزوں اور محمدؐ علی نواب ارکاٹ سے جتنی لڑائیاں بھی لڑیں وہ علی رضا کے لئے ہی تھیں۔ جو ارکاٹ کے چندا صاحب کا بیٹا تھا اور پانڈیچری میں فرانس کا پروردہ۔ فرانس والوں نے اس کو حیدر علی کے پاس اس لئے بھیجا تھا کہ ارکاٹ کی نوابی اس کو دلائی جائے۔ یہ اور اس کے رشتہ دار غلام علی جھکری۔ محمد مہدی جھکری۔ بدر الزمان خان اور ان کے ہوا خواہ میر غلام علی لنگڑا اور میر صادق۔ سید محمدؐ اور معین الدین وغیرہ صرف اسی غرض سے پانڈیچری۔ ارکاٹ اور ویلور سے سرنگاپٹم آئے تھے۔ اور یہ سلطنت خداداد کی بد قسمتی تھی کہ حیدر علی نے انہیں منظلیم

---

[1] حیدر آباد کا وزیر اعظم ارسطو جاہ اور میر عالم بھی سلطان کے بچوں کو حکومت دینے کے مخالف تھے۔ (سوانح میر عالم مطبوعہ حیدر آباد)

سمجھ کر سلطنت کے تمام چھوٹے بڑے عہدے بلکہ پوری وزارت ان کے ہاتھوں میں دیدی - اور سلطان نے بھی اس کو برقرار رکھا یہ فضل اللہ خاں کے حالات میں لکھا جا چکا ہے کہ حیدر علی پر ان کی گرفت سخت تھی - سلطان کے زمانہ میں یہ اور سخت ہو گئی - ہر محکمہ پر یہ چھائے ہوئے تھے جس کی وجہ سے اس وقت جب سلطان سرنگاپٹم میں محصور ہو گیا تو کسی قلعہ سے بھی کوئی فوج کمک کو نہیں آئی نہ آ سکی[1]

احسان کا بدلہ ان غداروں نے وہی دیا جو ان کی فطرت کا مقتضیٰ تھا - ولکس نے فضل اللہ خاں کے حال میں یہ جو لکھا ہے - کہ "اہل نوایط فضل اللہ خاں سے زیادہ اندرونی طور پر حیدر علی کے سخت دشمن تھے" بالکل صحیح اور بامعنی لکھا۔

ولزلی ایک گرگ باراں دیدہ تھا - اس نے ان کی اس غدار سرشت اور فرانس سے ان کے قدیم تعلقات کو دیکھتے ہوئے یہی مناسب سمجھا کہ میسور کی حکومت رانیوں کو دے دی جائے جنہوں نے کبھی فرانس سے تعلق پیدا ہی نہیں کیا تھا - حکومت انہیں دے دی گئی اور پورنیا کو اس کی غداری کے صلہ میں اس حکومت کا دیوان بنایا گیا۔"

اہل نوایط کو اس طرح محروم کرنے کے بعد ان کی دل دہی کے لئے انہیں تین تین ہزار - پگوڈوں کی پنشنیں - زمینیں اور خوشنودی کے پروانے دیئے گئے -

---

ان سازشوں کو لکھنے کے بعد یہ لکھنا بھی ضروری ہے کہ میسور کی تیسری جنگ میں

---

[1] سلطان کی کل فوج ایک لاکھ اسی ہزار تھی - اور اس میں چودہ ہزار کی فوج سرنگاپٹم میں تھی - باقی ایک لاکھ ۶۶ ہزار فوج باہر کے قلعوں میں تھی - یہ حساب تمام انگریزی تاریخوں میں جیسے کرک پیاٹرک بیٹسن اور ولکس کی کتابیں ہیں - ملتا ہے -

Marfat.com

جب سلطان سرنگاپٹم میں محصور تھا تو کارنوالس نے سلطان کو اس کی رعایا میں بدنام اور اس کی عزت و وقار کو گھٹانے کے لئے جو کچھ کیا، اس کا حال کیپٹن لٹل نے اپنے سفرنامہ میں لکھا ہے جو اسی کتاب میں پہلے لکھا جا چکا ہے۔ اس سلسلہ میں کارنوالس نے عام مسلمانوں کو سلطان سے برگشتہ اور اپنا طرفدار بنانے کے لئے جن حربوں سے کام لیا وہ یہ ہیں:-

(۱) سلطان نے مذہبی اصلاحات کے سلسلے میں محرم کے کھیل تماشے بند کر دیئے تھے۔ کارنوالس نے پھر ان کی اجازت دے دی [۱]

(۲) سلطان نے درگاہوں میں پیروں کو نذرانے لینے سے منع کر دیا تھا۔ کارنوالس نے پھر ان رسوم کو جاری کر دیا بلکہ خود بھی نذرانے دیئے۔

ان اجازتوں سے عام مسلمانوں میں یہ مشہور ہو گیا یا پیروں نے مشہور کر دیا کہ "انگریز سلطان سے زیادہ اچھے مسلمان ہیں"[۲]

صلح کے بعد انگریز واپس جاتے ہوئے یہ مشہور کر گئے کہ "وہ بہت جلد پھر واپس آنے والے ہیں"۔ اس کا یقین ہر چھوٹے بڑے کو تھا۔ اس لئے صلح نامہ سرنگاپٹم کے بعد سلطان نے جس قدر اصلاحات بھی کیں وزارت نے انہیں کامیاب نہیں ہونے دیا بلکہ اور ابتری پھیلا دی۔ ان وزیروں کی سرجان شور سے جو کارنوالس کے بعد گورنر جنرل ہوا خط و کتابت رہی۔ انگریزوں کی لکھائی ہوئی کرمانی کی تاریخ میں اس ابتری کی تمام ذمہ داری میر صادق پر ڈالی گئی ہے۔ یہ صحیح اور قرین قیاس نہیں ہے صرف میر صادق کے اتفاقاً قتل ہو جانے سے اس کو بدنام کرنے کا ایک ذریعہ مل گیا

---

[۱] تاریخ حمید خانی [۲] تاریخ حمید خانی

Marfat.com

ورنہ ذمہ داری پوری مجلس وزرا پر آتی ہے اور خصوصاً غلام علی لنگڑے پر جو میر صدور (وزیر اعظم) تھا۔ اور یہ ذمہ داری اور بھی بڑھ جاتی ہے جبکہ اس مجلس وزرا میں بدرالزماں خان اور علی رضا اس کے رشتہ دار موجود تھے۔ صرف ان اہل نوایط کی غداری پر پردہ ڈالنے کے لئے میر صادق کو ذریعہ بنایا گیا ہے۔

اس ابتری کے ساتھ ساتھ میسور کی آخری جنگ کے شروع میں مدراس۔ ویلور۔ ارکاٹ۔ ترچنا پلی۔ حیدرآباد بلکہ خاص سلطنت خداداد کے اندر یہ بھی مشہور کیا گیا کہ سلطان "وہابی" ہے۔

ولکس اپنی تاریخ میں لکھتا ہے۔ کہ:۔

"سلطان نے ایک موقع پر کہا تھا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم بھی مجھ جیسے ایک انسان ہیں۔ آپ کو فضیلت اس لئے حاصل ہے کہ آپ خدا کے رسول بھی ہیں"۔

ولکس یہ بھی لکھتا ہے۔ کہ

"اس زمانہ میں عرب میں وہابی تحریک زوروں پر تھی اور سلطان ترکی اور شریف مکہ اس تحریک کو کچلنے میں مصروف تھے"۔

ولکس کی ان تحریروں سے پتہ ملتا ہے کہ سلطان کے مذکورہ بالا جملوں سے انگریزوں نے کس قدر فائدہ اٹھایا۔ سرنگاپٹم۔ میسور اور مدراس وغیرہ کی مقامی روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی زمانہ میں سلطان ترکی اور شریف مکہ کے نام سے تمام مسلمانوں کے نام ایک فرمان شایع کیا گیا کہ سلطان وہابی ہے اور ہر مسلمان کو اس سے لڑنا جائز ہے۔ سلطان ترکی ہو یا خصوصاً شریف مکہ اس کی غداریوں سے یہ بعید نہیں کہ اس قسم کا فرمان یا فتویٰ لکھ کر دیا گیا ہو۔ مگر دیکھنا یہ ہے کہ سلطان کے

Marfat.com

یہ حملے انگریزوں تک پہنچانے والے کون تھے؟

اور یہ بھی عجب نہیں کہ اس غدار وزارت نے دُور دراز اور غیر معروف مقامات پر کچھ مندریں وغیرہ بھی توڑ دی ہوں جس کا الزام انگریزی مورخوں نے سلطان کو دیا ہے۔ ورنہ سلطان تو ہندؤوں میں اپنی بے تعصبی۔ رواداری اور فیاضی کی وجہ سے اس قدر ہر دلعزیز تھا کہ بعض مندروں میں اس کی پرستش تک ہونے لگی تھی۔

میسور آرکولاجیکل رپورٹ ۱۹۴۵ء میں جدید تحقیقات کی بنا پر لکھا ہے :-

"مقام سیبی (ضلع ٹمکور) میں نرسمہا کے مندر کے چھت میں جہاں اور دیوتاؤں کی تصاویر ہیں۔ ان میں ٹیپو سلطان کی تصویر بھی ہے" [1]

اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ سلطان کس قدر ہر دلعزیز تھا۔ اس کی رواداری کی ایک اور مثال ریاست میسور کے سب سے بڑے مندر میں ملتی ہے جو ننجن گڈھ میں تھا۔

میسور آرکولاجیکل رپورٹ ۱۹۴۰ء میں لکھا ہے۔ کہ

"پاروتی کے بت کے بائیں بازو ایک سبز سنگِ یشب کا لنگ نصب ہے، جس کو پادشاہ لنگا کہا جاتا ہے۔ یہ لنگ سلطان نے اپنے خرچ اور حکم سے نصب کیا تھا"

اسی محکمہ کی رپورٹ ۱۹۳۲ء میں لکھا ہے کہ "سلطان نے میل کوٹ کے مشہور مندر کو انعامات اور زمینوں کی سند بھی دی ہے۔ انعامات میں چھ چاندی کے برتن ہیں جو پوجا میں ابھی تک استعمال ہو رہے ہیں اور اس مندر کا نقارہ بھی سلطان نے ہی دیا تھا"

---

[1] سلطان کی ایک تصویر گلشن آباد (ملوٹی) کے تالاب کے بند پر ایک پتھر پر کھُدی ہوئی ہے۔ جس میں سلطان کی شیر سے لڑائی بتائی گئی ہے۔ اس تصویر کی بھی پرستش کی جاتی ہے۔ اس تصویر کا ذکر میسور آرکولاجیکل رپورٹ ۱۹۳۹ء میں ہے

Marfat.com

ٹیپو سلطان کا ملکی قانون

یا

آئین سلطانی

Marfat.com

پیش لفظ

ٹیپو سلطان کے متعلق مورخ رئیس اور ولکس دونوں نے لکھا ہے کہ تخت نشینی کے بعد اس نے ملک کے قدیم طرزِ حکمرانی کو یکسر بدل دیا۔ ملک میں جو آئین قدیم زمانہ سے جاری تھا وہ وہی قانون تھا جو منو نے ہندو حکومتوں کے لئے کبھی زمانے میں بنایا تھا۔ ہندوستان کی تمام ہندو حکومتیں منو کے اس قانون پر عمل پیرا رہی ہیں۔ البتہ اس میں کہیں کہیں خفیف سی ترمیمیں یا اضافہ ہوا ہے۔

مسلمانوں کی حکومت کے ہندوستان میں قائم ہونے کے بعد انہوں نے ملک کے قدیم رسم ورواج میں زیادہ دخل نہیں دیا۔ علاؤالدین خلجی اور شیر شاہ سوری کے زمانہ میں اس قدیم قانون میں بہت سی اصلاحات ہوئیں۔ مگر شہنشاہ اکبر کے زمانہ میں تمام قوانین کو یکسر بدل کر ایک نیا آئین جاری کیا گیا جس کا نام آئین اکبری ہے۔ اکبر کا نام اسی آئین اکبری سے زندہ ہے۔ گو اس کا بنانے والا خود اکبر نہیں بلکہ اس کے دو وزیر ابوالفضل اور راجہ ٹوڈرمل ہیں۔

جنوبی ہندوستان میں اکبر کے اس آئین کا رواج نہیں ہوا۔ یہاں کی ہندو حکومتیں اگرچہ عالمگیر کے آخری زمانہ میں مغلیہ سلطنت کے تابع ہوگئیں مگر مغلوں نے یہاں آئین اکبری کو نافذ نہیں کیا۔ انہیں اس کی مہلت ہی نہیں ملی۔ عالمگیر کی وفات کے بعد شمالی ہندوستان میں جو طوائف الملوکی پھیلی، جنوبی ہندوستان بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہا۔

Marfat.com

اس لئے جنوبی ہندوستان کے پالیگار یا زمیندار جو راجہ بھی کہے جاتے تھے۔ ملک کے قدیم آئین پر ہی کاربند رہے۔

عالمگیر کی وفات کے ۷۵ سال بعد حیدر علی کی حکومت میسور میں قائم ہوئی۔ انھوں نے کوئی نیا قانون جاری نہیں کیا۔ مگر حیدر علی کے بعد جب سلطان تخت نشین ہوا تو اس نے دو نئے آئین بنائے۔ ایک فوج کے لئے جس کا نام "فتح المجاہدین" ہے اور دوسرا ایک "ملکی آئین"

سلطان نے تخت نشینی کے بعد کسانوں اور مزدوروں کی دردناک حالت دیکھی۔ اس نے ان ٹیکسوں کو بھی دیکھا جن کے بوجھ سے رعایا دبی جا رہی تھی۔ ان ٹیکسوں میں پیشہ ور عورتوں کے ٹیکس بھی تھے بلکہ ان عورتوں کی آمدنی میں حکومت بھی حصہ لیتی تھی جس کا ذکر ایرانی سیاح عبدالرزاق نے اپنے سفرنامہ میں کیا ہے[1]۔

سلطان کے کارناموں میں سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے غلاموں اور لڑکیوں کی خرید و فروخت بالکل بند کر دی۔ ان کے لئے یتیم خانے جاری کئے۔ مندروں میں لڑکیوں کا داخلہ ممنوع قرار دیا[2]۔ زمینداریوں کا خاتمہ کر کے مزدوروں اور

---

[1] یہ ایرانی سیاح وجیانگر آیا تھا۔ جو جنوبی ہندوستان کی سب سے بڑی ہندو سلطنت تھی اور تمام جنوبی ہندوستان اس کے ماتحت تھا۔ اس لئے تمام ہندو حکومتوں میں یہ قانون رائج تھا۔

[2] مندروں میں دیوداسیوں کا رواج نامعلوم عرصہ سے چلا آتا تھا۔ مندروں کے لئے یا تو لڑکیاں خرید کی جاتی تھیں یا ماں باپ خود ہی لڑکیوں کو مندروں میں چھوڑ دیتے تھے۔ وہ اولاد کی آرزو میں مندروں میں منت کرتے تھے۔ جب لڑکی پیدا ہوتی تھی تو مندر کی خدمت (باقی صفحہ ۷۷ پر)

Marfat.com

کسانوں کو زمین کا مالک قرار دیا۔

ان تمام اصلاحات اور سلطان کی تجارتی جدوجہد کا نتیجہ یہ نکلا کہ میسور کل ہندوستان میں سب علاقوں سے زیادہ زرخیز سرسبز علاقہ تھا۔ میسور کی تیسری جنگ میں، انگریز جب اس ملک میں داخل ہوئے تو ان کی حیرت کی کوئی انتہا نہیں رہی۔

کیپٹن لٹل جس نے میسور کی تیسری جنگ میں نمایاں حصّہ لیا تھا، اپنی یادداشتوں[۱] میں لکھتا ہے:-

"ٹیپو کے متعلق بہت سی افواہیں سُنی جاتی تھیں کہ وہ ایک جابر و ظالم حکمران ہے۔ جس کی وجہ سے اس کی تمام رعایا اس سے بیزار ہے لیکن جب ہم اس کے ملک میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ صنعت و حرفت

(بقیہ نوٹ از صفحہ ۷۶) کے لئے چھوڑ دی جاتی تھی۔ ان لڑکیوں سے جو آمدنی ہوتی تھی وہ مندر کے لئے لی جاتی تھی۔ بعض اوقات ان لڑکیوں کو مندر کے پجاری باہر فروخت کر دیتے تھے۔ سلطان کے بعد ملک میں پھر یہ رواج جاری ہو گیا۔ مگر پندرہ بیس سال ادھر مدراس اور میسور کی حکومتوں نے قانون پاس کر کے اس رواج کو ممنوع قرار دیا ہے۔

[۱] کیپٹن لٹل کی یہ یادداشتیں ایڈورڈ مور نے "کیپٹن لٹل کے سفرنامہ" کے نام سے لندن میں مرتب اور شائع کی ہیں اس سفرنامہ کا سنہ طباعت ۱۷۹۴ء ہے۔ یعنے میسور کی تیسری جنگ کے ایک سال بعد یہ کتاب انگلستان میں شائع ہوئی ہے۔

Marfat.com

کی روز افزوں ترقی کی وجہ سے نئے نئے شہر آباد ہوئے اور ہوتے جا رہے ہیں۔ رعایا اپنے اپنے کاموں میں مصروف و منہمک ہے۔ زمین کا کوئی حصّہ بھی بنجر نظر نہیں آتا۔ قابل کاشت زمین جس قدر بھی مل سکتی ہے اس پر کھیتیاں لہرا رہی ہیں۔ ایک انچ زمین بھی بیکار نہیں پائی گئی۔ رعایا اور فوج کے دل میں بادشاہ کا احترام اور محبت بدرجۂ اتم موجود ہے فوج کی تنظیم اور اس کے ہتھیاروں کو دیکھتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ یہ یوروپ کے کسی مہذب ملک کی فوج سے کسی حالت میں بھی پیچھے نہیں ہے"

میجر ڈبلیو مارلنس اپنی کتاب ایپا پرانِ ایشیا میں لکھتا ہے :۔

"ٹیپو کے زیرِ حکمرانی میسور۔ تمام ہندوستان میں سب سے زیادہ سرسبز اور باشندے سب سے زیادہ خوش حال تھے۔ اس کے خلاف انگریزی اور ان کے باج گذار مقبوضات کرناٹک اور اودھ وغیرہ بلکہ بنگالہ بھی صفحۂ دُنیا پر ایک بدنما دھبہ تھا اور رعایا قانونی شکنجے میں کسی ہوئی بالکل پریشان حال تھی"۔

میسور کی تیسری جنگ میں ضلع کوئمبتور میں جو لڑائیاں ہوئیں تو یہاں کے ایک قلعہ میں انہیں آئینِ سلطانی کا ایک نسخہ مل گیا جس کو انہوں نے کلکتہ بھیج دیا۔ بی کرسپ نے جو فتح المجاہدین کا بھی مترجم ہے۔ اس آئین کا ترجمہ کیا۔ اس کے دوسرے سال یعنی ۱۷۹۳ء میں یہ کتاب انگلستان پہنچی جہاں ترجمہ پر نظر ثانی کی گئی اور ۱۷۹۴ء میں لندن میں شائع کی گئی۔ انگلستان میں کتاب پر نظر ثانی کرتے ہوئے انگریزی مترجم نے لکھا ہے کہ :۔

"ٹیپو سلطان کے یہ قوانین بلحاظ انسانیت اُن قوانین سے بہت

Marfat.com

زیادہ مکمل اور بہترین ہیں جو مسٹر فرانسیس اور مسٹر جان شور نے کمپنی کی حکومت کے لئے کلکتہ میں وضع کئے تھے۔ سلطان کے یہ قوانین موجودہ زمانہ کی ایک جدید اسلامی حکومت کے قوانین ہیں اور اس کی طرز حکومت کا ایک صحیح خاکہ پیش کرتے ہیں۔"

جس طرح "تاریخ سلطنت خداداد" اور "صحیفہ ٹیپو سلطان" کے ذریعہ ہندوستان اور ہندوستان کے باہر میں نے نواب حیدر علی۔ ٹیپو سلطان اور ان کی سلطنت خداداد کی تاریخ کو اُجاگر کرنے کی خدمت اپنے ذمہ لی، اسی احساس نے مجھے آمادہ کیا کہ آئین سلطانی کو بھی پیش کروں۔ اردو زبان میں اس قسم کی کوئی کتاب ابھی تک لکھی نہیں گئی۔ یہ ایک اضافہ ہے جو میں کر رہا ہوں۔ اس اضافہ سے میرا مقصد یہ ہے کہ عام پڑھنے والوں کے ساتھ ساتھ ارباب حکومت بھی اس پہ توجہ کریں۔ اس لئے کہ اس میں بعض قوانین تو ایسے ہیں جن پر عمل کرنے کی اس زمانہ میں بھی شدید ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔ "غلہ اُگانے" اور "درخت بونے" کی سکیموں پہ لاکھوں بلکہ کروڑوں روپے خرچ ہو رہے ہیں۔ مگر کامیابی نہیں ہوتی سلطان نے اپنے دور حکومت میں ان سکیموں کو جس طرح کامیاب بنایا، اُس کا یہ نتیجہ ہے کہ آج بھی ملک میسور، ہندوستان میں درختوں اور باغات کے لحاظ سے اپنی نظیر نہیں رکھتا۔ مگر افسوس ہے کہ

> ابھی تک ملک میں اس (ٹیپو سلطان) کے اصلاحات پر وہ نظر نہیں ڈالی گئی جس کے وہ مستحق ہیں۔ یقیناً اس کے یہ اصلاحات حد درجہ قابل تعریف و توصیف ہیں۔ یہ ایک بدقسمتی ہے کہ ٹیپو کی زندگی کا صرف تاریک پہلو ہی مدنظر رکھا جاتا ہے۔ اور اس کے روشن پہلوؤں کو

Marfat.com

بالکل نظر انداز کر دیا گیا ہے جس کی وجہ سے ٹیپو کی اصلی شخصیت ابھی تک دنیا پر ظاہر نہیں ہوئی"۔ (میسور گزیٹیر۔ جلد دوم صفحہ ۲۶۸۴)

میں نے اُوپر کہیں لکھا ہے کہ آئین اکبری کے بنانے والے اکبر کے وزیر ابوالفضل اور راجہ ٹوڈرمل ہیں جنھوں نے اکبر کو زندۂ جاوید بنا دیا۔ مگر آئین سلطانی کا بنانے والا خود سلطان ہے۔ اس آئین سے اس کی وسعت نظری اور حکمرانی کی صلاحیتوں کا بخوبی اندازہ ہو سکتا ہے۔ اور اس کے دل و دماغ پر حیرت ہوتی ہے۔

اس آئین میں اگر کوئی چیز نہیں ہے تو وہ عدالت اور انصاف کا قانون ہے۔ سلطان نے ملک کے قدیم قانون میں جو انصاف کے لئے مروج تھا، دخل نہیں دیا۔ اس لئے کہ انصاف کے لئے ہر گاؤں میں پنچایتیں مقرر تھیں اور رعایا ان سے بالکل مطمئن تھی۔

محمود

آئینِ سلطانی

۱۰- جس شخص کو عامل کے عہدہ پر مقرر کیا جاتا ہے، اُس کے لئے ضروری ہے کہ اپنے ماتحت ضلع میں جا کر دفتر کی مہر۔ تختۂ شرح لگان اور اس کتاب قانون کو اپنے قبضہ میں لیتے ہُوئے اپنے علاقہ کی رعیت۔ پٹیل (پٹواری) اور اثر و رسوخ رکھنے والے لوگوں اور دوسرے باشندوں کو بلا کر خوشنودی کا بیڑا پیش کرے۔

تشریح

نئے عامل کے لئے ضروری تھا کہ اپنے عہدہ کا جائزہ لینے کے بعد دربار منعقد کرے اور اس میں رعایا کو مدعو کر کے عطر اور پان پیش کرے۔ بیڑا پیش کرنے کی رسم ہندوستان میں زمانۂ قدیم سے چلی آتی ہے۔ اس سے فریقین یعنے حکومت اور رعایا میں دوستی کو مستحکم کرنا مقصود تھا۔

۲- نئے سال کے پہلے دن (نوروز) ضلع کے با اثر لوگوں اور تمام رعایا کو حکومت کی جانب سے ان کی جان و مال اور عزت کے تحفظ کا قول دیا جائے۔ اس مجلس میں دریافت کیا جائے کہ کس کسان کے یہاں آدمی زیادہ اور ہل کم ہیں — جن لوگوں کی مالی حالت اچھی ہو انہیں آمادہ کیا جائے کہ ہلوں کی تعداد میں اضافہ

کریں اور جن کی مالی حالت خراب ہو تو انہیں ہل خریدنے کے لئے فی ہل تین یا چار
پگوڈے، ضمانت لے کر تقاوی (نقد قرضہ) دی جائے۔

اِس قرضہ کی ادائیگی کے لئے کسان کو سال یا دو سال کی مہلت دینی چاہیئے۔

تشریح

ہر سال کے پہلے دن عامل ضلع کو دربار کرنے کا حکم تھا۔ اس دربار میں حکومت کی جانب سے رعایا کے جان و مال اور عزّت کے تحفظ کا قول دیا جاتا تھا۔ دربار کے بعد عطر اور پان پیش ہوتے تھے۔ قدیم ہندوستان میں قول کو بہت بڑی اہمیت حاصل تھی۔ قول نباہنے کے لئے مال بلکہ جان تک دے دی جاتی تھی۔

ہلوں میں اضافہ سے مراد زیادہ زمین کو زیر کاشت لانا ہے۔ اس کے لئے حکومت سے زمین مُفت دی جاتی تھی۔

۳ - زراعت کے لئے زمین مندرجۂ ذیل شرائط پر دی جائے:۔

۱ - (الف) اجارہ (متعینہ لگان) پر (ب) حصہ (بٹائی) پر

۲ - تری اور خشکی کے حصّے مساوی دیئے جائیں۔

۳ - کسان قدیم ہوں یا نئے - انہیں زمین برابر برابر دی جائے۔

۴ - کسان سے کہا جائے کہ اگر وہ اجارہ کی زمین پر ایک متعینہ رقبہ میں ایک کھنڈی تخم بوئے تو حصّہ کی زمین کے اتنے ہی رقبہ میں ایک کھنڈی اور آٹھ کڑو تخم بوئے۔

۵ - نگرانی کی جائے کہ حصّہ کی زمین میں کافی کھاد دی جا رہی ہے یا نہیں۔

۶ - اگر کسان حاصل کردہ زمین کے علاوہ اور زیادہ زمین پر زراعت کرنا چاہے تو اُس کو ایسا کرنے کی اجازت دی جائے۔

۷ - اگر کوئی کسان حاصل کردہ زمین پر زراعت نہ کرنا چاہے تو اُس کو اختیار ہے لیکن حصّہ کی زمین پر زراعت کرنا ضروری ہے۔

تشریح

۱ - (الف) اجارہ = متعینہ لگان - یوں تو اجارہ کے معنی یہی تھے کہ فصل ہو یا نہ ہو مقررہ لگان ادا کیا جائے - لیکن سلطانی فرمان کے مطابق فصل ہونے پر ہی لگان لیا جاتا تھا۔ (سوائے ان زمینوں کے جس میں عمداً زراعت نہ کی گئی ہو)

میجر ولکس اپنی خفیہ رپورٹ کے صفحہ ۲۰ پر لکھتا ہے:-

"اجارہ پر زمین دینے کے باوجود عام طور پر لگان فصل ہونے پر ہی لیا جاتا تھا۔"

رئیس اپنی تاریخ کے صفحہ ۱۱۴ پر لکھتا ہے:-

"مقررہ لگان کا انحصار اچھی فصل پر ہی تھا۔ ورنہ اختلاف کی صورت میں گاؤں کی پنچایت اُس کا فیصلہ کرتی تھی۔"

بکانن نے اپنے سفرنامے کی تیسری جلد کے صفحہ ۳۸۵ پر لکھا ہے:-

"اگر بارش کے نہ ہونے سے فصل نہ ہو تو کسان حکومت کو کچھ نہیں دیتا تھا۔"

Marfat.com

(ب) حصّہ = بٹائی۔

"بٹائی کی زمین میں زراعت کے لئے حکومت کی جانب سے ہل۔ بیل اور تخم دیئے جاتے تھے۔"

سلطنت خداداد کا خاتمہ ۱۷۹۹ء میں ہوا۔ اس کے دوسرے سال ہی میجر ولکس (ریزیڈنٹ) اور بکانن کی سفارش پر انگریزوں نے ان قوانین کو بدل دیا۔

۲۔ تری اور خشکی کے حصے مساوی دیئے جائیں۔

"یہاں مساوی سے مراد یہ نہیں کہ زمین رقبہ کے لحاظ سے برابر ہو"۔ اس کے متعلق ولکس اپنی خفیہ رپورٹ کے صفحہ ۲۵ پر لکھتا ہے:۔

"میسور (سلطنت خداداد) میں زمین ناپ کر نہیں دی جاتی۔ اس کا حساب تخم کی مقدار سے کیا جاتا ہے۔ یعنے یہ دیکھا جاتا ہے کہ ایک کھنڈی تخم، تر زمین کے کتنے رقبہ میں بویا جاتا ہے اور خشک زمین کے کتنے رقبہ میں۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ ایک کھنڈی تخم کے لئے خشک زمین، تر زمین سے چار حصے بڑی ہوتی ہے مگر یہاں دونوں کو کھنڈی ہی کہا جاتا ہے (کھنڈی ایک ناپ کا نام ہے لیکن یہ ناپ مختلف ضلعوں میں علیحدہ علیحدہ ہے۔ کہیں ۱۶۰ سیر کہیں ۱۸۰ سیر اور کہیں ۲۰۰ سیر)

۳۔ کسان قدیم ہوں یا نئے۔ انھیں زمین برابر برابر دی جائے۔

"نئے کسانوں سے مراد یہاں وہ مزدور اور غلام ہیں جو زمینداریوں کے ختم ہونے سے آزاد ہو چکے تھے۔"

Marfat.com

سلطان نے تخت نشینی کے فوراً ہی بعد زمینداری کے قدیم رواج کو جو ملک میں ایک نامعلوم زمانہ سے چلا آتا تھا، موقوف کردیا اور الارض للّٰہ کے قرآنی قانون پر عمل کرتے ہوئے زمین کسانوں میں تقسیم کردی۔ اور وہ زمینیں بھی جو سرکار کی ملکیت سمجھی جاتی تھیں کسانوں کو دے دی گئیں۔ جس طرح آج زمین سرکار کی جانب سے فروخت ہوتی ہے، فروخت نہیں کی گئی۔ ان زمینوں کی وراثت کے متعلق، سلطان نے صرف ایک ہی قانون جاری کیا اور وہ یہ ہے کہ کسان جب تک زمین کو آباد رکھے وہ نسلاً بعد نسلٍ اسی کی سمجھی جاتی تھی۔ حکومت اس کو بے دخل نہیں کر سکتی تھی۔ لیکن جب کسان زمین کو خود بخود چھوڑ دے تو حکومت کو اختیار حاصل تھا کہ زمین کسی دوسرے کسانوں کو دیدے۔

رئیس اپنی تاریخ کے صفحہ ۷۸۶ پر لکھتا ہے:۔

"لگان ادا کرنے والی تمام زمینیں موروثی تسلیم کی جاتی تھیں۔ جب تک کاشتکار لگان ادا کرے اس کو زمین سے بے دخل نہیں کیا جا سکتا تھا۔

ولکس اپنی خفیہ رپورٹ کے صفحہ ۲۰۔ دفعہ ۳۵ میں لکھتا ہے:۔

"جب تک کسان لگان ادا کرے زمین اُسی کی سمجھی جاتی تھی۔ اس کو بے دخل نہیں کیا جا سکتا تھا مگر عملی طور پہ ہوتا یہ تھا کہ لگان اسی وقت ادا کیا جاتا تھا جب زمین میں زراعت ہو۔ لیکن جب کسان خود بخود زراعت کرنا چھوڑ دے تو اس وقت زمین دوسرے

کسان کو دے دی جاتی تھی"۔

بکانن نے بھی اپنے سفرنامہ میں یہی لکھا ہے۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ :-

"اگر آفات ارضی و سماوی کی وجہ سے زراعت ہوئی نہ ہو تو حکومت کسان کو ہل۔ بیل۔ تخم اور تقاوی (نقد قرضہ) دیتی تھی کہ نئے سرے سے زراعت کرے اور یہ قرضہ نہایت سہولت سے قسطوں میں وصول کیا جاتا تھا"۔

نئے کسانوں سے مراد وہ ہزارہا مزدور اور غلام تھے جو زمینداریوں کے ختم ہونے سے بیکار ہو گئے تھے۔ سلطان نے اس قانون سے انہیں نئے کسان قرار دے کر زمین ان میں تقسیم کر دی۔ اس لحاظ سے ان کا درجہ سوسائٹی میں دوسرے کسانوں کے برابر ہو گیا۔

۴۔ چونکہ حکومت کو حصہ کے علاوہ قرضہ۔ ہل اور بیلوں کی قیمت ملتی تھی۔ اس لئے دفعات ۴۔ ۵۔ ۶ اور ۷ میں بٹائی کی زمین کو زیر کاشت لانے پر زیادہ زور دیا گیا ہے۔

۴۔ دیہات میں جس جگہ بھی زمین قابل کاشت نظر آئے۔ کسانوں کو آمادہ کیا جائے کہ اس میں نیشکر بوئیں۔

اگر پٹیل یا شان بھوگ کاہلی سے ایسا نہ کریں تو ان سے دوگنا لگان لیا جائے اس لگان کا اندازہ دوسرے دیہات میں نیشکر کی پیداوار دیکھ کر کیا جائے۔

تشریح

بکانن اپنے سفرنامے کی تیسری جلد کے صفحہ ۲۸۴ پر لکھتا ہے :-

"نیشکر سے حکومت کو بہت زیادہ فایدہ تھا۔ میں نے کئی کھیت دیکھے

Marfat.com

اور ان سے حساب لیا ہے۔ ایک کھیت سے تقریباً ۳۶۰ من گڑ پیدا ہوتا ہے جس کی قیمت ۱۴۴۰ فنم ہے۔ اس کی تقسیم اس طرح ہوتی تھی۔

کل گڑ کی قیمت	۱۴۴۰	فنم	
وضع - مزدوروں کی اُجرت	۲۱۵	"	
بچت	۱۲۲۵	"	
زراعت کے اخراجات	۶۱۲ ½	"	جو کسان کو ملتے تھے
بچت	۶۱۲ ½	"	

اس حاصل پیداوار یعنے ½ ۶۱۲ فنم میں حکومت کو نصف اور کسان کو نصف ملتا تھا۔"

ماڈرن میسور کا مصنف اپنی کتاب میں لکھتا ہے :-

"گڑ بناتے وقت گاؤں کے تمام لوگ جمع ہو کر ایک ایک مٹھی گڑ اٹھا لیتے تھے۔ اس طرح ایک چوتھائی گڑ ختم ہو جاتا تھا۔ باقی تین چوتھائی کا حساب کیا جاتا تھا۔ گڑ پکانے کا برتن حکومت سے ملتا تھا۔ (صفحہ ۳۰۴)

۵ - عرصۂ دراز سے بہت سے بیج خود۔ پٹیل اور دوسرے ملازم حیلے اور بہانے کرتے ہوئے حکومت سے انہیں دی ہوئی زمینوں کا لگان برابر نہیں ادا کر رہے ہیں۔ ان معاملات کی تحقیق کی جائے۔ اور زمین نئے سرے سے ناپ کر ان پر دوسرے کسانوں کے برابر لگان لگایا جاوے۔

★

تشریح

تیجے خور سے مراد غالباً تاج خور ہے۔ یعنے گاؤں کے وہ ملازم جنھیں فصلوں میں رواج کے مطابق حصّہ ملتا ہے۔ اور انہیں حکومت سے زمین بھی دی جاتی ہے۔ انہیں گاؤں کی اصطلاح میں بارہ بلوتی کہا جاتا ہے۔ اور یہ لوگ، گاؤں کی زندگی کے ضروری عناصر ہیں۔

رئیس نے اپنی تاریخ میں بارہ بلوتی کی تشریح اس طرح کی ہے:۔

(۱) پٹیل۔ گاؤں کا حاکم۔

(۲) شان بھوگ۔ اس کے ذمہ گاؤں کی زمینوں اور لگان کا حساب کتاب ہے۔

(۳) تلاری۔ وہ شخص جو گاؤں کی نگہبانی کرتا ہے۔ یہی شخص پٹیل اور شان بہوگ کا چپراسی بھی ہے۔

(۴) نیر گنٹی۔ اس کے ذمہ تالابوں یا نہروں کی حفاظت اور کھیتوں کو پانی کی فراہمی ہے۔

(۵) حجام (۶) بڑھئی (۷) کمہار (۸) دھوبی (۹) لوہار (۱۰) نجومی (۱۱) چمار (۱۲) سنار۔

اِن کے علاوہ مندر کا پجاری اور گاؤں کا غریب برہمن بھی حصّہ لیتے ہیں مگر یہ دونوں بارہ بلوتی میں شامل نہیں ہیں۔ اِن تمام لوگوں کو جو حصّہ دیا جاتا ہے وہ فصل کاٹتے وقت ہی دیا جاتا ہے اور حساب میں شامل نہیں ہوتا۔ یہ حصّہ ہر ایک کو اس کی حیثیت کے مطابق

Marfat.com

دو سیر سے دس سیر تک دیا جاتا ہے۔

۶۔ پٹیل اپنی زمینوں پر گاؤں کے کسانوں سے مفت محنت لیتے ہیں۔ یہ ایک ظلم ہے جس کا سدِ باب ضروری ہے۔ آیندہ کوئی پٹیل اگر مفت محنت لے تو اس کی زمینوں کی پیداوار بحق سرکار ضبط کی جائے۔

۷۔ ایسے کسان جن کی رشتہ داری شان ہوگوں سے ہے، اکثر پورا لگان ادا کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ ان بیجا کارروائیوں کی تحقیق کرتے ہوئے ان سے پورا مقررہ لگان وصول کیا جائے۔ اس معاملہ میں کسی کی رعایت نہ کی جائے۔

۸۔ زراعت کے لئے دو مواضعات ایک ہی شخص کو نہیں دینا چاہئیں۔ ایک شخص کو ایک ہی موضع دیا جائے۔ اس کارروائی سے پہلے اس موضع کی ایک صحیح فہرست مرتب کی جائے جس میں قدیم اور نئے باشندوں کی تعداد اور آمدنی کے ابواب اور رقم دکھائی جائے اور اسی کے مطابق دستاویز تیار کر کے مچلکہ[1] لیا جائے۔

اگر موضع دار اپنی زمین پر آپ خود محنت نہ کرے اور مقررہ کرایہ ادا کرنے کے لئے کسانوں پر جرمانہ ڈالے یا کسی ناجائز طور پر ان سے روپیہ حاصل کرے تو اس سے مقررہ لگان کے علاوہ اس کا تمام حاصل کردہ روپیہ بھی وصول کیا جائے اور آیندہ کے لئے ایسی تدابیر اختیار کی جائیں کہ موضع دار کسانوں پر زبردستی جرمانہ وغیرہ نہ کرنے پائے۔

اگر کوئی موضع دار اس جرم کا مرتکب پایا جائے تو اس سے جرمانوں کی رقم وصول کرتے ہوئے خود اس پر بھی جرمانہ ڈالا جائے۔

---

[1] مچلکہ

Marfat.com

تشریح

زمینداریوں کو ختم کرنے کے بعد ضروری تھا کہ ان امکانات کو بھی ختم کر دیا جائے جن سے زمینداریاں پھر قایم ہو سکیں۔ زمانۂ قدیم سے ملک پالیگاروں اور زمینداروں میں تقسیم تھا اور یہ زمیندار ملک کو جوڑی داروں میں تقسیم کر رکھے تھے۔ اس طرح ہر جوڑی دار[1] اپنے علاقہ میں ایک چھوٹا سا زمیندار تھا جو کسانوں سے من مانی لگان لینے کے علاوہ اپنے کھیتوں پر ان سے محنت بھی لیتا تھا۔ اگر کسان اطاعت نہ کرتے تو انہیں زمینوں سے بے دخل کر دیا جاتا تھا۔ یہی جوڑی دار طاقت پکڑ کر پالیگار کے خلاف اُٹھ کھڑے ہوتے تھے اور خود پالیگار بن جاتے تھے۔ مرکزی حکومت کو صرف کرایہ کی ضرورت تھی، وہ یہ نہیں دیکھتی تھی کہ کسانوں پر کس قدر ظلم ہو رہا ہے۔ اُس کو اس سے بھی دلچسپی نہیں تھی کہ پالیگار کون بنا ہوا ہے۔ ان تمام خرابیوں کو پوری طرح ختم کرنے کے لئے سلطان نے زمینداریوں کے ساتھ جوڑی داریوں کا بھی خاتمہ کر دیا۔

سلطنت خداداد کے زوال کے بعد انگریزوں نے اس علاقہ میں جس کو اب ریاست میسور کہا جاتا ہے، زمینداری کو رواج نہیں دیا مگر جوڑی داری نئے سرے سے قائم کر دی۔ اور مواضعات نیلام کے ذریعہ دیئے جانے لگے۔

۹۔ عامل ضلع پر لازم ہے کہ اپنے تمام ماتحت علاقہ کا دورہ کرتے ہوئے پیداوار کے مطابق لگان کا تعین کرے اگر یہ معلوم ہو کہ لگان جس قدر حاصل ہونا چاہیئے

---

[1] جوڑی دار = وہ شخص جسنے دو یا زیادہ مواضعات کرایہ پر لے رکھے ہوں۔

Marfat.com

حاصل نہیں ہوتا تو چاہیئے کہ مواضعات کو نئے سرے سے پٹیلوں اور دوسرے کسانوں میں اس طرح تقسیم کیا جائے کہ پوری آمدنی حاصل ہو۔

اگر پٹیل اور دوسرے کسان لگان کی ادائیگی میں عمداً تساہل کریں تو انہیں جسمانی سزا دی جائے

تشریح

جسمانی سزا سے مراد تازیانہ کاری ہے جس کا رواج ملک میں زمانۂ قدیم سے چلا آتا تھا۔ نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام مشرقی ممالک میں یہ رواج جاری تھا۔

۱۰- کسی موضع کی مقررہ رقم میں اگر کمی واقع ہو جائے تو عامل کو چاہیئے کہ اُس جگہ نئے کسانوں کو آباد کرکے انہیں نئے ہل مہیا کرے اور انہیں تقاوی (قرضہ) دے کر اُس بقیہ زمین میں بھی کاشت کرائے جو موضع دار نے چھوڑ رکھی ہے۔

اگر موضع دار اپنے کرایہ کی پوری رقم کسانوں اور دوسرے لوگوں پر جرمانہ ڈال کر یا ناجائز طریقوں سے وصول کرکے ادا کرے تو سمجھا جائے گا کہ اس نے اپنے معاہدہ کو پورا نہیں کیا۔ اس کو مجبور کیا جائے کہ معاہدہ کو جائز طور پر پورا کرے۔

تشریح

زمین کو اپنے قبضہ میں رکھنے کے لئے ضروری تھا کہ کرایہ کی رقم وقت پر ادا کر دی جائے۔ اس ادائیگی کے لئے موضع دار کسانوں پر جرمانے ڈال کر یا لگان میں اضافہ کرکے رقم وصول کرتے تھے۔ سلطان نے جس کو کسانوں

Marfat.com

کی بہبودی مقصود تھی نہ صرف اس قانون کو اپنے عہد کے شروع میں جاری کیا بلکہ بعد میں موضع داری کا بھی خاتمہ کر دیا۔

۱۱۔ ہر گاؤں میں زمانہ قدیم سے ایک پٹیل مقرر ہے۔ جہاں کہیں یہ معلوم ہو کہ وہ شخص اس کام کے ناقابل ہے تو اس کے عوض اُسی گاؤں کے کسی شخص کو اس کام پر مقرر کریں پٹیل کے عہدہ کے لئے جس قدر مراعات ہیں وہ اس نئے شخص کو دی جائیں۔

تشریح

پٹیل کا عہدہ ہندوستان میں ایک نامعلوم زمانہ سے چلا آتا ہے اور عام طور پر یہ موروثی ہوتا ہے۔ ہندوستان کے قدیم باشندے کون تھے اور ان کا طرز حکومت کس طرح کا تھا ابھی تک معلوم نہ ہو سکا۔ ان کے بعد دراوڑی۔ آرین۔ ترک۔ مغل اور انگریز اس ملک میں آئے مگر کسی نے بھی گاؤں کے نظام حکومت اور سوسائٹی کے ڈھانچے کو بدلنے کی کوشش نہیں کی۔ گاؤں بدستور اپنے قدیم طرز پر قائم رہا اور پٹیل ہی اس کے حکمران رہے۔ گاؤں والوں کو کبھی اس کا احساس تک نہیں ہوا کہ ملک کے حکمران کون ہیں۔ ان کے لئے پٹیل ہی کی شخصیت سب کچھ تھی۔ ہر حکومت میں گاؤں میں لگان کی وصولی اور امن کا قیام پٹیل ہی کے ذمہ رہا۔ اگر بارشیں اچھی ہوئیں۔ پانی افراط سے ملا اور کاشت اچھی ہوئی تو گاؤں والوں نے لگان خوشی سے ادا کر دیا۔ اور اگر آسمانی مصیبتیں ٹوٹ پڑیں اور فصل نہ ہوئی تو اس وقت بھی ان کا بھروسہ پٹیل ہی پر رہا۔ لہٰذا گاؤں کی زندگی کا انحصار ہمیشہ پٹیل ہی پر رہا اور حکومتیں اس عہدہ کے لئے موزوں شخصیتوں کا انتخاب کرتی رہی ہیں

Marfat.com

یہی اس دفعہ کا منشا بھی ہے۔

رئیس اپنی تاریخ کے صفحہ ۴۵۳ پر لکھتا ہے:۔

"پٹیلوں کے اختیارات قدیم زمانہ میں کیا تھے، معلوم کرنا مشکل ہے۔ مگر اتنا یقین ہے کہ ان کے اختیارات کا انحصار حکومت (چاہے وہ مرکزی ہو یا پالیگار کی) کی کم زوری یا طاقت پر تھا بعض وقت تو یہ لوگ اتنی طاقت پکڑ بیٹھتے تھے کہ خود پالیگار بن بیٹھتے تھے مرکزی حکومت کو صرف اپنے مقررہ خراج سے کام تھا۔ جس کسی سے رقم ملتی تو وہی پالیگار تسلیم کر لیا جاتا تھا"

۱۴۔ اٹھاؤنی اور احشام کے شان بھوگوں سے زمین کے معاملات یا لگان کے حساب وکتاب کا کام نہ لیا جائے۔ انہیں صرف اپنے متعلقہ دفاتر کا کام کرنا چاہیئے۔ تنخواہوں کے عوض انہیں دیہات میں زمین نہ دی جائے۔ اگر یہ معلوم ہوا کہ اس قانون کی خلاف ورزی ہو رہی ہے تو محکمہ کا افسر اعلیٰ اس خلاف ورزی کے لئے جواب دہ ہوگا۔

تشریح

اٹھاؤنی۔ محکمہ مالگذاری یعنے ریونیو۔ احشام۔ قلعہ کی محافظ فوج، شان بھوگ۔ محاسب۔ میسور علاقہ میں محاسب کو چاہیے وہ گاؤں کی زمین کا حساب رکھنے والا ہو یا دوسرے سرکاری دفاتر کا۔ سب کے لئے ایک ہی لفظ شان بھوگ مستعمل تھا اور اب بھی ہے۔

تشریح

سلطنت خداداد سے پیشتر ملک میں جو آئین حکومت تھا۔ اس کی رو

Marfat.com

سے دوسرے محکموں کے شان بھوگوں کو بھی تنخواہ کے عوض زمین دی جاتی تھی - اس کا نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ یہ لوگ گاؤں کے معاملات میں دخل دہی شروع کر دیتے تھے - اس دفعہ سے مقصود ان خرابیوں کا سدباب ہے -

۱۳ - اگر کسی گاؤں میں مذہبی تنازعات پیدا ہو جائیں تو اس گاؤں والوں کو خود ہی ان تنازعات کا فیصلہ کرنا چاہیئے - دوسرے گاؤں والوں کو ان معاملات میں دخل نہیں دینا چاہیئے - اگر اس حکم کی خلاف ورزی کی گئی تو دوسرے گاؤں والوں پر جرمانہ ڈالا جائے گا -

تشریح

اس قانون کا مقصد یہ تھا کہ فسادات پھیلنے نہ پائیں - مگر انگیزی حکومت کی دلی خواہش یہی رہی کہ ملک میں فساد ہو - وہ اس آگ کو ہوا دیتی تھی - نتیجہ یہ نکلا کہ ملک میں قوموں کے درمیان ایک مستقل عناد پیدا ہو گیا -

۱۴ - ضلع میں جہاں کہیں سرکاری تالاب ہیں، وہاں کی زمین حصہ (بٹائی) پر دی گئی ہے - عامل کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس زمین کو خود جا کر دیکھے - یہاں پیداوار بڑھانے کی تدابیر اختیار کی جائیں - اور جب فصل تیار ہو تو پیداوار کو دیکھے اور سرکار کا نصف حصہ حاصل کرے -

تشریح

ولکس نے اپنی خفیہ رپورٹ میں - بکانن نے اپنے سفرنامے میں اور رئیس نے اپنی تاریخ میں نصف حصہ کی تشریح اس طرح کی ہے -

Marfat.com

"نصف حصّہ سے مراد کُل پیداوار کا نصف حصّہ نہیں ہے۔ بلکہ ایک چوتھائی حصّہ ہے۔ پہلے کل پیداوار کو برابر کے دو حصّوں میں تقسیم کرنے کے بعد ایک حصّہ اخراجات کاشتکاری کے طور پر کسان کو دے دیا جاتا تھا۔ اس کے بعد دوسرے نصف حصّہ کو حاصل پیداوار قرار دے کر اس میں نصف حصّہ حکومت کو، اور نصف کسان کو ملتا تھا"

بٹائی کی زمین پر لگان نہیں تھا۔ بٹائی کی زمین میں زراعت کے لیئے ہل۔ بیل اور تخم حکومت کی جانب سے دیئے جاتے تھے۔

۱۵۔ ایسی زمین جس میں چار سال سے زراعت نہ ہوئی ہو، رعیت کو مندرجہ ذیل قول پر دی جائے:۔

(۱) پہلے سال میں لگان بالکل معاف ہوگا۔

(۲) دوسرے سال میں نصف لگان لیا جائے گا۔

(۳) تیسرے سال میں پورا لگان لیا جائے گا۔

لیکن ایسی زمین جو ہمیشہ بنجر (بغیر زراعت) رہی ہو اور پتھریلی بھی ہو اس قول پر دی جاوے:۔

(۱) پہلے سال میں لگان بالکل معاف ہوگا۔

(۲) دوسرے سال میں ایک چوتھائی لیا جائے گا۔

(۳) تیسرے سال میں نصف لگان لیا جائے گا۔

(۴) چوتھے سال میں پورا لگان لیا جائے گا۔

یہی قانون ان زمینوں کے متعلق بھی ہے جو بنجر اور پتھریلی ہوں اور بٹائی پر دی جائیں۔

Marfat.com

(۱) پہلے سال میں سرکار کو بٹائی نہیں ملے گی۔

(۲) دوسرے سال میں پیداوار کا ½ حصہ لیا جائے گا۔

(۳) تیسرے سال میں پیداوار کا چوتھائی حصہ لیا جائے گا۔

(۴) چوتھے سال میں پیداوار کا نصف حصہ لیا جائے گا۔

تشریح

حصہ کی تشریح دفعہ ۱۴ کے تحت کی جا چکی ہے۔ یہاں لگان کی تشریح کی جاتی ہے۔

"لگان کے تعین کرنے میں زمین کی وسعت کا لحاظ نہیں رکھا جاتا تھا بلکہ یہ دیکھا جاتا تھا کہ پیداوار کس قدر ہوئی ہے۔ لگان ہر جگہ زرِ نقد کی صورت میں وصول کیا جاتا تھا۔ یہ رقم اس وقت اناج کی قیمت کے لحاظ سے مقرر کی جاتی تھی۔ اور جب کبھی کاشتکار اور عاملانِ حکومت میں رقم کے تعین کرنے میں اختلاف ہوتا تھا تو عاملانِ حکومت کو حکم تھا کہ اناج لے لیا جائے" (ماڈرن میسور صفحہ ۲۹۸)

زوال سلطنت خداداد کے بعد جب انگریزوں نے ملک پر قبضہ کیا تو انہوں نے لگان کا تعین رقبہ کے لحاظ سے مقرر کیا۔ جس کی وجہ سے کسانوں میں ایک عام ناراضگی پھیل گئی اور کئی مقامات میں بغاوتیں اور بلوے شروع ہو گئے۔ انگریزی مورخوں نے اس کا حال بالکل نہیں لکھا ہے بلکہ اس کے خلاف یہ لکھا ہے کہ انگریزی حکومت ملک کے لئے باعث رحمت ثابت ہوئی۔ جن لوگوں نے سفرنامہ بکانن دیکھا ہے وہ اس سے واقف ہیں کہ اس سیاح نے اپنی کتاب میں ہر جگہ ان بغاوتوں اور ناراضگیوں

کا ذکر کیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ پٹیلوں اور بڑے بڑے لوگوں کو یا زندگی سے مار دیا گیا یا سولی دے دی گئی۔ یہاں اس سفر نامے سے دو تین مثالیں دی جاتی ہیں:۔

(۱) "باندار کے لوگوں پر سلطان کی خاص عنایت تھی۔ زوال سلطنت کے بعد یہاں ایک نے انگریزی قبضہ کے خلاف بغاوت کی۔ اس کو پکڑ کر سولی دے دی گئی۔ یہاں کے کسانوں نے کہا کہ انگریزی سرکار کا لگان کا قانون ان کے لئے سخت نقصان رساں ہے۔ میں نے انہیں سمجھایا کہ بجائے نقصان دہ ہونے کے یہ ان کے لئے فائدہ بخش ہے۔ اب بجائے کاہل رہنے کے انہیں محنت کرنی پڑے گی۔ وہ چست و چالاک بنیں گے۔ ان کی صحت اچھی رہے گی۔ اور میں نے انہیں یہ بھی سمجھایا کہ سلطان کے قانون سے اناج ایک ہی وقت میں باہر آ جاتا تھا جس سے قیمتیں گر جاتی تھیں لیکن اب انہیں چاہیئے کہ فصل کے بعد اناج کو چھپا دیں اور دوسرے دنوں میں جب اناج کمیاب ہوتا ہے اس چھپائے ہوئے اناج کو زیادہ قیمت پر فروخت کر کے فائدہ اٹھائیں۔" (صفحہ ۳۴۸۔ دوسری جلد)

(یہ وہ مکاری ہے جو ملک پر قبضہ ہوتے ہی سادہ دل ہندوستانیوں کو انگریزوں نے سکھائی)

پھر بھی سیّاح صفحہ ۳۵۰ پر لکھتا ہے۔

باوجود سمجھانے کے بھی کسانوں کو اصرار ہے کہ سلطانی قانون ہی بہت زیادہ فائدہ رساں تھا۔ اگر فصل اچھی ہوگئی تو لگان دیا جاتا تھا۔ اگر فصل

Marfat.com

اچھی نہ ہوئی تو لگان معاف کر دیا جاتا تھا۔ مگر اب تو فصل ہو یا نہ ہو لگان دینا ہی پڑتا ہے۔"

(۲) "۱۷۹۹ء میں جس وقت سرنگاپٹم فتح ہوا تو کرشنپا نایک کے بیٹے وِنکٹ داس نے جو ایگور کا راجہ تھا، ہماری حکومت کی مخالفت کی۔ کرنل مانٹ رلیسر کے ماتحت انگریزی فوج بھیجی گئی۔ بعد میں کرنل آرتھر ولزلی کو بھی روانہ کیا گیا۔ ونکٹ داس نے جنگلوں میں پناہ لے لی۔ یہ تین سال تک جنگلوں میں رہا۔ بعد میں اسی کے چند آدمیوں سے جو ایک گاؤں میں رسد کے لئے آئے تھے اس کی جائے رہائش معلوم ہو گئی۔ اس کو اور اس کے چھ ساتھیوں کو سولی دے دی گئی۔" (صفحہ ۳۵۰)

(۳) پورنیا کے جس کو ہم نے نئی حکومت کا دیوان بنایا تھا تین سو خاندان کو اس وقت تک قید رکھا جب تک کہ وہ اپنا تمام لگان اور ہتھیار واپس نہیں کر دیتے۔ (صفحہ ۳۵۰)

(۴) کسانوں کی بڑھتی ہوئی مخالفت کو دیکھ کر حکم دیا گیا کہ دیہات کی حفاظت کے لئے جو دیواریں اور باڑھیں تھیں انہیں نکال دیا جائے۔ اس کی وجہ سے کسانوں کی ہمت ٹوٹ گئی اور وہ ہمارے عاید کردہ لگان پر راضی ہو گئے۔ (صفحہ ۳۵۰)

(۵) یہاں کسانوں نے مجھ سے کہا کہ ملک پر جب سے کمپنی کا قبضہ ہوا ہے لگان کی شرح تقریباً دوگنی ہو گئی ہے۔ سلطان کے وقت جتنی زمین پر چھ بگوڈے لگان دیا جاتا تھا اب وہاں گیارہ بگوڈے لئے جاتے ہیں۔ (صفحہ ۱۸۵۔ دوسری جلد)

Marfat.com

بکانن کے سفرنامے سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ نہ صرف لگان کی شرح بڑھا دی گئی بلکہ کسانوں کو تقاوی قرضہ دینا بھی بند کر دیا گیا۔ بکانن نے اس کی وجہ یہ لکھی ہے کہ "یہ سخت ناانصافی ہے کہ ایک کسان سے روپیہ لے کر دوسرے کو دیا جائے۔ اور یہ اس گورے کی تحریک تھی کہ لگان کے لئے اناج میں حصہ لینے کے عوض رقبہ کے لحاظ سے لگان لیا جائے۔ اس نے لکھا ہے کہ "ہندوستانی دغا و فریب سے کام لیا کرتے ہیں۔ اناج کی صحیح مقدار بتاتے نہیں۔ اس لئے لگان رقبہ کے لحاظ سے مقرر کیا جائے۔ میجر ولکس (رزیڈنٹ) کی بھی یہی رائے تھی اور اسپر عمل کیا گیا۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص کسی ویران موضع کو آباد کرنا چاہے تو اس کی درخواست منظور کی جائے اور ان شرائط پر موضع اس کو دیا جائے :۔

(۱) تین سال تک اس سے کسی قسم کا کرایہ نہیں لیا جائے گا۔

(۲) چوتھے سال میں پیداوار دیکھ کر کرایہ مقرر ہوگا۔

۱۷۔ نخود۔ کھلتی اور موٹ کے کاشت کی ہمت افزائی کی جائے۔ کاشتکار کو حکومت کی جانب سے مراعات کا قول دیا جائے۔

تشریح

یہ مراعات تقریباً وہی تھیں جو دفعہ پندرہ میں لکھی گئی ہیں۔

۱۸۔ ضلع میں گیہوں اور جو (بارلی) کی پیداوار بالکل کم ہوتی ہے۔ کسانوں سے کہا جائے کہ اگر وہ اپنی ان زمینوں میں جن میں یہ دو چیزیں کبھی پیدا نہ کی گئی ہوں، پیدا کریں تو لگان میں حسب ذیل رعایت دی جائے گی۔

(۱) جس زمین کا لگان سابق میں پانچ پگوڈے ہے اُس سے پہلے تین سال تک صرف چار پگوڈے لئے جائیں گے۔ چوتھے سال سے پورا لگان لیا جائیگا۔"

Marfat.com

اگر پہلے سے ان دو چیزوں کی کاشت ہو رہی ہو تو پیداوار میں ترقی کی شرط پر مذکورۂ بالا رعایت کا قول دیا جائے۔

۱۹۔ کسانوں کو اطلاع دی جائے کہ مملکت خداداد کے پورے طول و عرض میں گانجہ کی کاشت ممنوع قرار دی جاتی ہے۔ اگر کسی گاؤں میں یہ پودا کھیتوں میں یا مکانوں کے پیچھے چوری چھپی بویا گیا تو جرمانہ ڈالا جائے گا۔

جس جگہ گذشتہ سال کا گانجہ موجود ہو، یا کوئی تاجر باہر سے لے آئے تو اس پر محصول دوگنا کر دیا جائے۔

تشریح

اس سلسلہ میں سن اور خشخاش کی کاشت کرنا بھی بند کر دیا گیا۔

رئیس اپنی تاریخ میں لکھتا ہے:۔

منشیات کو ممنوع قرار دینے سے سلطنت کی آمدنی میں جو کمی ہوئی اس کو سلطان نے دوسرے طریقوں سے پورا کیا۔

بورنگ لکھتا ہے:۔

ٹیپو نے منشیات کو ممنوع قرار دے کر ایک عاقل ریفارمر کا کام کیا۔

سلطنت خداداد پر قبضہ کے فوراً ہی بعد سلطان کے اس قانون کو انگریزوں نے بدل دیا بلکہ حکومت کی جانب سے گانجہ کی کاشت کے لئے فارمس بنائے گئے۔

۲۰۔ ہر گاؤں میں ایک موزوں قطعۂ زمین دیکھ کر اس میں آم اور دوسرے منتخب میووں کے دو سو درخت لگائے جائیں اور خاص طور پر ان کی حفاظت

کا انتظام کرنے کے بعد حضوری میں اطلاع دیں۔

تشریح

میسور کی سرسبزی کا راز اسی میں ہے کہ سلطان نے ہر جگہ باغات لگانے کا انتظام کیا۔ اس کو باغات سے ایک خاص شوق تھا۔ بنگلور اور سرنگاپٹم میں اس نے خاص اپنی نگرانی میں دو باغات لگائے تھے۔ ان دونوں کا نام لال باغ رکھا گیا۔ یہ باغات کسانوں کے فائدہ کے لئے لگائے گئے۔ یہاں سے بیج اور پودے کسانوں کو دیئے جاتے تھے۔ اور یہاں یہ تجربہ کیا جاتا تھا کہ اس ملک کی آب و ہوا میں غیر ممالک کے درخت پھل پھول لا سکتے ہیں یا نہیں۔

بکانن اپنے سفرنامہ میں لکھتا ہے :۔

"میں نے لال باغ دیکھا۔ یہاں زمین کو مربع قطعوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اور ہر قطعہ کے بازو راستہ ہے جس پر دونوں جانب سرو کے درخت لگے ہوئے ہیں۔ یہ قطعے پھلدار درختوں اور گملوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ درختوں کی قسموں کے مطابق علیحدہ علیحدہ قطعے مخصوص کئے گئے ہیں۔ یہاں سرو۔ انگور۔ ناشپاتی اور سیب کثرت سے اور نہایت عمدہ ہوتے ہیں۔ یہ تعجب سے دیکھا گیا کہ ٹیپو نے جنوبی افریقہ سے صنوبر اور سرو کے درخت منگا کر لگائے ہیں۔ وہ نہایت اچھی حالت میں ہیں" (سفرنامہ بکانن پہلی جلد صفحہ ۱۸۰)

میجر ڈائرم نے اپنی یادداشتوں میں لکھا ہے :۔

"لال باغ میں ٹیپو نے تجربہ کے طور پر دنیا کے تمام درخت لگائے

Marfat.com

ہیں اور یہاں رات دن تجربہ ہوتا رہتا ہے کہ کون سے مفید درخت یہاں آب و ہوا کے لحاظ سے موزوں ہو سکتے ہیں۔"

سرنگا پٹم کے لال باغ میں انجیر - امرود - آم اور سیب کے درخت کثرت سے تھے - آج بھی سرنگا پٹم میں انجیر اور امرود کثرت سے ہوتے ہیں۔

ان دو باغوں کے علاوہ بکانن نے اپنے سفرنامہ کی تیسری جلد کے صفحہ ۴۲۲ پر ایک اور سلطانی باغ کا ذکر کیا ہے جو ملولی "گلشن آباد" میں تھا - اس نے لکھا ہے:۔

"یہاں ایک بہت بڑے قطعہ زمین پر سلطان نے خاص اپنی نگرانی میں ایک نہایت ہی خوبصورت باغ لگایا ہے۔ ملولی سلطان کی خاص جاگیر ہے جو نواب حیدر علی نے اپنے فرزند کو دی تھی - سلطان کے اس باغ میں ۴۰۰ ۲ درخت ہیں - ان میں نصف حصہ آم کے درختوں کا ہے اور باقی نصف دوسرے پھلوں کے ہیں - باغ کے ٹھیک وسط میں ایک خوشنما بارہ دری بنی ہوئی ہے - جس سے چار راستے چاروں طرف باغ میں جانے کے لئے نکالے ہوئے ہیں - راستوں کے دونوں طرف خوشنما چھوٹی نہریں بنی ہوئی ہیں جن میں موتی جیسا صاف و شفاف پانی بہتا رہتا ہے - اس باغ کی آبیاری ایک بڑے تالاب سے ہو رہی ہے"۔

ملولی (گلشن آباد) کا یہ تالاب نواب ناصر جنگ شہید نظام دکن نے بنایا تھا - ناصر جنگ جب میسور سے خراج حاصل کرنے کے لئے آیا ہوا تھا تو اس کا کیمپ اسی جگہ تھا - خراج کی ادائیگی میں بہت دیر لگی - ناصر جنگ نے اپنی تفریح اور پانی کی قلت دیکھ کر اس تالاب کی بنیاد رکھی - یہ تالاب اس قدر خوبصورت تیار ہوا کہ خود اس نے اس کا نام "موتی تالاب" رکھا - سلطان نے اپنے عہد میں ملولی

Marfat.com

کا نام بدل کر گلشن آباد رکھا۔

میسور کا اگر سفر کیا جائے تو سیاح کو ہر جگہ کثرت سے باغات نظر آئیں گے۔ ان میں آم، ناریل اور سپاری کے باغات کی کثرت ہے۔ اور ان کا سلسلہ سلطانی زمانہ سے چلا آرہا ہے۔

۲۱- اگر کوئی شخص ناریل یا سپاری کے ویران باغ پر بغیر سرکاری اجازت کے قبضہ کرے اور لگان بھی ادا نہ کرے تو اس باغ کو بحق حکومت ضبط کر لیا جائے اور ملازموں کو رکھ کر سرکاری طور پر اس میں کاشت کی جائے۔ میوؤں کے درختوں میں اضافہ کریں۔ سبزی ترکاری بھی بوئیں۔ درختوں کی تفصیل رجسٹر میں درج کریں اور پیداوار سے جو قیمت حاصل ہو خزانہ میں داخل کی جائے۔

لگان سے محفوظ رہنے کے لئے بہت سے لوگ باغوں کو ویران بتاتے ہوئے، دوسرے لوگوں کو بغیر کرایہ کے دے رکھے ہیں۔ تحقیقات کے بعد ان باغوں پر لگان لگایا جائے۔ اگر ان لوگوں پہ تقاوی ہو تو وہ بھی وصول کی جائے۔ پھلدار درختوں کے نیچے جو پیداوار ہوتی ہے اس میں بھی حکومت کا حصّہ ہے۔

تشریح

بکانن اپنے سفرنامہ کی دوسری جلد میں مختلف مقاموں کے تحت میں لکھتا ہے:-

"پھلدار درختوں کے نیچے کی پیداوار میں حصہ صرف ان باغوں سے لیا جاتا تھا جہاں درخت بالکل دور دور بوئے گئے ہوں۔ لیکن جہاں درخت نزدیک لگائے جاتے تھے وہاں سرکار کو کوئی حصہ نہیں ملتا تھا۔"

۲۲- جنگلوں سے دال۔ عود۔ لاک۔ گوند اور موم وغیرہ جمع کر کے حمالوں کے ذریعہ

Marfat.com

پٹن کو روانہ کریں۔ ناجائز استعمال ممنوع قرار دیا جاتا ہے۔

قصبوں اور دیہات کے نزدیک موزوں قطعات دیکھ کر ان میں دو ہزار صنوبر اور ساگوان کے درخت بوئے جائیں۔ ان باغوں کی حفاظت کی تاکید کی جاتی ہے ۔۔۔ اگر یہ درخت کسانوں کو دی ہوئی زمینوں میں پائے جائیں تو ان سے معاملہ کریں۔ کسان اگر نقد روپیہ طلب کریں تو نقد روپیہ دیا جائے ورنہ ان کے لگان میں یہ رقم وضع کی جائے۔ تاکید دی جاتی ہے کہ ان درختوں کا ایک تنکا بھی باہر جانے نہ پائے۔

تشریح

مذکورہ بالا دفعہ میں عاملان حکومت کو تاکید دی گئی ہے کہ درختوں کا ایک تنکا بھی باہر جانے نہ پائے۔ یہ تاکید کس لئے تھی کہ پائین گھاٹ میں جو انگریزوں کا علاقہ تھا۔ لکڑی ملتی نہ تھی۔ اس لئے انگریز ہر وقت اس کوشش میں مصروف رہتے تھے کہ اپنے جہازوں اور دیگر ضروریات کے لئے لکڑی سلطنت خداداد کے جنگلوں سے حاصل کریں۔ اس لئے سلطان نے انگریزوں کو لکڑی سے محروم کرنے کے لئے اس قانون کو جاری کیا۔

۲۴۔ حکومت کو ساگوان اور ببول کی لکڑی کی سخت ضرورت ہے۔ اس سے توپ خانہ کی گاڑیوں کے پہیے بنتے ہیں۔ تاکید ہے کہ دوسرے کاموں کے لئے ان درختوں کو کاٹا نہ جائے۔ حکومت کو جس وقت ضرورت ہوگی کاٹنے کا حکم دیا جائے گا۔ ساگوان کے تخم جن سے درخت اگتے ہیں حاصل کریں اور بارش کے دنوں میں انہیں دریاؤں اور ندیوں کے کنارے نشیبی زمین میں بوئیں تاکہ یہ درخت کثرت سے

Marfat.com

پیدا ہوں۔

۲۴۔ آپ کے ماتحت ضلع میں صندل کے درخت ہیں۔ ان میں جو درخت پختہ ہوئے ہوں انہیں کاٹ کر مع شاخوں اور جڑوں کے تول کر پٹن کو روانہ کریں۔ جس زمین کی آبپاشی دریاؤں اور قدرتی نہروں سے ہوتی ہے اُس میں صندل کے درخت لگائے جائیں۔ ان درختوں کو بغیر سرکاری اجازت کے کاٹنا ممنوع ہے۔

تشریح

صندل میسور علاقہ کی خاص پیداوار ہے۔ آج بھی ریاست میسور اس سے فائدہ اٹھا رہی ہے۔ میسور کے صندل کے مصنوعات مشہور ہیں۔ صندل کا درخت آج بھی سرکاری ملکیت ہی قرار دیا گیا ہے۔

۲۵۔ خیار دشنبی (شکے کائی) اور املی کے درخت اگر سرکاری زمین میں ہیں تو ان کی پیداوار سرکار کی ملک ہے۔ املی اور شکے کائی جمع کی جائے۔ مگر جو درخت کسانوں کی زمینوں میں ہیں وہ انہیں کی ملکیت ہے۔ ان کی پیداوار میں سرکار کو کوئی حق نہیں ہے۔

۲۶۔ کوئی کسان اگر پان کا باغ لگانا چاہے تو اس سے پہلے تین سال تک صرف نصف لگان لیا جائے گا۔ چوتھے سال سے پورا لگان دینا ہوگا۔

تشریح

پان کے باغات پر بھی لگان کا وہی دستور تھا جو دوسری زمینوں کے لئے مروج تھا۔ یعنے نصف پیداوار اخراجات کاشتکاری کے طور پر کسان کو دینے کے بعد بقیہ نصف پر ہی لگان لیا جاتا تھا۔

بکانن اپنے سفرنامہ کے صفحہ ۵۳ ۴ پر لکھتا ہے :-

Marfat.com

"میں نے رقبہ کے لحاظ سے جب ان باغوں کے لگان کا حساب لگایا تو معلوم ہوا کہ ایک ایکڑ زمین پر لگان نو شلنگ دس پنس ہے یعنے سات روپیہ چھ آنے۔

۲۷- اگر کوئی شخص سپاری کا باغ لگاتا ہے تو پہلے پانچ سالوں میں لگان بالکل نہیں لیا جائے گا۔ چھٹویں سال سے مروجہ لگان کا نصف اُس وقت تک لیا جائے جب تک کہ درخت پھل دینا شروع کریں۔ پھل دینے کے بعد پورا مروجہ لگان یا حصّہ جیسا وہاں دستور ہے، لیا جائے گا۔

تشریح

سپاری کے درخت پہلے پانچ سال تک بالکل پھل نہیں دیتے۔ اس کے بعد سے کچھ درخت پھل دینا شروع کرتے ہیں۔ دسویں سال تمام درخت پھل دینے لگتے ہیں۔ سلطان نے اسی لحاظ سے پہلے پانچ سال تک لگان کی معافی دی اور بعد میں پورا باغ پھل دینے تک نصف لگان مقرر کیا۔ یہاں بھی لگان کا دستور زمین کے لگان کے مطابق ہی تھا یعنی کل پیداوار کا نصف حصّہ اخراجات کاشتکاری کے طور پر کسان کو ملنے کے بعد باقی نصف کو حاصل پیداوار قرار دے کر لگان مقرر کیا جاتا تھا۔

سلطان سے پہلے جو حکومتیں تھیں وہ پیداوار میں حصّہ لیتی تھیں، لیکن سلطان نے سپاری کے باغوں سے بجائے پیداوار میں حصّہ لینے کے نقد رقم لینے کا قانون جاری کیا۔ سپاری کی قیمت ہمیشہ بڑھتی یا کم ہوتی تھی اس لحاظ سے اگر حکومت کو ایک جانب فایدہ تھا تو دوسری جانب کسانوں کو بھی بہت بڑا فایدہ تھا۔ وہ سپاری اسی وقت فروخت کرتے تھے جب

Marfat.com

قیمتیں بڑھ جاتی تھیں۔ سلطان نے لگان کی رقم بھی گاؤں کی پنچایت کے فیصلہ پر چھوڑ رکھی تھی۔ بکانن اپنے سفر نامہ کے صفحہ ۳۵۴ پر لکھتا ہے:-

"سپاری کے باغات سے اگلی حکومتوں کو نصف پیداوار بطور لگان ملا کرتی تھی۔ لیکن ٹیپو سلطان نے باغ کے مالکوں سے پیداوار کے عوض نقد رقم لینا منظور کیا اور یہ رقم پنچایت کے فیصلہ سے مقرر ہوتی تھی۔ اس لحاظ سے ایک کھنڈی کی زمین سے ۱۰۰ یا ۱۲۰ فنم ملتے تھے۔ جو رقبہ کے لحاظ سے فی ایکڑ ۱۵ شلنگ ۶ پنس سے ۱۸ شلنگ ۷ پنس تک ہے یعنے گیارہ روپیہ دس آنے سے تیرہ روپیہ پندرہ آنے تک ہے۔

انگریزی حکومت نے اس قانون کو یکسر اُلٹ دیا۔ بکانن نے حکومت کو مشورہ دیا کہ" اس سلطانی قانون سے حکومت کو سخت نقصان پہنچتا ہے میں نے ہمارے مقرر کردہ تحصیلداروں سے دریافت کیا تو انہوں نے بھی یہی مشورہ دیا کہ اس قانون کو بدل کر پیداوار سے نصف حصہ لیا جائے جب اس کا حساب کیا گیا تو معلوم ہوا کہ نصف پیداوار سے ۲۵ من سپاری ملتی ہے جس کی قیمت ۵۷۵ فنم یا ۶۳ روپیہ ہوتی ہے"۔

چنانچہ انگریزوں نے جہاں کھیتوں پر رقبہ کے لحاظ سے لگان لینے کا قانون جاری کیا وہاں باغوں سے پیداوار لینا منظور کیا۔ اس لئے کہ اس میں ان کا فایدہ تھا۔

۲۸ - جو شخص ناریل کا نیا باغ لگائے گا اس سے پہلے چار سالوں میں لگان بالکل نہیں لیا جائے گا۔ پانچویں سال میں مقررہ لگان کا نصف لیا جائے گا۔ چھٹویں سال میں پورا مقررہ لگان یا حصہ جیسا وہاں رواج ہے لیا جائے گا۔ اس رعایت

Marfat.com

کے علاوہ جو کچھ سبزی ترکاری پہلے چار سالوں میں اس باغ میں ہوگی اس میں حکومت کا کوئی حق نہیں ہے۔

تشریح

لگان جس طریقہ سے لیا جاتا تھا اس کی تشریح پچھلے صفحات میں کی جا چکی ہے۔ ناریل کے درخت بھی پہلے چار سال تک پھل نہیں دیتے۔ پانچویں سال پھل دینا شروع کرتے ہیں۔ چونکہ سپاری اور ناریل کے باغات تیار کرنے میں کسانوں کو بہت زیادہ محنت اور آمدنی کے لئے سالہا سال تک انتظار کرنا پڑتا ہے اس لئے سلطان نے ان درختوں کے نیچے جو سبزی ترکاری ہوتی تھی اس میں حکومت کا کوئی حصہ مقرر نہیں کیا۔ بکانن نے اپنے سفرنامہ میں لکھا ہے کہ ایک باغ کی تیاری میں کسان کے تقریباً ایک ہزار روپے خرچ ہوتے تھے۔ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ یہ ایک ہزار روپیہ اس زمانہ میں کتنی قدر و قیمت رکھتے تھے۔

بکانن نے باغات کے متعلق مندرجہ ذیل معلومات اپنے سفرنامہ میں دیئے ہیں۔

(۱) باغوں کی زمین بھی باغ والوں کی ملکیت ہی سمجھی جاتی تھی۔

(۲) جب تک کسان لگان ادا کرے اس کو بے دخل نہیں کیا جا سکتا تھا۔ مگر جب کسان باغ کو بنجر ڈال دیتا تھا تو باغ سرکار کا ہو جاتا تھا اور حکومت باغ دوسرے کو دے دیتی تھی۔

(۳) باغات دوسروں کو فروخت کرنے کی اجازت تھی۔

(۴) بعض علاقوں میں ناریل کے درختوں پہ لگان نہیں لیا جاتا تھا۔ یہ درخت

Marfat.com

خشک علاقوں میں ہوتے تھے جن کی آبپاشی بارشوں وغیرہ سے ہوتی تھی۔ چونکہ کسان کو بہت زیادہ مشقت اٹھانی پڑتی تھی اس لئے لگان نہیں لیا جاتا تھا۔

(۵) ایک درخت میں دس سے دو سو ناریل تک لگتے ہیں۔ سو ناریل کی قیمت پانچ فنم تھی۔

(۶) اگر درخت نزدیک نزدیک اور گھنے ہوں تو ان کے نیچے جو اناج بویا جاتا تھا اس میں حکومت کو کوئی حصہ نہیں ملتا۔

(۷) اگر کسان باغ سے بے پروائی کرے اور درخت دور دور اور پھیلے ہوئے ہوں تو اناج میں حکومت کا حصہ تھا۔

(صفحہ ۳۰۸ تیسری جلد)

۲۹۔ پورے ضلع کی مردم شماری اور خانہ شماری کی جائے۔ ہر قصبہ اور گاؤں کے نام کے تحت مندرجہ ذیل معلومات دی جائیں:۔

(۱) کتنے مکانات ہیں۔

(۲) آبادی کیا ہے۔

(۳) کتنے مرد۔ کتنی عورتیں اور کتنے بچے ہیں۔

(۴) ذات کیا ہے۔

(۵) پیشہ کیا ہے۔

(۶) اگر لوگ کاشتکار ہیں تو ان کے پاس کتنے ہل اور کتنی زمین ہے۔

(۷) گاؤں میں زراعت ترقی پر ہے یا تنزل پر۔

حساب لیتے وقت نہایت احتیاط کی جائے کہ لوگوں کے دلوں میں خوف وہراس

Marfat.com

پیدا نہ ہو۔ اگر لوگ دریافت کریں تو کہا جائے کہ آمد و خرچ کا حساب دیکھ کر ضرورت مندوں کو تقاوی (قرضہ) دی جائے گی۔

شان بھوگوں کو حکم دیا جائے کہ اپنے اپنے گاؤں کا حساب تیار کر کے تحصیلدار کو روانہ کریں اور ہر تحصیلدار اپنی سمت کا حساب عامل ضلع کو روانہ کرے گا۔ اس طرح پورے ضلع کا حساب عامل کے دفتر میں تیار ہوگا۔ عامل کو چاہیئے کہ حساب کے تحت میں آبادی اور زراعت کے متعلق اپنی رائے لکھ کر صدر دفتر کو روانہ کرے جہاں سے یہ حضوری میں پیش ہوگا۔

یہ حساب ماہ رمضان المبارک میں صدر دفتر میں پہنچ جانا چاہیے۔ یاد رہے کہ ان تمام حسابات کی تنقیح ماہ ذی الحجہ میں ہوتی ہے۔

تشریح

معلوم ہوتا ہے کہ سلطان سے پہلے ملک میں مردم شماری کا رواج نہیں تھا۔ میں نے یہ اس لئے لکھا ہے کہ انگریزی مورخوں نے اس کو سلطانی ایجاد قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ "سلطان نے مردم شماری کا رواج اس لئے جاری کیا کہ رعایا سے زیادہ سے زیادہ روپیہ ٹیکسوں کے ذریعہ حاصل کرے۔

مگر یہ تعجب سے دیکھا جائے گا کہ سلطنت خداداد پر قبضہ ہوتے ہی ان گوروں نے ڈاکٹر بکانن کو خاص اسی مقصد کے لئے روانہ کیا جس کی اقتصادی رپورٹ تین جلدوں میں لنڈن میں ۱۸۰۷ء میں شائع ہوئی۔ مردم شماری کا یہ رواج نہ صرف میسور بلکہ تمام ہندوستان میں ابھی تک جاری ہے۔ بڑے شہروں میں مردم شماری اگر دس سال میں ایک دفعہ

Marfat.com

ہوتی ہے لیکن دیہات میں پٹیل ہر سال مردم شماری کرتے ہیں۔

مذکورہ بالا دفعہ کے تحت میں لکھا گیا ہے کہ تمام حسابات کی تنقیح ماہ ذی الحجہ میں ہوتی ہے۔ سلطانی حکم سے ہر سال عاملان ضلع کی ایک کانفرنس سرنگاپٹم میں ماہ ذی الحجہ میں ہوتی تھی۔ کرک پیاٹرک مکاتیب سلطانی میں لکھتا ہے:۔

ان کانفرنسوں کے خاتمہ پر سلطان کی جانب سے تمام مسلمان افسروں اور تمام ہندو افسروں کو علیحدہ علیحدہ شاندار دعوتیں دی جاتی تھیں۔ ان دعوتوں کے بعد عطر اور پان تقسیم ہوتے تھے۔

۳۰۔ زمین کے حساب کی تنقیح ماہ رمضان میں کی جاتی ہے۔ آپ کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ آپ کے ضلع کا حساب صدر دفتر میں ماہ شعبان میں پہنچ جانا چاہیئے۔

تشریح

حسابات کی تنقیح اور ملکی حالات پر غور و خوض کے لئے ہر ماہ ذی الحجہ میں عاملانِ حکومت کی کانفرنس سرنگاپٹم میں ہوتی تھی۔ کرک پیاٹرک مکاتیب سلطانی میں لکھتا ہے:۔

"ماہ ذی الحجہ میں عید کے موقع پر ہر سال آصفان ضلع اور نائبان تجارت بورڈ کی علیحدہ علیحدہ کانفرنسیں سرنگاپٹم میں ہوتی تھیں۔ ان کانفرنسوں کا خرچ سرکاری خزانہ سے ادا کیا جاتا تھا۔ ان کانفرنسوں کے موقع پر سلطان کی جانب سے تمام مسلمان افسروں اور تمام ہندو افسروں کو علیحدہ علیحدہ شاندار دعوت دی جاتی تھی۔ اور رخصت کے وقت عطر اور پان پیش کئے جاتے تھے"

۳۱۔ سال کے آخر میں عامل۔ سررشتہ دار اور شان بھوگ تینوں مل کر اپنے ہی مالگت

Marfat.com

علاقہ کی زمینوں کا ناپ درعِ سلطانی کے مطابق لینا چاہیے۔ اس سے مقصد مندرجہ ذیل معلومات کا حاصل کرنا ہے:-

(۱) ہر گاؤں سے کتنی زمین ملحق ہے۔

(۲) کتنے لب زمین زیر کاشت ہے۔

(۳) ایک کھنڈی تخم سے کتنا غلہ پیدا ہوتا ہے۔

(۴) دریاؤں۔ نہروں اور تالابوں سے کتنی زمین سیراب ہوتی ہے۔ اس حساب میں برہمنوں اور مندروں کو دی ہوئی زمینیں بھی شامل کی جائیں۔

(۵) انعامی زمینیں۔ عام شاہراہیں۔ باغات۔ بنجر اور آباد زمینیں علیحدہ علیحدہ دکھائی جائیں۔

(۶) تر اور خشک زمینوں کا رقبہ علیحدہ علیحدہ دکھانے کے علاوہ زرخیزی کے لحاظ سے زمین کی قسم بھی دکھائی جائے۔

(۷) ان زمینوں سے فی کھنڈی تخم سے کتنی پیداوار ہوتی ہے اور لگان کتنا حاصل ہوتا ہے۔

کسانوں کے اطمینان کے لئے مندرجۂ بالا حساب خود ان کے سامنے کیا جائے اور ان سے پوچھ لیا جائے کہ حساب صحیح اور درست ہے۔ اور وہ اس حساب سے مطمئن ہیں۔

مندرجہ بالا حساب کی تین نقلیں بنائی جائیں۔ ایک آپ کے دفتر میں رہے گی دوسری صدر دفتر کو روانہ کریں اور تیسری حضوری میں بھیجیں۔

تشریح

آئین سلطانی کی اس دفعہ میں برہمنوں اور مندروں کو دیئے ہوئے

Marfat.com

واقعات کا ذکر ہے، جس پر اسی کتاب کے مقدمہ میں روشنی ڈالی گئی ہے یہاں زمین کی قسموں کی تشریح کی جاتی ہے جس کا ذکر اس دفعہ میں کیا گیا ہے۔ یہ بتایا جا چکا ہے کہ لگان کا تعین پیداوار پر تھا۔ پیداوار زمین کی قدرتی زرخیزی پر منحصر ہوتی تھی۔ اس لحاظ سے زمین کو چار قسموں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ بکانن اپنے سفرنامہ کے صفحہ ۲۹۹ پر لکھتا ہے:۔

زمین چار قسموں پر تقسیم تھی۔

پہلی قسم۔ بہت سیاہ رنگ کی مٹی کی۔

دوسری قسم۔ سرخ رنگ کی مٹی کی۔

تیسری قسم۔ وہ زمین جس میں بالو ملی ہوئی ہو۔

چوتھی قسم۔ بہت زیادہ بالو اور کنکر ملی ہوئی زمین۔

تر زمینوں میں چاول اور نیشکر بوئے جاتے تھے۔ چاول کی مندرجۂ ذیل قسمیں عام تھیں۔

بڑا بھات۔ کمبوتی راجر۔ ولی سند۔ اور اُپٹ بھات۔

ڈریس نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ عہد سلطانی سے پہلے میسور میں صرف موٹی قسم کا چاول پیدا ہوتا تھا۔ سلطان نے ٹراونکور سے اعلیٰ قسم کے چاول کے بیج منگا کر اچھی قسموں کو رواج دیا۔

سال میں دو فصلیں ہوتی تھیں۔ کارو اور ہینو۔ بارش کے موسم کی فصل کو ہینو اور گرمی کے موسم کی فصل کو کارو کہا جاتا ہے۔

جہاں گرمی کے موسم میں پانی کم یاب ہوتا تھا تو اس وقت زمینوں میں نیشکر بویا جاتا تھا۔ نیشکر کی دو قسمیں تھیں (۱) پٹا پٹی جو گڑ بنانے کے کام آتا تھا۔

دلا دستانی جو بہت نرم اور میٹھا ہوتا تھا۔

۴۱۔ دفعہ ۴۰ کے مطابق حساب بنانے وقت اگر گاؤں اور قصبوں کے نشان بھوگ، اپنی چوریوں کے راز معلوم ہو جانے کے خوف سے کسانوں کو ورغلائیں یا کسی اور طریقوں سے مانع ہوں تو ان رازوں کو دریافت کریں۔ انہیں سخت سزائیں دیں اور جرمانے بھی ڈالیں۔

۴۲۔ انعامات کے تحت سپاہی، متصدی، اور برہمنوں کی زمینوں کے جس قدر زمینات گاؤں کے بارہ بلوتیوں کو دی گئی ہوں ان سب کا ناپ جمع بندی کے حساب میں شامل کیا جائے اور مقابل میں دکھایا جائے کہ یہ زمینیں انعام کی ہیں۔ یہ انعام ان کے مالکوں کو قائم رہے گا۔ لیکن ضروری ہے کہ وہ اپنے فرائض منصبی ٹھیک طور پر بجا لائیں۔

۴۳۔ چھیلوں کے علاوہ بہت سے دوسرے لوگ بھی بڑے اور چھوٹے تالاب۔ باولیاں اور نہریں اپنے خرچ سے رفاہ عام کے لئے بناتے ہیں۔ اس کے بدلے میں انہیں زمینیں بانعام دی گئی ہیں۔ یہ انعام وراثتی انعام کے تحت دیا گیا ہے۔ یہ مستقل طور پر ان کے نام قائم رہے گا۔ لیکن ضروری ہے کہ یہ لوگ اپنی بنائی ہوئی نہروں یا تالابوں وغیرہ کی مرمت کرتے رہیں۔

اگر کوئی انعام دار مالی مشکلات کی وجہ سے مرمت کرنے کے ناقابل ہو تو حکومت کی جانب سے مرمت کی جائے اور اخراجات ان سے بتدریج قسطوں میں وصول کئے جائیں۔

۴۵۔ سرکاری تالابوں۔ باولیوں اور نہروں کی مرمت کے وقت مندرجہ ذیل امور کا لحاظ رکھا جائے۔

(۱) عامل۔ متصدی اور سرکار سے خود جا کر تالاب۔ باولی یا نہر کا معائنہ کریں۔

Marfat.com

(۲) حکومت کے فائدہ کو مدنظر رکھتے ہوئے مرمت اس طرح کی جائے کہ مضبوط بھی ہو اور زراعت کے لئے زیادہ سے زیادہ فائدہ رساں بھی ہو۔

(۳) ان کاموں کا نرخ پہلے سے مقرر ہے، اسی نرخ پر کام لیا جائے۔

(۴) مزدوروں کی اجرت نقد دے کر ان سے رسید لی جائے۔

(۵) مرمت کا حساب شان بھوگ اور متصدی اپنے حسابوں کے ساتھ رکھیں گے۔

(۶) پشتے باندھنے کے لئے مٹی کی ضرورت ہو تو بھینسے استعمال کئے جائیں۔ انکی مزدوریاں کا حساب شان بھوگوں کو رکھنا چاہیئے۔ دیکھا جائے کہ ہر دن کتنی مٹی جمع ہو رہی ہے۔

۳۶۔ اگر کوئی شخص رفاہ عام کے لئے تالاب۔ نہر باولی۔ شہر پناہ۔ گڑھی یا برج تعمیر کرے یا کوئی نیا گاؤں آباد کرے تو اس جگہ کے مقدم اور دوسرے لوگوں سے دریافت کیا جائے کہ وہاں سرکاری انعام کا دستور کیا ہے۔ اسی دستور کے مطابق اس کو وراثتی انعام میں زمین دی جائے۔ اس زمین پر لگان معاف ہے۔

اگر وہاں رعایتی لگان کا رواج ہے تو اسی کے مطابق عمل کریں۔ بہرطور یہ انعام وہاں کے قدیم رسم و رواج کے مطابق ہونا چاہیئے۔

۳۷۔ ضلع میں لگان سالانہ تین قسطوں میں ہر چار ماہی پر لیا جاتا ہے۔ نیا سال شروع ہونے سے پیشتر باقی رقم وصول کر لینا چاہیئے۔ وصول شدہ روپیہ خزانہ کو بھیجکر رسید حاصل کریں۔

نیا سال ہندوی حساب سے ماہ بھودرپد سے شروع ہوتا ہے۔

۳۸۔ جس ضلع کی آمدنی دس ہزار ہگوڈول سے زیادہ ہو۔ وہاں پانچ سو کی رقم جمع ہوتے ہی خزانہ کو بھیجدیں۔ ضلع کی پوری جمع بندی کے اندازہ سے رقم روانہ کی جائے۔

Marfat.com

۳۹۔ کسانوں کو اطلاع دی جائے کہ وہ اپنے لگان کی رقم قسط بندی کے مطابق تھول (گشتی ہرکارے)
کے ذریعہ روانہ کریں اگر تھول انکار کریں تو انہیں سزا دیں اور ان کے عوض دوسرے تھول
مقرر کریں۔

تشریح

تھول ہرکاروں کا ایک محکمہ تھا جو عامل ضلع کے ماتحت تھا۔ ان ہرکاروں
سے لگان کی وصولی کی جاتی تھی۔ یوں تو عام قانون کے مطابق فصل پر
لگان لیا جاتا تھا مگر جب کسان مجبوریوں کی وجہ سے لگان ادا نہ کرسکتے تھے
تو انہیں سہولت دیتے ہوئے حکم دیا جاتا تھا کہ اپنا لگان ان گشتی ہرکاروں کے
ذریعہ روانہ کریں۔ یہ ہرکارے وعدہ کی تاریخ پر کسان کے پاس آتے تھے۔

۴۰۔ سرکاری کاموں کی نگرانی کے لئے جو ہرکارے مقرر ہیں۔ ان کے متعلق معلوم ہوا ہے
کہ ان میں سے اکثر ہرکارے مزدوروں سے نہایت بُرا سلوک کرتے ہیں یا ان سے
رشوت لیتے ہیں۔ دریافت کرنے کے بعد ان حرکات سے انہیں منع کیا جائے۔
مزدور صرف سرکاری کام کے لئے ہیں۔ ان سے بُرا سلوک کرنا یا ان سے رشوت
لینا بالکل ناجائز ہے۔ جو ہرکارے مزدوروں پر ظلم کریں یا ان سے رشوت لیں انہیں
سزا دیں۔

۴۱۔ جمع بندی کے دوران میں دفتر کا وقت صبح کے نو بجے سے شام کے پانچ بجے تک
مقرر کیا جاتا ہے۔ اور پھر شب میں آٹھ بجے سے تین بجے تک ہے۔
حساب ختم ہونے کے بعد اس پر دستخط اور مہر کر کے حضوری اور صدر دفتر
میں نقلیں بھیجی جائیں۔ جمع بندی کے حساب کے وقت گاؤں کے پٹیل یا شان
بھوگ کو ایک دوسرے کے یہاں جانا نہیں چاہیئے۔ سرکاری افسروں کو سرکاری

Marfat.com

کام اپنے اپنے مکانوں میں نہیں کرنا چاہیئے۔ سرکاری کام کے لئے دفتر ہے۔ دفتر ہی میں کام ہونا چاہیئے۔

حکم دیا جاتا ہے کہ ماہانہ حساب متعلقہ کچہریوں کو معائنہ وقت پر بھیجا جائے۔ یہ بھی حکم دیا جاتا ہے کہ آپ ہر ہفتہ ضلع کی حالت سے اطلاع دیتے رہیں۔

تشریح

ملک کی موجودہ حکومتیں بھی اس قانون پر عمل کر رہی ہیں۔ اور اسی مقصد سے ہر ہفتہ گزٹ شایع ہوتے ہیں جن میں ملک کی اقتصادی حالت۔ بارش تجارت اور زراعت وغیرہ کے متعلق اعداد و شمار اور معلومات لکھے ہوئے ہوتے ہیں۔

۲۴۔ جب کبھی حضور کچہری یا ضلع کی تکوری کچہری سے احکام ملیں تو ان کی فوری اطاعت کی جائے۔

۲۴۔ رواج چلا آرہا ہے کہ گاؤں کے لوگ تہواروں یا مسافروں پر اپنا روپیہ بہت زیادہ خرچ کرتے ہیں۔ اطلاع دی جائے کہ مسافروں پر روپیہ خرچ نہ کیا جائے۔ اگر ایسا ہی کسی کو خرچ کرنا ہو تو اگر اس کے پاس سو پگوڈے ہوں تو ایک پگوڈا خرچ کیا جائے۔ زیادہ خرچ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

تشریح

سلطان نے یہ قانون اس لئے جاری کیا کہ عام طور پہ مسافر صرف اپنے ہی فائدہ کے لئے سفر کرتے تھے۔ اور سلطان نے راستوں میں انہیں ہر قسم کی سہولت دے رکھی تھی۔ یعنے ہر جگہ راستوں پہ مسافر خانے بنے ہوئے تھے جہاں مفت رہائش کے علاوہ دودھ دہی مکھن وغیرہ مسافروں

کو مفت دیا جاتا تھا۔ بکانن نے اپنے سفر نامہ میں کئی مسافر خانوں کا ذکر کیا ہے۔ یہاں مثال کے لئے صرف ایک مسافر خانہ کا حال لکھا جاتا ہے:۔

۱۱ راکتوبر ۱۸۰۰ء۔ یہاں راستہ میں ایک بڑی کشادہ عمارت ملی جس کی مرمت ابھی حال ہی میں ہوئی تھی۔ یہ ایک مسافر خانہ تھا جس کو ندی کوپل کہا جاتا ہے۔ اس کا انتظام ایک برہمن کے ہاتھ میں ہے جس کو حکومت سے ماہانہ چار روپیہ تنخواہ کے علاوہ سات گائیں بھی ملی ہوئی ہیں کہ ان کا دودھ وغیرہ مسافروں کو مفت دیا جائے۔" (صفحہ ۱۸۵)

بورنگ نے اپنی خفیہ رپورٹ کے صفحہ ۷۷ پر لکھا ہے:۔

صرف اس علاقہ میں جو میسور کے راجہ کو دیا گیا۔ سلطان کے جاری کردہ مسافر خانوں کی تعداد حسب ذیل ہے۔

(۱) مسافر خانے یا وہ بڑی عمارتیں جو اعلیٰ درجہ کے مسافروں کے لئے تھیں	۳۱
(۲) چھتر یا وہ چھوٹی عمارتیں جو عام مسافروں کے لئے تھیں۔	۱۵۱۷
(۳) منڈپ جنھیں چولٹری بھی کہا جاتا ہے جو راستوں میں ستانے کے کام آتے تھے	۷۴۰
جملہ	۲۲۸۸

۴۴۔ اٹھاؤنی (محکمہ ریونیو) کے ملازمین کی حاضری بلاناغہ دیکھی جائے۔ ان کی تنخواہیں شرح کے مطابق ان کے ہاتھوں میں نقد دی جائیں۔ تنخواہ کے عوض ہول کندایہ زمین دینا ممنوع

ہے۔

تشریح

ہول کندایہ زمین - کندایہ سے مراد لگان ہے۔ میسور میں لگان کو کندایہ کہتے ہیں۔ ہول کندایہ - ایک مقررہ لگان جس پر کسان اور حکومت دونوں قول کے مطابق راضی ہو جاتے ہیں۔ مگر فصل نہ ہونے پر یا اگر کسان دغا و فریب سے کام لے تو تکرار شروع ہو جاتی تھی۔ اس لئے سلطان نے نقد تنخواہ دینی منظور کی - اور یہ بھی مد نظر تھا کہ یہ لوگ اپنی زمینوں پر کسانوں سے مُفت محنت نہ لیں۔

۴۵- ضلع کی جمعبندی کے خاتمہ پر پٹیلوں اور معزز کسانوں کو موزوں لباس بطور خوشنودیٔ سرکار انعام دیا جائے - اور اس خرچ کا حساب سرکاری اخراجات میں دکھایا جائے۔

۴۶- جمع بندی کے زمانہ میں سرشتہ داروں اور شان بھوگوں (محاسبوں) کو حساب لکھنے کے لئے روزانہ ایک دستہ موٹا کاغذ اور ایک دک چراغ کا تیل دیا جائے۔ شان بھوگوں کو اطلاع دی جائے کہ حساب صرف کاغذ پر لکھیں۔ پتوں پر لکھا نہ جائے۔ وہی حساب قابلِ قبول ہوگا جو کاغذ پر لکھا ہوا ہوگا۔ پتوں پر جو حساب ہوگا قبول نہیں کیا جائیگا۔

۴۷- کنداچار کے نائیک (چھوٹے فوجی افسر) پٹیلوں سے رشوت لینے کے عادی ہیں اور اکثر ان کے لئے ضمانت دیتے ہیں۔ ضمانت کا یہ قدیم دستور منسوخ کیا جاتا ہے۔ آیندہ ان نائیکوں کی ضمانت قبول نہ کی جائے۔ بلکہ ذی عزّت پٹیلوں اور شان بھوگوں کی ضمانت لی جائے۔

۴۸- عامل - سرشتہ دار یا متصدی (شان بھوگ) جب دورے پر دیہات میں جاتے ہیں تو کسانوں سے الوفہ حاصل کرتے ہیں۔ یہ ممنوع قرار دیا جاتا ہے۔ آیندہ جو

Marfat.com

افسر بھی الوفہ حاصل کرے گا سزا کا مستوجب ہوگا۔

رعیت کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ان افسروں یا ان کے ملازموں کے لئے ایندھن وغیرہ مہیا کریں۔ آپ کے ماتحت افسروں کو یہ حکم سناتے ہوئے پٹیلوں کو بھی سخت تاکید دی جائے کہ حکومت کے لئے جمع کیا ہوا ایندھن ہرگز خرچ نہ کریں اگر کسی جگہ یہ ایندھن خرچ کیا گیا ہو تو باز پرس کی جائے۔

تشریح

الوفہ ۔ گھوڑوں اور بیلوں کے لئے دانہ اور گھاس

الوفہ کا رواج ملک میں قدیم سے چلا آتا ہے۔ جب کبھی حکام دورے پر دیہات میں آتے ہیں تو نہ صرف الوفہ اور ایندھن بلکہ ہر چیز اپنے اور اپنے ملازموں کے لئے، دیہاتیوں سے مفت حاصل کرتے ہیں۔

۴۹ ۔ اگر کسی ضلع میں عامل کے ظلم و ستم سے کسان گھبرا کر بھاگ جائیں تو ہر ہل کے عوض جو ذی عزت کسان چھوڑ کر بھاگ گیا ہو، عامل سے بیس پگوڈے وصول کئے جائیں گے۔ اور معمولی کسان کے ہل کے عوض دس پگوڈے لئے جائیں گے۔

۵۰ ۔ دریافت کیا جائے کہ کن کسانوں پر سالہائے گذشتہ کے لگان کی رقم ٹھہری ہوئی ہے جن کسانوں کو ادا کرنے کی استطاعت ہو انہیں مجبور کیا جائے کہ رقم بے باق کریں۔ لیکن جنہیں استطاعت نہیں انہیں سہولت دیتے ہوئے قسطوں میں وصول کریں۔ جو کسان پہلے بھاگ گئے ہوں، انہیں واپس آنے کی ترغیب دیں اور ان سے جو رقم وصول ہوتی ہے اس کے لئے انہیں سہولتیں دی جائیں۔ وہ باقی دار جو فوت ہو چکے ہیں اگر انہوں نے کچھ اثاثہ چھوڑا ہے تو اس اثاثہ سے باقی وصول کی جائے۔ اگر اثاثہ نہ ہو تو پٹیل اور دوسرے کسانوں کے سامنے مچلکہ لکھ کر اس پر ان کے دستخط

Marfat.com

لیں اور حساب میں باقی ناقابل وصول لکھیں۔

تشریح

زمانہ قدیم سے ملک میں یہ جابرانہ دستور چلا آتا تھا کہ کسان لگان ادا نہ کرے تو اس کا مکان۔ ہل اور بیل قرق کر لئے جاتے تھے۔ اس کو گاؤں میں رہنا ممنوع تھا۔ حکم تھا کہ وہ اور مقامات پر جا کر بھیک مانگے اور سرکار کا لگان ادا کرے۔ بعض وقت انہیں بیڑیاں بھی پہنائی جاتی تھیں۔ سلطنت خداداد کے خاتمہ کے بعد انگریزوں نے ملک میں پھر یہی قدیم دستور جاری کر دیا۔ ماڈرن میسور کا مصنف اپنی کتاب کے صفحہ ۱۱۸ پر لکھتا ہے:۔

"اگر کسان لگان ادا نہ کرے تو عملداروں کو حکم تھا کہ فصل ضبط کر لی جائے۔ اگر کھیت میں فصل نہ ہو تو کسان کو بیڑیاں پہنائی جاتیں۔ سر پر وزنی پتھر رکھ کر انہیں تپتی ہوئی دھوپ میں کھڑا کیا جاتا۔ اور کوڑوں سے جسمانی سزا بھی دی جاتی۔ اور اس کا اثاث البیت بھی فروخت کیا جاتا۔ اس فروخت سے لگان پورا نہ ہوا تو باقی رقم آئندہ سال کے لئے لکھ لی جاتی۔ اگر کسان روپوش ہو تو اس کے بیوی بچوں کو پکڑ لیا جاتا۔ اگر یہ معلوم ہوا کہ انہوں نے کچھ چھپا رکھا ہے تو انہیں قید میں رکھ کر مجبور کیا جاتا کہ لگان ادا کریں۔ اگر کچھ نہ نکلا تو چار دن قید میں رکھ کر چھوڑ دیا جاتا۔"

لگان کی ادائیگی کے لئے اس قدر ظلم وستم کیا گیا کہ ملک میں ہر جگہ انگریزی حکومت کے خلاف بغاوت پھوٹ پڑی جس کے لئے کئی پٹیلوں۔ ذی عزت لوگوں اور کسانوں کو پھانسی دے دی گئی۔ اس کی کئی مثالیں بکانن کے سفرنامہ میں ملتی ہیں۔

۵۱۔ اگر کوئی شخص یہ بیان دے کر سابق یا موجودہ عامل۔ سررشتہ دار۔ شان بھوگ یا پٹیل وغیرہ

Marfat.com

کسانوں سے رشوت لیتے یا لیے رہے ہیں تو فریقین کو بلا کر تحقیقات کرتے ہوئے ان سے روپیہ واپس لیا جائے۔ اگر اس معاملہ میں اختلاف پیدا ہو جائے تو حضوری اور آپ کے صدر دفتر میں اطلاع دیں۔ یہاں سے جو حکم ملے اُس پر عمل کیا جائے۔ اگر آئندہ اس قسم کے الزامات آئیں اور آپ ان کے چھپانے کی کوشش کریں یا ان پر توجہ نہ کریں تو حضوری میں معلوم ہونے پر نہ صرف رشوت کی رقم بلکہ آپ سے جرمانہ بھی وصول کیا جائے گا

تشریح

بیتھک سوسائٹی جرنل ۱۹۱۶ء کے صفحہ ۱۹ پر لکھا ہے:-

"سلطان کو رشوت سے سخت نفرت تھی۔ اس کے سد باب کے لئے اس نے بے انتہا کوششیں کیں۔ لیکن وہ کامیاب نہ ہو سکا"

نشان حیدری کا مصنف کرمانی لکھتا ہے:-

"سلطان ہر عہدہ دار سے حلف لیتا تھا کہ رشوت نہ لے۔ مسلمان مسجد میں قرآن پر قسم کھاتے تھے اور ہندو دودھ اور چاول پر"

ولکس اور بورنگ جو سلطان کے حد درجہ مخالف ہیں، اپنی تاریخوں میں لکھتے ہیں:-

سلطان نے رشوت خوری کو بند کرنے کے لئے حد درجہ کوشش کی مگر یہ بند نہ ہو سکی۔ اس کا وزیر اعظم میر صادق خود رشوت لیا کرتا تھا۔

(ولکس ——— دوسری جلد)

سر دار کنت راج ارس سابق دیوان میسور نے بیتھک سوسائٹی جرنل مورخہ ۱ اکتوبر ۱۹۱۹ء کے صفحہ ۳۵ پر لکھا ہے۔

"ٹیپو کو رشوت سے سخت نفرت تھی۔ ۱۷۸۴ء، ۱۷۹۵ء میں اس نے

Marfat.com

اپنے تمام ضلع کے افسروں مع ان کے سرشتہ داروں اور متعلق داروں کے، کو سرنگاپٹم میں طلب کیا۔ یہاں لال باغ میں ان سے اور وزیروں سے حلف لیا کہ وہ رشوت نہ لیں گے۔ ہندوؤں نے دودھ اور چاول پر قسم کھائی مسلمانوں نے قرآن پر۔ اور برہمنوں نے رامائن پر حلف اٹھایا۔"

۵۲۔ آپ کے ماتحت ضلع میں بہت سے کرچے دار چوری اور رہزنی کا پیشہ اختیار کئے ہوئے ہیں۔ سراغ لگا کر انہیں مع ان کے اہل وعیال کے گرفتار کیا جائے۔ ان میں سے جوان لڑکوں اور لڑکیوں کا انتخاب کر کے قلعہ دار کی نگرانی میں حضوری میں روانہ کریں۔ انہیں کھانے کے لئے روزانہ ایک سیر چاول اور ایک پیسہ دیا جائے۔ باقی لوگوں کو کمر میں رسی باندھ کر ان سے مٹی فراہم کرنے کا کام لیا جائے۔ انہیں روزانہ ایک سیر راگی کا آٹا اور ایک پائی دی جائے۔ ان کی صحت اور حالت کے متعلق حضوری میں اطلاع دیتے رہیں اور یہاں سے جو احکام ملیں ان پر عمل کیا جائے۔

تشریح

چوروں اور رہزنی کرنے والوں کو گرفتار کرنے کے بعد ان سے مندرجۂ ذیل کام لئے جاتے تھے۔ قلعے۔ تالاب۔ نہریں یا باولیاں بنانا۔ سڑکیں تیار کرنا اور ان کے دونوں طرف سایہ دار درخت لگانا اور آغاز ہونے تک پانی دے کر حفاظت کرنا۔ بکانن نے اپنے سفرنامہ میں لکھا ہے کہ دیہات کے قریب باغات لگانا اور ان کی آبیاری کرنے کا کام بھی جرائم پیشہ لوگوں سے لیا جاتا تھا۔

رئیس اپنی تاریخ کے صفحہ ۷۳ پر لکھتا ہے:۔

"کرباز۔ لمبانی اور وڈر ذاتیں بھی جرائم پیشہ سمجھی جاتی تھیں۔ ان کی نقل و حرکت کی نگرانی کی جاتی تھی۔"

آج کل کی حکومتیں ایسی ہی کرتی ہیں اور خصوصاً خانہ بدوش قوموں کی نگرانی کی جاتی ہے۔

۵۳ - اگر آپ کے ضلع میں کوئی لاوارث شخص فوت ہو جائے تو اس کی زندگی (اثاث البیت) بحق حکومت ضبط کی جائے۔ اگر کوئی شخص اس پر ناجائز قبضہ کرے تو تحقیقات کے بعد اس سے دوگنی رقم وصول کی جائے۔ اگر بعد میں کوئی جائز وارث پیدا ہو تو تمام اثاث اس کے سپرد کر کے اس سے تحریری رسید لی جائے۔

۵۴ - آپ کے ضلع میں سرکاری گھوڑے اور بیل چرائی کے لئے رکھے گئے ہیں۔ ان کی نگہداشت آپ کا اولین فرض ہے۔ اگر کوئی عامل۔ قلعہ دار۔ سررشتہ دار۔ شان بھوگ وغیرہ حضوری سے اجازت حاصل کئے بغیر ان جانوروں سے کام لے تو ان سے فی گھوڑا پانچ سو روپیہ اور فی بیل بیس پگوڈے لیتے ہوئے انہیں ملازمت سے علیحدہ کر دیا جائے گا۔ اور انہیں شہر بدر بھی کیا جائے گا۔

اگر کوئی شخص کوئی آوارہ بیل یا گھوڑا جس پر سرکاری نشان ہو، پکڑ کر اپنے پاس رکھ لے تو اس کو مناسب سزا دی جائے۔

تشریح

رئیس کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ سرکاری گھوڑے اور بیل جب سرکاری کام نہ ہوتا تھا تو عموماً کرایہ پر دیئے جاتے تھے۔

ریاست میسور میں یہ رواج اب بھی باقی ہے۔ عموماً سرکاری افسر کرایہ پر گھوڑے لیا کرتے ہیں۔

۵۵ - اگر کوئی فوجی آپ کے علاقہ میں بغیر اجازت کے مکان تعمیر کرے تو اس کو گرفتار کر کے حضوری میں بھیجا جائے۔ اور جو حکم یہاں سے ملے اس پر عمل کیا جائے۔

سرکاری ملازموں اور غیر ملکیوں کو بغیر پاسپورٹ کے سفر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

Marfat.com

تاجر اور ملکی لوگ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔ یہ حکم ہر گاؤں میں نافذ کیا جائے۔

تشریح

غیر ملکی تاجروں کو بغیر پاسپورٹ کے سفر کرنے اور تجارت کرنے کی اجازت نہیں تھی۔ ملکی تاجر جہاں چاہے سفر اور تجارت کر سکتے تھے۔

۵۶۔ آپ کو چاہیئے کہ آپ کے دفتر میں ضلع کے ہر شہر اور ہر گاؤں کے درمیانی فاصلہ کے حساب کا ایک تختہ رکھیں۔ اس میں مندرجہ ذیل معلومات دکھائی جائیں۔

(۱) راستہ میں کتنی باؤلیاں پانی سے بھری ہوئی کتنی خشک ہیں۔ ان کا درمیانی فاصلہ کتنا ہے

(۲) گنجان جھاڑیاں اور پہاڑیاں کہاں کہاں ہیں۔

(۳) نہریں۔ میدان۔ تالاب اور پشتے کہاں اور کتنے ہیں اور فاصلہ کیا ہے۔

(۴) فوجی پڑاؤ (کیمپ) کے لئے موزوں مقامات کہاں اور کس قدر فاصلہ پر ہیں۔ اس تختہ حساب کی ایک نقل حضوری میں بھی ضرور بھیجی جائے۔

۵۷۔ جب کبھی کھلتی (گھوڑوں کا دانہ) کے لئے سرکاری بیل آپ کے ضلع میں پہنچیں تو بغیر کسی توقف کے کھلتی خرید کر اسی دن بیلوں کو واپس بھیجا جائے۔ اگر کھلتی دیہات میں ہو تو جلد سے جلد اور پانچ چھ دن کے اندر صدر مقام میں منگالیں اور اس کی رسید دیں۔ جہاں تک ممکن ہو بیلوں کو جلد واپس بھیجنے کی کوشش کی جائے۔ اگر بغیر کسی معقول وجہ کے بیلوں کی واپسی میں دیر ہو جائے تو ان کا کرایہ آپ کے ذمہ ہوگا۔ بواپسی اطلاع دیں کہ آپ کے مقام سے فوجی پڑاؤ کتنے فاصلہ پر ہے۔

۵۸۔ ضلع کی جمع بندی پر فی پگوڈا پاؤ کتنی رایا فنم کمیشن دیا جائے گا۔ اس کمیشن میں عامل۔ پیش کار۔ منشی کار (تحصیلدار) اور بی سپ (عارضی ہرکارے) کو حصہ ملے گا۔

مندروں کو دی ہوئی زمینیں اور انعامات اس کمیشن سے مستثنیٰ ہیں۔ ان زمینوں

Marfat.com

اور انعامات پر دگان نہیں ہے۔ آپ کو چاہیے کہ عارضی ہرکارے پوری اور مقررہ تعداد میں رکھیں۔ اگر اس تعداد میں کمی ہو تو جو رقم بچ رہے گی وہ سرکار کی متصور ہوگی۔

عاملوں اور مال گذاری کے دوسرے افسروں کو تجارت سے منع کیا جاتا ہے اگر یہ افسر تجارت کریں گے تو جس قدر رقم وہ تجارت میں لگائیں گے اس سے دوگنی رقم ان سے بطور جرمانہ وصول کی جائے گی۔

تشریح

یہ قانون اس لئے وضع کیا گیا کہ سلطنت خداداد سے پیشتر تمام سرکاری افسر اور ملازم بلکہ فوجی سپاہی وغیرہ بھی تجارت کرتے تھے۔ اس کی وجہ سے نظم و نسق قائم نہیں رہتا تھا۔ ان کی تنخواہیں بالکل کم تھیں۔ سلطان نے ان کی تنخواہوں میں اضافہ کر دیا۔ اس اضافہ سے جہاں سپاہی کو تین یا چار روپے ماہانہ ملتے تھے اب سات روپے ملنے لگے سلطنت خداداد کے بعد بھی سپاہیوں کو یہی تنخواہ ملنے لگی۔

سلطان نے اگرچہ تمام سرکاری ملازموں کو تجارت سے منع کر دیا تھا مگر سرکاری تجارتی کوٹھیاں۔ کارخانے اور بنک کھول کر انہیں حصے خریدنے اور نفع اُٹھانے کا حکم دیا تھا سلطان کی اس تجارتی جد و جہد کا کتاب صحیفۂ ٹیپو سلطان میں کرک پیاٹرک کی کتاب سے مفصل حال دیا گیا ہے۔

۵۹- سرکار کے لئے جب چیزیں خریدی جائیں تو ان امور کا لحاظ رکھا جائے۔

(۱) سدی۔ درتوک اور کوتوال کی مدد سے ہر مہینہ بازار کا نرخ دریافت کر کے فہرست لکھیں اس فہرست پر آپ کا دستخط اور مہر ہونی چاہیئے۔

(۲) اگر بازار میں کھلی کا نرخ فی فنم پندرہ سیر ہو تو سرکار کے لئے ۱۷ سیر سے خریدی جائے۔

(۳) چاول - مونگ - اڑد - اگر ہر کا نرخ فی فنم دس سیر ہو تو سرکار کے لئے گیارہ دک سے خریدیں

(۴) جو چیزیں تول کے حساب سے خریدی جائیں انہیں ذیل کے حساب سے خریدیں۔

(۵) گھی - تیل اور لوہے کی مصنوعات کی قیمت اگر فی رطل دو پگوڈے ہوں تو فی پگوڈا ایک فنم کمیشن سرکار کے لئے حاصل کریں۔

(۶) کپڑا - چادر - کمبل اور دھاگہ کی قیمتوں میں بھی فی پگوڈا ایک فنم کمیشن سرکار کے لئے حاصل کریں۔

۷۰- آپ کو چاہیئے کہ جس علاقہ میں ایک ہزار پگوڈے جمع بندی میں وصول ہوں - وہاں سرکاری کام کے لئے دو بیل رکھیں۔

ہر بیل کا کرایہ ماہانہ ایک کنٹی رایا فنم ہوگا۔

سرکاری سامان انہیں بیلوں پہ لادا جائے۔

ہر بیل پہ پورے ۹۰ سیر یا چھ رطل بوجھ لادا جائے۔

لدے ہوئے بیلوں کو روزانہ چار سلطانی کوس کی مسافت طے کرنی چاہیئے - اور بغیر بوجھ کے چھ سلطانی کوس - دو بیلوں کے لئے ایک ملازم رکھا جائے۔

بیلوں کی پیٹھ پہ نرم گدیاں ضرور ہونی چاہیئے۔

بیلوں کو بغیر کام کے بیکار نہ رکھا جائے۔

جب کبھی سرکاری کام کے لئے کرایہ پہ بیل لئے جائیں تو قد آور اور مضبوط بیل لئے جائیں - اگر بیل قد میں چھوٹا ہو تو بوجھ وہی ہوگا جو قد آور بیل پہ لادا جائے گا - اگر بیل کا مالک تکرار کرے تو کہا جائے کہ بڑا بیل مہیا کرے یا بوجھ خود اٹھائے۔

تشریح

انگریزوں نے جہاں سلطان کی ایک ایک بات کی آزمائش کی وہاں ان سے بیل بھی نظر انداز نہیں ہوئے - بکانن اپنے سفرنامہ کی تیسری جلد کے صفحہ ۱۰۵

Marfat.com

پر لکھتا ہے :-

"اچھے بیل روزانہ چار سلطانی کوس بغیر تکان کے طے کر لیتے ہیں - ایسے بیل کی قیمت تقریباً ڈہائی پونڈ یعنے ۲۷½ روپیہ ہے"

"کرایہ کے ہر بیل پر آٹھ من بوجھ لادا جاتا تھا یعنے ۱۹۴ پونڈ سے کچھ زیادہ" (صفحہ ۱۸۰)

۶۱ - اگر کمشنری یا دوسری چیزیں بہت زیادہ مقدار یا تعداد میں روانہ کرتا ہے تو بیل کرایہ پہ لئے جائیں -

کرایہ ہر چہار سلطانی کوس پہ ایک قسم ہوگا -

کرایہ کے بیلوں پہ غلہ ۱۰۵ دک یا آٹھ رطل وزن لادا جائے -

کرایہ نقد دے کر رسید حاصل کی جائے -

کرایہ ادا کرنے کے لئے بابِ حکومت کو بار بار عرضیاں روانہ نہ کریں -

۶۲ - سابق میں لگان پوری زمینداری پہ لیا جاتا تھا - مگر اب زمینداری کو ختم کیا جاتا ہے - لہذا اب لگان ہر مزارع کے نام سے لکھا جائے -

۶۳ - آپ کے ضلع میں مندروں کو جو زمینیں انعام میں دی گئی ہیں ان کے متعلق دریافت کیا جائے کہ پہلے وہ کس سمت میں شامل تھیں - اب انہیں پھر اسی سمت میں شامل کریں

۶۴ - جہاں کہیں دیہات قلعے اور گڑھیوں کے اطراف ننگے کانٹی اور جگے کی باڑ بہی حفاظت کے لئے ہیں، وہاں ان باڑھوں کے پیچھے بوہے کے درخت بھی بوئے جائیں -

تشریح

بوہا عموماً آج کل ریل کی پٹریوں کی دونوں جانب بویا جاتا ہے کہ مویشی وغیرہ سڑک پر نہ آئیں - بوہے کو چند دن پانی میں بھگویا جاتا ہے - اس کے

Marfat.com

بعد کوٹ کر ریشے نکالے جاتے ہیں۔ ان ریشوں سے جنہیں تار کہا جاتا ہے رسیاں وغیرہ بنتی ہیں۔

بکانن کے سفر نامہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سلطنت خداداد میں ہر گاؤں کے اطراف حفاظت کے لئے باڑہیں لگائی جاتی تھیں۔ ان سے گاؤں کی حفاظت مقصود تھی۔ مگر انگریزوں نے جب ان کے خلاف ہر گاؤں میں بغاوت ہونے لگی تو ان باڑہوں کو زبردستی نکال دیا اور بعد میں اپنی تاریخوں میں یہ مشہور کیا کہ ان کی حکومت میں چوروں اور قزاقوں کا ڈر نہ ہونے سے ان باڑہوں کی ضرورت نہیں رہی۔

۶۵۔ آپ کے ماتحت ضلع میں جتنے قلعے ہیں وہ آپ کے ماتحت ہیں۔ ان کی مرمت آپ کے ذمہ ہے۔ لیکن جو قلعے، قلعہ دار اور محکمہ کندا چار کے ماتحت ہیں ان کی مرمت انہیں کے ذمہ ہے۔

۶۶۔ حکم دیا جاتا ہے کہ ہر عامل کو ایک بندوق اپنے پاس رکھنی چاہیئے۔ تمام مسلمانوں۔ مرہٹوں اور کسانوں کو ترغیب دی جائے کہ وہ بھی بندوقیں رکھیں۔

جنگی مشق لازمی قرار دی جاتی ہے۔

جنگی مشق کے لئے ہر خاندان کو ایک آدمی مہیا کرنا چاہیئے۔

ان آدمیوں کو ہر جمعہ کے دن آپ کے سامنے جنگی مشق کرنی ہوگی۔

قصبوں اور دیہات میں بھی یہ مشق جمعہ کے دن کی جائے۔

حاضری کا رجسٹر رکھا جائے۔ جو شخص غیر حاضر ہو اس پر پانچ فنم جرمانہ کیا جائے۔

حاضری اور جرمانے کے رجسٹر باضابطہ رکھے جائیں اور ہر مہینہ ان کی نقل حضوری میں بھیجی جائے۔

مذکورہ بالا جرمانوں کی رقم جمع بندی میں شامل نہ کی جائے۔

Marfat.com

تشریح

انگریزوں نے اپنی تاریخوں میں سلطان کو حد درجہ متعصب اور ہندو دشمن لکھا ہے۔ مگر یہ دفعہ بتاتی ہے کہ اُس نے ہندو مسلمانوں میں کوئی امتیاز باقی نہیں رکھا دونوں قوموں کو ہتھیار رکھنے کی اجازت تھی۔ میتھک سوسائٹی جرنل سنہ ۱۹۱۹ء کے صفحہ ۱۹ پر کرنل کیمبل نے لکھا ہے۔

"عہد سلطانی میں بلا تفریق مذہب و ملت ہر شخص کو ہتھیار رکھنے کی اجازت تھی۔"

رئیس اپنی تاریخ کے صفحہ ۶۷۳ پر لکھتا ہے۔

"دیہات میں ہر شخص کو اپنی اور گاؤں کی حفاظت کے لئے بندوق رکھنے کی اجازت تھی۔ چوری یا ڈاکہ کے موقع پر جس شخص سے نمایاں بہادری ظاہر ہوتی تھی اس کو سلطان کی جانب سے طلائی کنگن دیئے جاتے تھے۔"

۶۷۔ ہر قلعہ کے اندر سرکاری دفتر کے لئے ایک سرکاری مکان ہے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی دوسرے سرکاری مکانات ہیں تو عامل اور قلعہ دار کو رہائش کے لئے دیئے جائیں جس جگہ ایسے مکان نہ ہوں تو وہاں دفتر سے پچاس درع کے فاصلہ پر عامل اور قلعہ دار کے لئے سرکاری خرچ پر دو مکانات تعمیر کئے جائیں۔ ان مکانوں کی مرمت سرکاری خرچ پر ہوگی۔ کوئی مکان بھی بیس چشموں[1] سے زیادہ کا نہ ہوگا۔ حکم دیا جاتا ہے کہ عامل اور قلعہ دار ان سرکاری مکانوں میں رہائش اختیار کریں۔ عامل اور قلعہ دار کے دفاتر ایک ہی عمارت میں رہیں گے۔

---

[1] چشموں سے مراد دروازے ہیں

Marfat.com

اگر قلعہ کے اندر دفتر کے لئے عمارت نہ ہو تو سات جشنوں کی ایک عمارت تعمیر کی جائے۔

۶۸- اگر کسان یا دوسرے لوگ لگان یا سرکاری محاصل کی ادائیگی میں نقد رقم یا غلہ کے عوض سونا۔ چاندی۔ تانبہ یا پیتل دینا چاہیں تو ان چیزوں کو بازاری نرخ پر خرید لیا جائے اور حساب میں تشریح کی جائے۔

حکم دیا جاتا ہے کہ مذکورہ بالا چیزوں کو تاجروں کے ہاتھ فروخت نہ کریں۔

جس وقت صدر دفتر کو دوسری چیزیں روانہ کی جاتی ہیں۔ یہ چیزیں بھی روانہ کی جائیں مذکورہ بالا حکم کے خلاف اگر یہ چیزیں تاجروں کو فروخت کی گئیں تو حکومت کی ناراضگی کا موجب ہوگا۔

۶۹- قاضیوں اور اُن معزز مسلمانوں سے جو اسلحہ کی تجارت کرتے ہیں، مکانوں کا ٹیکس نہیں لینا چاہیئے۔ اور اُس غلہ پر بھی ٹیکس نہیں لیا جائے گا جو اپنی خوراک کے لئے یہ لوگ باہر سے لے آئیں۔

تشریح

منو کے زمانہ سے کل ہندوستان میں مندر کے پجاریوں اور دوسرے برہمنوں سے جیسے نجومی وغیرہ سے ٹیکس نہیں لیا جاتا تھا۔ جنوبی ہند میں بھی یہی قانون رائج تھا بلکہ سلطنت وجیانگر جو ۱۳۱۶ء میں قائم ہوئی اس نے برہمنوں کو اور زیادہ مراعات دیں۔ اور اگراہاروں کی بنیاد رکھی (اگراہاران محلوں کو کہا جاتا ہے جو خاص برہمنوں کے لئے بنائے گئے تھے۔ ان محلوں میں کسی دوسرے ہندو کو رہنے کی اجازت نہیں تھی) ان مراعات میں بعد میں آنے والی سلطنتوں (جیسے بیجاپور کی اسلامی حکومت اور مغلیہ سلطنت) نے بھی کوئی ترمیم و تنسیخ نہیں کی۔ بلکہ سلطنت خداداد کے قیام کے بعد ٹیپو سلطان نے ان میں اور

Marfat.com

اضافہ کر دیا۔ لیکن ساتھ ساتھ قاضیوں اور اسلحہ کی تجارت کرنے والے مسلمانوں کو بھی ٹیکس سے معافی دی اس کی رعایا میں جہاں ہندو تھے وہاں مسلمان بھی تھے اس لئے یہ مراعات دینے ضروری تھے۔ مندروں کے لئے جاگیریں جب دی گئیں تو مسجدوں اور درگاہوں کو بھی دینا ضروری سمجھا گیا۔

ولکس نے اپنی خفیہ رپورٹ کے صفحہ پر سلطان کی ان مراعات کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ سلطان نے جو جاگیریں اور انعامات مندروں اور مسجدوں کو دی تھیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے :۔

ہندوؤں کے مندروں کو سالانہ	۱۹۳,۹۵۹	کنٹی رائے پگوڈے
برہمنوں کے مٹھوں کو سالانہ	۲۰,۰۰۰	" "
مسلمانوں کی مسجدوں کو اور درگاہوں کو سالانہ	۲۰,۰۰۰	" "

میزان ۲۳۳,۹۵۹

دو لاکھ تینتیس ہزار نو سو انسٹھ کنٹی رائے پگوڈے۔

اسی رپورٹ میں ولکس نے سلطنت خداداد کے مندروں اور دوسری عبادت گاہوں کی تعداد بھی دی ہے جو حسب ذیل ہے۔

	قدیم میسور میں	علاقہ فتوحات میں	میزان
ہندوؤں اور برہمنوں کی عبادت گاہیں	۱۹,۰۸۰	۱۰۶۵	۲۰۱۴۵
جنگموں کے مٹھ	۳۵۴	۷۲	۴۲۶
جینی مذہب کے مندر	۲۲	۴	۲۶
مسلمان فقیروں کے تکیے	۵۴۴	-	۵۴۴
مسلمانوں کی عبادت گاہیں اور مسجدیں	۲۹۹	۱۳	۳۱۲

سلطان نے مندروں ۔ برہمنوں اور مسجدوں کو جو رقم بطور انعام ہر سال دے رکھی تھی اس کا حساب اُوپر دیا گیا ہے ۔ سلطان کی شہادت کے بعد ایک پانچ سالہ بچے کو راجہ مقرر کر کے اور پورنیا کو اس کی غداری کے صلہ میں دیوان بنا کر جو کچھ دیا گیا اس کی تفصیل ذیل میں دلکس کی رپورٹ کے صفحات ۱۱۸ - ۱۱۹ اور ۱۲۰ سے دی جاتی ہے ۔

ہندوؤں کے مذہبی اداروں کے لئے جاگیرات اور انعامات (اس حساب میں زمین اور نقد رقم دونوں شامل ہیں ۔ حساب صرف پگوڈوں کا لیا گیا ہے ۔ فنم اور پیسے چھوڑ دیئے گئے ہیں ۔ پگوڈے کی قیمت تقریباً تین روپیہ ہے)

بڑے مندر ۸۷۸	۳۴۵۷۹ ـ ۰ ـ ۰	کنٹی رائے پگوڈے
سنگیری اور درسی اپور کے مٹھوں کو	۱۰۳۸۱ ـ ۰ ـ ۰	"
۶۲۶ برہمنوں کو سندوں کے مطابق	۳۷۰۳ ـ ۰ ـ ۰	"
لنگایت فرقے کے گروؤں اور براگیوں کو	۲۵۵ ـ ۰ ـ ۰	"
بیرچٹی	۳۲ ـ ۰ ـ ۰	"
میزان	۸۸۹۵۰ ـ ۰ ـ ۰	

سلطان نے جو رقم مندروں اور برہمنوں کو دے رکھی تھی وہ ۲۱۳,۹۵۹ کنٹی رائے پگوڈے تھی تو ان نام نہاد بے تعصب گوروں نے جو رقم دی اس کا میزان ۸۸۹۵۰ کنٹی رائے پگوڈے ہے ۔

یہ بھی اوپر لکھا گیا ہے کہ سلطان کی جانب سے مسلمانوں کی مسجدوں اور درگاہوں کو سالانہ ۲۰۰۰۰ کنٹی رائے پگوڈے مل رہے تھے ۔ انگریزوں نے ملک پر قبضہ کے بعد جو رقم دی اس کی تفصیل حسب ذیل ہے ۔

بڑی درگاہوں اور مقبروں کو	۷۲ ـ ۰ ـ ۰	کنٹی رائے پگوڈے

Marfat.com

قادر بادشاہ کی درگاہ کو	(دیوراج درگ)	۱۰۰۰	۰	۰	کنتی رائے پگوڈے
بابا بڈھن رح " "	(چک مگلور)	۵۲۶	۰	۰	"
ابراہیم شاہ رح " "	(بنگلور)	۱۰۰	۰	۰	"
اللہ شاہ رح " "	"	۲۱۰	۰	۰	"
ملک شاہ رح " "	(سرنگاپٹم)	۹۵	۰	۰	"
حمید شاہ رح " "	(بنگلور)	۵۰	۰	۰	"
حافظ محمد شاہ رح " "	(کولار)	۲۱	۰	۰	"
عبدالرسول رح " "	(ہسکوٹہ)	۴۰	۰	۰	"
نلامین چار درگاہوں کو		۱۲۱	۰	۰	"
اشرف شاہ	(چیتل درگ)	۲۲۴	۰	۰	"

خالص نقد رقم

مقبرۂ فتح علی خاں والد نواب حیدر علی	(کولار)	۱۱۴۳	۰	۰	"
قادر ولی رح	(سرنگاپٹم)	۱۰۰	۰	۰	"
عاقل شاہ رح	(چن پٹن)	۶۰۰	۰	۰	"
حیدر ولی رح	(ملباگل)	۴۰۰	۰	۰	"
محمد سلام رح		۵۰	۰	۰	"
سید سالار مسعود غازی ٹنور		۲۰۰	۰	۰	"
		۲۹۳۲	۰	۰	"
۱۱۵ چھوٹی درگاہوں کو		۱۰۶۰	۰	۰	"
	میزان	۴۹۹۲	۰	۰	"

Marfat.com

مندرجۂ بالا فہرستوں کے ساتھ ولکس نے چند اور انعامات کی فہرست بھی دی ہے جو حسب ذیل ہے۔

(۱) ٹیپو سلطان نے اپنے چار بڑے ہندو افسروں کے خاندانوں کو جو سلطنت خداداد کی خدمت کرتے ہوئے مارے گئے تھے۔ نان پروشی دی تھی۔ اس نان پرورشی کو بحال رکھتے ہوئے ہم نے بھی ۲۴۸ کنٹی رائے پگوڈے نان پرورشی دی۔

(۲) سلطان نے ۳۲ بھاٹوں کو سالانہ انعامات دے رکھے تھے (یہ انعامات ان خاندانوں میں نامعلوم زمانہ سے چلے آرہے تھے اور سلطان نے بھی انہیں برقرار رکھا تھا) ہم نے بھی ان انعاموں کو قایم رکھا جس کا جملہ ۔۔۔۔۔ ۱۵۶ کنٹی رائے پگوڈے ہے۔

اس فہرست کے بعد ولکس نے شرجا پور اور تماسلے کے مسلمان غداروں کے دو نام بھی دیئے ہیں۔ جنھیں انگریزوں نے جاگیرات اور انعامات دیئے۔

(۱) احمد خان باشندۂ شرجا پور جس نے میسور کی تیسری جنگ میں لارڈ کارنوالس کی مدد کی تھی اور چوتھی جنگ میں بھی مدد کی ۸۰۰ کنٹی رائے پگوڈے

(۲) محمد غوث باشندہ تماسلے ایضاً ۱۳۰ ״

یہ وہ مسلمان ہیں جو نہ صرف انگریزی جاسوسوں کو اپنے گھروں میں چھپا رکھتے تھے، بلکہ راستوں سے بھی انگریزوں کو واقفیت دلاتے تھے میسور کی چوتھی جنگ میں سرنگاپٹم کا اچانک محاصرہ انہیں غداروں کی راہ نمائی میں ہوا تھا۔

۷۔ آپ کے ماتحت ضلع میں جس قدر پادری اور کرستان (دیسی عیسائی) پائے جائیں انہیں مع ان کے اہل و عیال کے گرفتار کر کے حضوری میں بھیجا جائے۔

تحقیق کی جائے کہ

Marfat.com

انکا اثاث زندگی کیا ہے۔

غلہ۔ مویشی۔ زمین اور باغات کتنے ہیں۔

ان تمام کو بحق سرکار ضبط کیا جائے اور

زمینات اور باغات دوسرے کسانوں کو دے کر ترغیب دیں کہ ان میں کاشت کریں

اِن زمینوں اور باغات میں زراعت نہیں ہوئی تو آپ اس کے ذمہ دار ہوں گے۔

اگر کوئی عیسائی آیندہ آپ کے ضلع میں رہائش اختیار کرے تو اس کو اور اس کے

اہل وعیال کو گرفتار کر کے حضوری میں روانہ کریں۔

تشریح

سلطان اس سے واقف تھا کہ بنگال اور کرناٹک میں عیسائی پادری کس طرح

مذہب کا جال بچھا کر عیسائی حکومت کے لئے راستہ صاف کر چکے تھے۔ اس

لئے اس نے متواتر اعلانات شائع کئے جس کو خود انگریزی مورخوں نے اس طرح

لکھا ہے:۔

اکثر ہندو، عیسائی مذہب قبول کرتے جاتے تھے تو سلطان نے اس پر انہیں

لکھا کہ وہ اپنے آبائی مذہب کو ترک نہ کریں۔ مگر جب چھ دفعہ لکھنے پر بھی اثر نہ

ہوا تو آخر سلطان نے لکھا کہ آیندہ تم میں سے کوئی شخص اپنا آبائی مذہب ہرگز

ترک نہ کرے اور اگر ایسا ہی تبدیل مذہب کا شوق ہو تو خود اپنے "بادشاہ

کا "جو ظل اللہ" ہے۔ مذہب اختیار کریں۔

مگر جب اس کے باوجود عیسائی پادریوں اور ہندو آبادی پر اس کا اثر نہ ہوا تو اس

نے وہی کیا جو اس کو کرنا چاہیئے تھا۔ اس کے متعلق وہ اپنی یادداشتوں میں لکھتا ہے۔

"قریباً تین سو سال پہلے پرتگال کے نصرانی اس ملک میں آکر ساحل سمندر پر "سونڈا"

Marfat.com

کے راجہ سے صرف تجارت کرنے کے بہانے ایک علاقہ (گوا) حاصل کیا۔ پھر زمانہ نے ان کے لئے جو سہولتیں بہم پہنچائیں، اُن سے فائدہ اٹھاتے ہُوئے، انہوں نے اطراف کے علاقہ پر بھی قبضہ کر لیا جس سے تین یا چار لاکھ روپیہ سالانہ کی آمدنی ہوتی تھی۔ اس علاقہ میں انھوں نے ہندوؤں کو بت پرستی اور مسلمانوں کو روزہ رکھنے اور نماز پڑھنے سے منع کر دیا۔ جن لوگوں نے ان کا حکم نہیں مانا، ان کو شہر (گوا) سے باہر نکال دیا۔ پرتگالیوں نے باشندوں کو صرف تین دن کی مہلت دی کہ اگر وہ اس عرصہ میں باہر نہ گئے تو ان کو زبردستی عیسائی بنا لیا جائے گا۔ بعض لوگ تو ڈر کر اپنا گھر بار چھوڑ کر چلے گئے۔ لیکن اکثر دبلشیتر آبادی جس کا کوئی وسیلہ نہیں تھا۔ وہیں ٹھہر گئی۔ آخر میں ان بے دین نصرانیوں نے تین دن کے بعد انہیں مجبور کر دیا کہ وہ ان کے جھوٹے مذہب کو اختیار کریں۔

اس کے بعد اطراف کے علاقہ کے حاکموں اور راجاؤں سے روپیہ اور انعامات حاصل کر کے انہوں نے ان نو عیسائیوں کے ہاتھ سے نگر۔ سونڈا اور کوڑیال بندر (منگلور) میں گرجا گھر تعمیر کئے۔ اور یہاں ایک ایک دو دو پادری بھی مقرر کئے گئے۔ جن کے ذریعہ سے انہوں نے مکّاری اور طرح طرح کے لالچ دے کر یہاں کے لوگوں کو اپنے مذہب میں داخل کر لیا۔

حالات بدستور یہی تھے کہ خدا کے فضل سے کوڑیال بندر ہمارے ہاتھ آیا۔ اور یہاں پرتگالیوں کے تمام مکر و فریب ہم پر کھُل گئے تو اس وقت ہم نے حضور کچہری کے دیوان کو حکم دیا کہ تمام عیسائی مکانات کی مردم شماری کی جائے۔ دیوان نے سونڈا۔ نگر اور کوڑیال بندر کے متصدیوں کو ساتھ لے کر مردم شماری کی۔ ہم نے ایک افسر اور چند سپاہیوں کو ان مقامات پر متعین کیا، جہاں عیسائی آباد تھے۔ ان افسروں سے ہم نے کہا کہ آئندہ کارروائی کے متعلق احکام دیئے جائیں گے۔ جن پر پورا عمل کرنا ہوگا۔ اس وقت تک تمام کارروائی

Marfat.com

مخفی رکھی جائے۔

اس کے بعد افسروں کو حکم نامے بھیج دیئے گئے۔ کہ مقررہ روز، اور وقت پر (جو صبح کی نماز کا وقت تھا) تمام عیسائی آبادی کو (عورتوں اور بچوں سمیت) گھیر کر اس طرح قید کر لیا جائے کہ ایک آدمی بھی بچ کر نہ نکل سکے۔ فوج نے اس پر عمل کیا۔ اس طرح ساٹھ ہزار عیسائی ہاتھ آئے۔ ان کے متعلق حکم دیا گیا کہ حضوری میں بھیج دیئے جائیں۔ ان کو پانچ پانچ سو کی تعداد میں علیحدہ علیحدہ ٹکڑیوں میں بھیجا گیا۔ ان کو مختلف مقامات پر کھانا اور کپڑا دے کر رکھا گیا۔ اور یہاں انہیں اسلام کی دعوت بھی دی گئی۔ یہ لوگ جب اسلام لے آئے تو ان کا نام "احمدی" رکھا گیا۔

سلطان کو یہ اقدام اس لئے بھی کرنا پڑا کہ وہ ان سازشوں سے واقف تھا جو پادری نوائٹ اور جیسویٹ فرقے کے پادریوں نے حیدر علی کے زمانہ میں کی تھیں۔ ان سازشوں کی تفصیل حیدر علی کے سوانح نگار موسیو یم ڈی یل ٹی نے اپنی کتاب بیاگرافی آف حیدر علی میں دی ہے۔ اس کے علاوہ ان نو عیسائیوں کو ان پادریوں نے شراب کی کشید اور اس کی خرید و فروخت سکھائی اور اس سے خود بھی فائدہ اٹھا رہے تھے۔

سلطان نے تبلیغ عیسائیت کی روک تھام کے لئے اگرچہ یہ اقدام کیا مگر اس نے ان عیسائیوں سے جو گنجام اور ہاسن میں عرصہ دراز سے رہتے تھے، کوئی تعرض نہیں کیا۔ ان عیسائیوں کا ایک گرجا شہر گنجام اور دوسرا ہاسن میں تھا۔ ان دونوں کا تذکرہ رئیس نے اپنی تاریخ کے صفحہ ۴۸۳ پر کیا ہے۔ اور اس نے یہ بھی لکھا ہے کہ سلطانی فوج میں ایک پوری بٹالین (پلٹن) ان دیسی عیسائیوں کی تھی جس کی کمان کرنل سورپا کے ماتحت تھی۔ یہ گنجام کا ایک دیسی عیسائی تھا۔

اسی کرنل سورپا کے فرزند اور ایک دوسرے رشتہ دار کی قبریں بنگلور میں بلاک۔ پلی

Marfat.com

کے قدیم عیسائی قبرستان میں اب بھی موجود ہیں۔ اِن پر جو کتبے لگے ہیں۔ ان میں لکھا گیا ہے کہ سوریا سلطانی فوج کا کرنل تھا۔

۱۷۔ توپوں سے سلامی دینے کے لئے مندرجۂ ذیل ہدایات پر عمل کیا جائے۔

(۱) عیدالمومنین	تیرھویں رجب المرجب	۲۰ توپ
(۲) سلطان کی پیدائش کا دن	۱۴ ماہ طلوعی	۳۰ توپ
(۳) عیدالفطر		۲۰ توپ
(۴) عیدذی الحج		۲۰ توپ
(۵) سالگرہ حکومت سلطانی	۳ ماہ بہاری	۳۰ توپ
(۶) اُس فتح پر جو خاص سلطان کو حاصل ہوئی ہو		۲۰ توپ
(۷) شاہی جلوس کے وقت		۳۰ توپ
(۸) ان فتوحات پر جو سپہ سالاروں کو حاصل ہوئی ہوں		۱۰ توپ

توپیں ہمیشہ دن کے دس بجے داغی جائیں۔

شاہی جلوس کے لئے توپیں اس وقت داغی جائیں جب جلوس اس مقام سے گذرے فتوحات پر توپیں داغنے کا حکم حضوری سے بھیجا جائے گا۔

تشریح

نہیں معلوم کہ ہندوستان میں سلامی کی توپوں کا رواج کب سے جاری ہوا اگر اس سے پہلے یہ رواج تھا تو میں نے کسی تاریخ یا کتاب میں نہیں دیکھا کہ اس باقاعدگی اور منظم طور پر توپیں داغنے کا حکم کسی حکمران نے دیا ہو۔

۱۸۔ آپ کے ماتحت ضلع میں جس جگہ مسجدیں ہیں وہاں قاضی۔ ملا اور موذن مقرر ہیں حکم دیا جاتا ہے کہ ان کے گذارہ کے لئے جتنا خرچ مقرر ہے، ہر مہینہ اس کا حساب باقاعدہ

Marfat.com

صدر دفتر کو بھیجا جائے۔ حساب کے ساتھ ان کی انعامی زمینوں کی فہرست بھی شامل کی جائے۔ اس حساب پر آپ کے اور قلعہ دار کے یعنے دونوں کے دستخط اور مہر ہونی چاہیئے۔ یہ انعامات اسناد کے مطابق برابر جاری رکھے جائیں۔

(۱) حکم دیا جاتا ہے کہ گاؤں کے مسلمان بچوں کو جمع کر کے پہلے انہیں حساب سکھایا جائے اور بعد میں کتابیں پڑھائی جائیں۔ ان پڑھنے والے بچوں کی حاضری کا حساب حضوری میں روانہ کریں۔

(۲) قاضی کو چاہیئے کہ جو شخص اسلام قبول کرے اس کو خود آپ تعلیم دے۔

(۳) جو شخص اسلام قبول کرے اس کا نام مسلمانوں کی فہرست میں لکھا جائے۔

(۴) تاکیداً سنایا جائے کہ سوائے قاضی کے کسی دوسرے مسلمان کو یہ اختیار نہیں ہے کہ دوسری ذات کے کسی مرد یا عورت کو مسلمان بنائے۔

(۵) جس مقام پر مسجد نہیں ہے وہاں پانچ چشموں کی ایک مسجد بنائی جائے۔

(۶) ملا کو ماہانہ دس فنم تنخواہ دی جائے یا دس فنم ماہانہ پیداوار دینے والی زمین دی جائے۔

(۷) پٹیلوں کو حکم دیا جائے کہ مسجد کے لئے دو فلوس تیل روزانہ مہیا کریں یا اس تیل کے عوض اتنی ہی پیداوار کی زمین انہیں دی جائے۔

(۸) ملاؤں کو حکم دیا جائے کہ نماز پڑھانے کے علاوہ مسلمان بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھائیں۔

تشریح

اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ سلطان کی قلمرو میں تعلیم و تربیت کے لئے کس قدر منضبط نظام قائم تھا۔ اور مذہبی تبلیغ و اشاعت کے لئے کیسے پائدار اصول رائج تھے۔

Marfat.com

۷۳ - جو شخص اسلام قبول کرے اُس کو مندرجۂ ذیل رعائتیں دی جائیں :-

اگر وہ کاشتکار ہے تو اس سے نصف لگان لیا جائے۔

رہائشی مکان کا ٹیکس معاف ہوگا۔

اگر وہ تاجر ہے تو اس کے مال تجارت پر جو باہر سے آئے۔ مالگذاری لی نہ جائے۔

مندرجہ بالا احکام کے ساتھ قاضیوں کے حکم نامہ میں جو احکام لکھے گئے ہیں ان پر بھی عمل کیا جائے۔

تشریح

قاضیوں کے حکم نامہ میں نومسلموں کے لیئے یہ رعائتیں دی گئی ہیں :-

صفحہ ۲۳۳ - ۲۳۹

۷۴ - اب تک کھنڈی کا ناپ ہر جگہ مختلف تھا۔ اب اس ناپ کو متعین کیا جاتا ہے۔

۳۰ گنتی رایا قسم کا	ایک روپیہ
۲۴ روپیہ کا	ایک دک (سیر) خام
۳½ خام دک کا	ایک پختہ دک (۸۴ روپیہ وزن)
۱۶ پختہ دک کا	ایک کڑو
۲۰ کڑو کی	ایک کھنڈی

حکم دیا جاتا ہے کہ تمام مملکت میں مذکورہ بالا حساب سے ناپنے کے سیر بنائے جائیں اور ان پر سرکاری مہر ثبت کی جائے۔ آئندہ غلہ اسی سیر سے ناپا جائے گا۔

تول کے سیر کا وزن بھی خام دک کے برابر ہوگا یعنے ۲۴ روپیہ وزن۔

حکم دیا جاتا ہے کہ لکڑی کے بنے ہوئے تمام سیر توڑ دیئے جائیں۔ ان کے عوض لوہے کے سیر اور باٹ جاری کریں۔ قدیم باٹ تاجروں سے واپس لے لیئے جائیں

Marfat.com

۷۵۔ سابق میں تولنے کے لئے مندرجہ ذیل نام رائج تھے۔ یعنے سیر۔ دھڑا اور من۔ اب ان ناموں کے عوض نئے نام تجویز کئے جاتے ہیں۔

سیر کو دک کہا جائے گا۔ وزن ۲۴ روپیہ

دھڑا کو درء " وزن ۲۴۰ "

من کو رطل " وزن ۹۶۰ " ۔

۷۶۔ زمین کے ناپ کے لئے ایک شرعی درع مقرر کیا جاتا ہے۔ آئندہ اسی سے زمین کا ناپ لیا جائے۔ آپ کو ایک شرعی درع روانہ کیا جاتا ہے۔ حکم دیا جاتا ہے کہ زمین کے ناپ میں اسی کو استعمال کریں۔ اور یہ بھی حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ زمینوں کے ناپ میں درع اور لب کے ناموں کا استعمال کیا جائے۔ ایک لب کی لمبائی ۲۴ شرعی درع کی ہوگی۔

تشریح

بکانن نے اپنے سفرنامہ میں لکھا ہے:۔

زمین کا ناپ رسیوں سے کیا جاتا تھا۔ سلطان نے شرعی درع لوہے کی زنجیر سے بنایا۔

۷۷۔ اس شرعی درع کا حساب کلمہ طیبہ کے حروف پر رکھا گیا ہے۔ کلمہ طیبہ میں ۲۴ حروف ہیں۔ اسی حساب سے درع کا ناپ بھی ہوگا۔ یعنے

۲۴ نر انگشت کا نصف درع

۴۸ نر انگشت کا ایک درع

نر انگشت کی چوڑائی چاول کے دانوں کی چوڑائی پر رکھی گئی ہے۔ ان کا حساب حسب ذیل ہے۔

باریک چاول کے دس باریک دانے جن کا وزن چھ طار ہو = ایک نرانگشت

موٹے چاول کے ۷ " " "

گیہوں کے ۶ " " ۵ " "

تین نرانگشت کا ایک گرہ

۸ گرہوں کا آدھا درع

۱۶ گرہوں کا ایک درع (گز)

تشریح

لکڑی کے گز کو ممنوع قرار دے کر ۸ گرہوں کے نصف گز کو رواج دیا گیا اور یہی گز آج کل بھی مستعمل ہے۔

۷۸۔ فاصلہ کے ناپ کے لئے مندرجہ ذیل شرح مقرر کی جاتی ہے۔

تین ہزار فوجی قدم کی	ایک گھڑی	(قدم کی لمبائی ایک سع سلطانی یعنی ایک گز ہوگی)
دو گھڑی کا	ایک کروہ۔ (کوس)	

حکم دیا جاتا ہے کہ سڑکوں اور شاہراہوں کا ناپ اسی حساب سے کیا جائے اور آئندہ کرایہ بھی اسی حساب سے دیا جائے۔ یہی حکم رعایا کے لئے بھی ہے۔ اور یہ بھی حکم دیا جاتا ہے کہ سڑکوں اور شاہراہوں پر ہر کروہ یعنی چھ ہزار فوجی قدم پر دائیں جانب بڑ کا درخت لگائیں اور بائیں جانب گولہ اور نیم کے دو درخت لگائیں۔ پٹیلوں کو تاکید کی جائے کہ ان درختوں کی سخت حفاظت کریں۔

۷۹۔ اگر آپ کے ضلع میں لوہے کی دس بھٹیاں ہیں تو ہمت افزائی کرکے انہیں بیس بنائیں۔
ان بھٹیوں کے لئے جب وقت سرکاری فرمائشیں موصول ہوں تو احکام کے مطابق لوہے کے خول اور چھرے بنائے جائیں۔ اور ان چیزوں کو حکم کے مطابق مقررہ وقت پر بلا کسی

Marfat.com

تاخیر کے روانہ کریں۔

لوہار سوائے خول اور چھروں کے باقی ہر قسم کی چیزیں بنا کر فروخت کر سکتے ہیں۔

دریافت کیا جائے کہ آپ کے ضلع میں لوہے اور فولاد کی کانیں ہیں یا نہیں ۔ اگر کانیں ہوں تو وہاں جس قدر فولاد اور لوہا نکلتا ہو سرکار کے لئے خرید لیا جائے۔

تشریح

ولکس نے اپنی خفیہ رپورٹ کے صفحہ ۷۷ پر صرف اس علاقہ کا جو راجہ کو دیا گیا ہے۔ بھٹیوں کا حساب اس طرح دیا ہے۔

لوہے کی بھٹیاں	۸۵۳	۱۰۵
تیل بنانے کے کارخانے	۲۹۹۱	۱۲۴۲
کپڑا بننے کے کرگھے	۳۰۹۴۲	۲۰۱۲۱

ان کارخانوں کے علاوہ سرکاری کارخانے بھی بنگلور۔ سرنگاپٹم اور خان خاد ہلی میں تھے جہاں توپوں اور بندوقوں کے علاوہ ہر قسم کی چیزیں بنائی جاتی تھیں۔ ان مصنوعات کا مفصل ذکر صحیفۂ ٹیپو سلطان کی دوسری جلد میں کیا گیا ہے۔

سلطان کو ان کارخانوں کو چلانے کے لئے معدنی کوئلے کی سخت ضرورت تھی۔ مکاتیب سلطانی سے جنھیں کرک پیاٹرک نے مرتب کیا ہے پتہ چلتا ہے کہ اس نے اپنے سفیر لنگڑے غلام علی کو ہدایات دی تھیں کہ فرانس اور ترکی سے ماہرین معدنیات کو ساتھ لائے اور یہ بھی اسی کتاب سے معلوم ہوتا ہے کہ سلطان اپنے تجارتی ایجنٹ کو جو مسقط میں مقیم تھا، ہمیشہ یہی لکھتا رہا ہے کہ جہازوں میں معدنی کوئلہ بھر کر بھیجے۔

۸۰۔ حکم دیا جاتا ہے کہ مندرجۂ ذیل نرخوں پر شورا خرید کر محفوظ رکھا جائے اور صدر دفتر سے حکم ملتے ہی اس کو فوراً روانہ کریں۔

پہلی قسم	سالم قلمیں جو تین دفعہ اُبالی گئی ہوں	فی رطل ۴ ۱/۲ کنتی رایا فنم
دوسری قسم	ٹوٹی ہوئی قلمیں	" ۴ "
تیسری قسم	دانے	" ۳ ۱/۲ "
چوتھی قسم	سفوف	" ۳ "

۸۱۔ حکومت کی جانب سے چھوٹے سکوں کے نئے نام اور ان کی شرح حسب ذیل مقرر کی گئی ہے:۔

ہٹے کا	ایک اُدبہ
۵ اُدبوں کا	ایک بہہ
۷ بہوں کا	ایک آیہ
۱۶ آیہ کا	ایک طاہا
۱۶ طاہا کا	ایک فنم

پگوڈوں اور فنم وغیرہ کا وزن حسب ذیل ہے۔

ایک پگوڈا	۴۰۰۰	خشخاش کے دانے
ایک فنم	۱۶۰۰	" "
ایک طاہا	۱۰۰	" "
ایک آیہ	۶ ۱/۴	" "

تشریح

"تاریخوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ان چھوٹے سکوں کا رواج عام پیمانہ پر نہیں ہوا۔ بکانن نے کہیں ان کے متعلق نہیں لکھا ہے۔ اس نے صرف پگوڈوں اور روپیوں کا ذکر کیا ہے اور ان کا وزن اس طرح دیا ہے۔ گو فنم کا بھی ہر جگہ ذکر ہے۔ بکانن اپنے سفرنامہ کے صفحہ ۲۱۰ پر لکھتا ہے:۔

Marfat.com

"سلطانی روپیہ میں چاندی کا وزن ۱۶۵ گرین (دانے) ہے جس کی قیمت لنڈن کے شاہی دارالضرب کے حساب سے تقریباً دو شلنگ ہوتی ہے۔ ایسے ساڑھے تین روپیوں میں ایک پگوڈا ملتا ہے جس میں ۱/۸ ۴۱ گرین خالص سونا ہے۔ اس کی قیمت انگریزی سکوں میں ۱/۴ ۸۸ پنس یا ۷ شلنگ ۱/۴ ۴ پنس ہے"

رئیس نے اپنی تاریخ کے صفحہ ۸۰۷ پر سلطانی تانبے کے سکوں کی تفصیل اس طرح دی ہے:-

"سلطان نے نئے سکے جاری کئے۔ ان کی ایک جانب چاند سورج اور ہاتھی کا نقش تھا اور دوسری جانب سنہ ضرب۔ شہر اور سکہ کا نام تھا۔ یہ سکے پیسہ۔ نصف پیسہ اور پاؤ پیسے کے نام سے مشہور تھے۔ گو سلطان نے انہیں دوسرے خاص نام بھی دیئے تھے۔

رئیس کی تاریخ کے صفحہ ۸۰۴ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ بہت سے سکے علاوہ سرنگاپٹم کے خالق آباد کے دارالضرب میں بنائے جاتے تھے۔ خالق آباد چنڈگل کا نام ہے۔

۸۲۔ آپ کے ضلع میں انگوری شراب کی دکانیں ہیں۔ حکم دیا جاتا ہے کہ جس مقام پر چار دکانیں ہوں ان میں دو بند کر دی جائیں اور دوسری دو دکانوں پر محصول دوگنا لگایا جائے۔

۸۳۔ آپ کے ضلع میں دیسی شراب کی دکانیں بھی ہیں۔ یہ شراب جڑی بوٹیوں سے کشید کی جاتی ہے۔ ان دکانوں پر بھی محصول دوگنا کر دیا جائے۔

تشریح

معلوم ہوتا ہے کہ شراب نوشی بند کرنے کے لئے یہ پہلا قدم تھا۔ لیکن اس کے دوسرے ہی سال سلطان نے شراب۔ گانجے اور افیون کی تمام دکانیں بند کر دیں۔ تاڑی بھی ممنوع قرار دے دی گئی اور سندھولے کے تمام درخت جن سے تاڑی نکلتی ہے کاٹ دیئے گئے۔

Marfat.com

رئیس اپنی تاریخ کے صفحہ ۵۹۹ پر لکھتا ہے :-

"سلطان کے نظم و نسق میں ان مغربی حکمرانوں کے لئے ایک سبق ہے جو رعایا کے اخلاق سنوارتے اور ان کی صحت کا خیال رکھتے ہیں۔ سلطان نے تخت نشین ہوتے ہی منشیات کی دکانوں پہ پابندی لگا دی اور پھر ان کا خاتمہ کر دیا۔ یہاں تک کہ تاڑی کے درخت تک تمام مملکت میں کٹوا دیئے اور گانجے اور سفید خشخاش کی کاشت بھی ممنوع قرار دے دی"۔

کرنل کیمبل اپنے ایک مضمون میں لکھتا ہے :-

"سلطان نے منشیات کو اس لئے ممنوع قرار دیا کہ اس کے خیال میں خدا نے ان چیزوں کے استعمال کو منع کر دیا ہے"۔

(میتھک سوسائٹی جرنل مورخہ یکم اکتوبر ۱۹۱۹ء صفحہ ۱۸)

ولکس اور بورنگ نے لکھا ہے کہ سلطان نے منشیات کو ممنوع قرار دے کر ایک عاقل رفارمر کا کام کیا تھا۔

۴۸ - سابق میں گاؤں اور اس کے ملحقہ باغات اور کھیتیاں قلعہ دار کے ماتحت ہوتی تھیں۔ وہ حکم اب منسوخ کیا جاتا ہے۔ اس حکم کے ذریعہ گاؤں اور اس کے ملحقہ باغات اور کھیتیاں آپ کے ماتحت دی جاتی ہیں۔

اگر آپ کے ماتحت عملہ میں کسی شخص کو مکان کی ضرورت ہو تو کوئی ایسا مکان خرید لیا جائے جو کسی لاوارث شخص کی ملکیت میں ہو اور وہ اُس کو فروخت کرنا چاہتا ہے۔ مکان کی قیمت پوری اور نقد دی جائے اور رقم دینے کے بعد اس سے رسید لی جائے حکم دیا جاتا ہے کہ اگر کوئی شخص مکان فروخت کرنا نہ چاہے تو اس کو فروخت کرنے پر مجبور نہ کیا جائے۔ اور یہ بھی حکم دیا جاتا ہے کہ کسی شخص کا مکان جو اس کی ملکیت میں ہو بغیر اس

Marfat.com

کی مرضی کے دوسرے شخص کو ہرگز نہ دیا جائے۔

قلعہ دار کے ماتحت جو لوگ ہیں، وہ صرف قلعہ کی حفاظت اور فوجی کاموں کے لیے ہیں۔ ان لوگوں کو سوائے فوجی کاموں کے دوسرے غیر فوجی کاموں میں دخل نہیں دینا چاہیئے۔ اسی بنا پر سابق میں گاؤں اور اس کے ملحقہ باغات اور کھیتیاں جو قلعہ دار کی ماتحت ہوتی تھیں۔ اب آپ کے ماتحت دی جاتی ہیں۔

تشریح

سلطنت خداداد سے پیشتر ملک میں جو قانون رائج تھا وہ یہ تھا کہ قلعدار فوجی اور سول معاملات کا مختار کل ہوتا تھا۔ اس کو فوج دار کہتے تھے۔ سلطان نے اس قانون سے دونوں محکموں کو علیحدہ کر دیا۔

۸۵- اٹھاونی اور ... کے ملازموں کی تنخواہیں قصبوں اور دیہات پر ڈالی نہ جائیں بلکہ ان کی تنخواہیں ہر مہینہ براہ راست نقد ان کے ہاتھوں میں دی جائیں۔ ورنہ سرکار کی ناراضگی کا موجب ہوگا۔

۸۶- آپ کے ضلع میں جس قدر اندھے، لنگڑے اور معذور آدمی ملیں انہیں جمع کر کے صدر دفتر کو روانہ کریں۔ انہیں یہاں بصد خوشی (لنگر خانوں) میں داخل کیا جائے گا اور ان کے لائق کام بھی دیا جائے گا۔ یہ بھی حکم دیا جاتا ہے کہ آپ کے ضلع میں جس قدر یتیم بچے ملیں انہیں حضوری میں روانہ کریں۔ ان کی غذا کے لیے روزانہ ایک سیر پختہ چاول اور ایک فلوس خرچ کو دیں۔

تشریح

ولکس اپنی تاریخ میں طنزاً لکھتا ہے:-

"گو سلطان نے یتیم خانے قائم کیے تھے مگر اس سے اس کا مقصد اشاعت اسلام

Marfat.com

تھا اور اس کے علاوہ ان یتیم خانوں سے سلطان کا مقصد یہ بھی تھا کہ جو بچے یہاں سے بڑے ہو کر نکلیں انہیں فوج میں بھرتی کرے۔ وہ ترکی کے سلطان سلیم کی تقلید میں ینگ چری فوج تیار کرنا چاہتا تھا۔"

اگر ولکس کی تحریر کے مطابق سلطان کا مقصد اشاعت اسلام ہی قرار دیا جائے تو سلطان کا یہ کس قدر احسان تھا کہ اس نے لاوارث اور یتیم بچوں کو فاقہ کشی اور آوارگی سے بچا کر بہترین شہری بنایا۔ لنگر خانوں کا اشارہ اگرچہ نشان حیدری میں ملتا ہے مگر مصنف نے کوئی تفصیل نہیں دی ہے۔ انگریزی متعصب مورخوں نے ان کے متعلق کچھ لکھا ہی نہیں۔ بکانن کے سفرنامے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لنگر خانے تمام بڑے شہروں میں تھے اور یہاں مفت کھانا اور کپڑا دیا جاتا تھا۔ یہ لوگ انہیں لنگر خانوں میں رہتے تھے اور جو کام کے قابل تھے ان سے کام لیا جاتا تھا اور اجرت دی جاتی تھی۔ بکانن لکھتا ہے کہ ان لنگر خانوں میں رسیاں۔ ٹوکریاں اور چٹائیاں بنائی جاتی تھیں۔ یتیم خانوں میں مذہبی تعلیم دی جاتی تھی۔

۸۷۔ سابق میں حکومت کے بڑے عہدہ دار اور نیچے خورد وغیرہ زمینیں اور دیہات فارسی کی صورت میں ٹھیکہ پر لیا کرتے تھے۔ یہ دستور اب منسوخ کیا جاتا ہے۔ آئندہ ان لوگوں کو زمینیں اور دیہات ٹھیکہ پر دیئے نہ جائیں بلکہ زمین کسانوں کو کاشتکاری کے لئے تقسیم کر دی جائے۔ حکم عدولی پر سرکاری عتاب ہوگا۔

۸۸۔ سابق میں پٹیل اور بڑے بڑے کسان سرکاری افسروں کو سالانہ پچاس سے سو پگوڈے تک رشوت دے کر ان سے یہ لکھا لیتے تھے کہ دوسرے ماتحت حکام انہیں لگان کے لئے دق نہ کریں۔ آپ کو ان معاملات کی پوری تحقیق کرنی چاہئیے کہ کن افسروں نے رشوت لی ہے۔ اگر رشوت لینے والے افسر وہاں ہوں تو ان سے رشوت کی رقم واپس لی جائے۔ اگر وہ حضوری میں ہوں تو ان کا نام اور عہدہ معلوم کرایا جائے۔

Marfat.com

۸۹ - اٹھاؤنی کے ملازم جو قلعہ سے باہر سرکاری کاموں پہ جاتے ہیں۔ ان کے لئے قلعہ دار سے اجازت نامہ لے کر دیں۔ ان ملازموں کی واپسی پہ قلعہ کے دروازے پہ اجازت نامہ کے مطابق ان کی شناخت کی جائے۔

۹۰ - امرت محل کے بیلوں کو سدھانے کے لئے روانہ کیا جاتا ہے۔ ان بیلوں کو سرکاری ہلوں میں جوت کر سدھایا جائے۔ اگر کام نہ ہو تو بیل پٹیلوں کو دیئے جائیں کہ اپنے ہلوں میں جوت کر سدھائیں۔

شانبھوگوں اور دوسرے سرکاری ملازموں کو اس کی اجازت نہیں۔ اگر پٹیلوں کے سوا کوئی دوسرا شخص ان بیلوں سے کام لے تو فی بیل بیس پگوڈے اُجرت لی جائے۔

پٹیلوں کو تاکید کریں کہ سرکاری بیلوں کو چرائی کے لئے جنگل کو بھیجیں اور شام کو واپسی میں قلعہ میں ان کی مقررہ جگہ باندھیں۔

ان بیلوں کو پوری خوراک کھلائیں اور جب صدر دفتر سے حکم موصول ہو انہیں فوراً واپس کر دیں۔

۹۱ - ضلع کے لئے منی گار (تحصیلدار) شانبھوگ اور چپراسیوں کا ایک نیا محکمہ قائم کیا جاتا ہے۔ اس محکمہ میں ملازموں کی معینہ تعداد رکھتے ہوئے ان سے مقررہ کام لیں۔

تشریح

یہ لکھا جا چکا ہے کہ تخت نشینی کے فوراً ہی بعد سلطان نے سلطنت کا انتظام نئے اصول پہ قائم کیا۔ اس انتظام کے لئے اس نے جو نئے عہدے قائم کئے وہ حسب ذیل ہیں۔

(۱) وزیروں کی ایک کیبنٹ بنائی۔ کیبنٹ کا صدر وزیر اعظم تھا۔ ہر وزیر کے ماتحت مختلف محکمے دیئے گئے۔

Marfat.com

(۲) ان تمام محکموں کا کام ایک ہی عمارت میں ہوتا تھا جس کو اٹھارہ کچہری کہا جانے لگا۔

(۳) ہر محکمہ پر ایک ایک میر آصف مقرر تھا۔ اور یہ تعداد میں اٹھارہ تھے۔ ان کے کاموں کی نگرانی صدر الصدور کے ذمہ تھی۔

(۴) تمام ملک کو ضلعوں میں تقسیم کرتے ہوئے بیس سے تیس ضلعوں پر ایک گورنر یعنے آصف مقرر کیا گیا۔ یہ آصف تعداد میں نو تھے۔

(۵) ہر ضلع پر ایک عامل مقرر تھا۔ اور ہر ضلع کو پندرہ سے بیس تحصیلوں میں تقسیم کرکے ان پر تحصیلدار مقرر کئے گئے۔ (تحصیلداروں کو منی گار کہا جاتا تھا)

(۶) ہر تحصیل چار سمتوں میں تقسیم تھی جن پر شیخ دار (ریونیو انسپکٹر) مقرر تھے۔

ریاست میسور میں ابھی تک سوائے گورنروں کے کم و بیش یہی انتظام باقی ہے۔

۹۲۔ حکم دیا جاتا ہے کہ ہر سال آپ کے ضلع میں خشک گھاس کی ایک مقدار جمع رکھیں۔ گھاس کی جس زمین سے ایک پگوڈا حاصل ہو رہا ہے اس کے ساتھ ایک کیار گھاس بھی لیا جائے۔ پٹیلوں اور اجارہ داروں سے کہا جائے کہ فصل پر گھاس ضرور جمع کریں اور حفاظت سے رکھیں۔

اگر شاہی اصطبل کے گھوڑے یا توپ خانے کے بیل آپ کے ضلع میں چرائی کے لئے بھیجے جائیں تو انہیں روزانہ ایک کیار گھاس کھلایا جائے۔ کسانوں سے جس وقت گھاس حاصل ہو انہیں اس کی رسید دی جائے۔ شاہی اصطبل کے ملازموں کو قصبوں اور دیہات میں جاکر اپنی مرضی کے مطابق گھاس نہیں لینا چاہیئے۔

سائر سواروں کو اجازت ہے کہ وہ اپنے گھوڑوں کے لئے کسانوں سے گھاس

Marfat.com

خریدیں۔ ظلم سے لینا ممنوع ہے۔ یہ ان کے حکم نامہ میں بھی لکھا گیا ہے۔

اگر کوئی سرکاری ملازم کسانوں سے زبردستی گھاس حاصل کرے تو اس کو گرفتار کرکے حضوری میں روانہ کریں۔ اگر آپ گرفتار نہ کرسکیں تو اس کا نام اور اس کے رسالدار اور جمعدار کا نام دریافت کرکے حضوری میں اطلاع دیں کہ اس کو سزا دی جائے۔

سرکاری استعمال کے بعد جو گھاس باقی رہ جائے اس کو فروخت کردیں اور رقم سرکار کے حساب میں جمع کریں۔ کسانوں کو تاکید دی جائے کہ آپ کے حکم کے بغیر یہ گھاس فروخت نہ کریں۔

تشریح

سایر سوار۔ کیولری (سوار فوج) کے وہ سپاہی جو اپنا خاص گھوڑا رکھتے تھے اس کے لئے انہیں تنخواہ کے علاوہ الاؤنس بھی ملتا تھا۔

رئیس اپنی تاریخ کے صفحہ ۵۹۲ پر لکھتا ہے:۔

"ملک میں قدیم زمانے سے گھاس پر ٹیکس لیا جاتا تھا جس کو ہلوہنا کہا جاتا تھا۔ قدیم حکومتوں کا خیال تھا کہ جس طرح اناج میں ان کا حصہ ہے، گھاس میں بھی حصہ ملنا چاہیئے" سلطان نے یہ رواج موقوف کردیا اور اس کے عوض ہر کھیت سے ایک کیار گھاس لینے کا قانون جاری کیا۔ کیار کی تشریح رئیس نے کی ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ "اتنا گھاس کہ ایک آدمی آسانی سے اٹھا سکے اور ایک بیل کے لئے ایک دن کو کافی ہوسکے۔

بکانن لکھتا ہے کہ گھاس کی زمینیں علیحدہ تھیں۔ ان پر حسب ذیل لگان تھا۔

بہتر قسم کی زمینوں پر فی ایکڑ ساڑھے دس آنے۔ معمولی زمینوں پر فی ایکڑ سوا پانچ آنے (تیسری جلد صفحہ ۳۰)

Marfat.com

۹۳- حکم دیا جاتا ہے کہ ہر اس علاقہ میں جہاں ہزار پگوڈوں کی آمدنی ہو وہاں چار گھوڑیاں رکھی جائیں۔

یہ گھوڑیاں چار معتبر کسانوں کو جو گھوڑوں کی پرورش سے واقف ہوں دی جائیں۔

اگر کسان اس کام کے لئے مالی امداد کی درخواست کریں تو انہیں ضرور دو سو روپیہ تک مالی امداد دی جائے۔

لورپٹی کے سالانہ بازار میں گھوڑے کثرت سے فروخت کے لئے آتے ہیں۔ کسانوں سے کہا جائے کہ وہ گھوڑے اس بازار سے خریدیں۔

گھوڑیوں کو گابھ کرنے کے لئے دو نر گھوڑے بھیجے جاتے ہیں۔ کسانوں سے کہا جائے کہ وہ ان گھوڑوں سے کام لیں۔ دوسرے گھوڑے استعمال نہ کئے جائیں۔

جب بچے پیدا ہوں تو ہر بچے کے لئے سو روپیہ بعیانہ دیتے ہوئے کہا جائے کہ بچوں کو اچھی غذا دیں۔ اور مندرجۂ ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

پہلا مہینہ۔ ہر روز تین سیر[1] دودھ چھ ماہ تک پلایا جائے۔

چھ ماہ کے بعد سال تک دودھ میں ایک سیر[2] مکھن اور ایک سیر[2] چنوں کا آٹا ملا کر دیا جائے۔

سال کے بعد مکھن اور آٹا ترک کر دیا جائے اور ان کے عوض چار سیر اُبلی ہوئی کُلتی[3] کھلائی جائے۔

پہلے سال بچے کو صرف ڈوری سے باندھیں اور ماں کے ساتھ چراگاہ کو بھیجیں۔

سال کے بعد اگر بچہ نر ہو تو ماں سے علیحدہ چرنے کو بھیجیں اور گردن میں رسی ڈالیں۔

گھوڑی جو بچہ دی ہو اس کو روزانہ تین سیر کُلتی اُبال کر دی جائے۔

بچے نر ہوں یا مادہ، ان سے ڈیڑھ سال تک کام نہ لیا جائے۔

ڈیڑھ سال کے بعد بتدریج کام لیا جائے۔

---

[1] سیر پختہ ۸۴ روپیہ وزن [2] سیر خام = ۲۴ روپیہ وزن [3] ۲۴ روپیہ وزن

Marfat.com

اِن بچوّں کو دوسرے یا تیسرے سال حضوری میں معائنہ کے لئے روانہ کریں جہاں دوسو سے پانچسو روپیہ تک قیمت دی جائے گی۔

اگر کسی کسان نے بیعانہ لیا ہو تو اس رقم سے بیعانہ وضع کیا جائے گا۔

کسانوں کو اطلاع دی جائے کہ کسی گھوڑے کی قیمت دوسو روپیہ سے کم نہ ہو گی۔ گھوڑا اگر اچھا ہو تو اس سے زیادہ قیمت ملے گی۔

ملک سے باہر گھوڑا فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ اس کے لئے عامل سے اجازت ضروری ہے۔

جس عامل کے علاقہ میں بچّہ دینے والی گھوڑیاں زیادہ سے زیادہ ہوں وہ حکومت سے تحسین کا مستحق ہے۔

اگر کوئی کسان فوری ضرورت پر گھوڑا فروخت کرنا چاہے تو عامل کے ہاتھ فروخت کرے۔ قیمت دوسو سے کم نہ ہو گی۔ اگر گھوڑا اچھا ہو تو اور زیادہ قیمت ملے گی۔

حکم دیا جاتا ہے کہ ضلع میں جس قدر دوسالہ گھوڑے ملیں انہیں ان کے مالکوں کے ساتھ حضوری میں روانہ کریں۔ یہاں معائنہ کے بعد معقول قیمت دی جائے گی۔

آپ کو دوبارہ تاکید دیجاتی ہے کہ اس دفعہ پر بہت زیادہ توجہ رکھیں۔ ضلع میں جس قدر گھوڑے اور گھوڑیاں ہوں ان کا حساب رکھا جائے۔

حکومت کی جانب سے جو نر گھوڑے بھیجے گئے ہیں انہیں بہترین غذا دیں اور خیال رکھیں کہ وہ نہایت عمدہ اور کارآمد حالت میں رہیں تاکہ نسل میں افزائش ہو۔

تشریح

فوجی ضروریات کے لئے گھوڑوں کی از حد ضرورت تھی۔ یہ اکثر ایرانی اور عربی تاجر لاکر فروخت کرتے تھے۔ مگر ان سے مانگ پوری نہ ہوتی دیکھ کر سلطان

نے ملک میں گھوڑوں کی نسل کشی کے لئے کئی فارم قائم کئے۔ اور ساتھ ہی دیہات میں بھی کسانوں کو گھوڑوں سے نسل کشی اور پرورش کی ترغیب دی جیساکہ اُوپر کی دفعہ سے ظاہر ہے۔

کرنل ولیش لکھتا ہے:-

کل ہندوستان میں جو گھوڑے استعمال ہوتے ہیں وہ وہی بدنما ٹٹو ہیں، جن کی اونچائی بارہ ہاتھ سے بڑھ کر نہیں ہوتی۔

"ٹیپو سلطان نے گھوڑوں کی نسل عمدہ بنانے میں حد درجہ کوشش کی نسل کشی کے لئے عرب اور مختلف ملکوں سے عمدہ جانور منگوائے گئے۔

گھوڑوں کی پرورش کے لئے محکمہ امرت محل کے ماتحت مختلف مقامات پر چراگاہیں اور فارم قائم کئے گئے اور ان کا انتظام نہایت ہی اعلیٰ درجہ پر تھا جو نسل کہ یہاں حاصل کی گئی وہ اس قدر جفاکش اور محنتی تھی کہ سلطنت خداداد کی کیولری میں بھی یہی گھوڑے استعمال ہوتے تھے۔"

مندرجۂ بالا تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں اگرچہ گھوڑے پیدا ہوتے تھے مگر خوبصورتی اور جفاکشی کے لحاظ سے یہ عمدہ نہیں تھے۔ اسی لئے ایک نامعلوم زمانہ سے ہندوستان میں گھوڑے عرب و ایران سے لاکر فروخت کئے جاتے تھے۔ شائد سلطان ہی ہندوستان کا پہلا حکمران ہے جس نے ملک میں گھوڑوں کی عمدہ نسل پیدا کرنے پر توجہ کی۔ اس نے کئی فارم قائم کئے۔ جنہیں انگریزوں نے بند کر دیا۔ صرف کلوزبیٹ اور ہسور کے دو فارم باقی رکھے گئے۔ (ہسور کا فارم ابھی چند سال پہلے بند کر دیا گیا اور کلوزبیٹ کا فارم کنگل میں قائم کیا گیا)۔

صرف گھوڑے ہی نہیں بلکہ سلطان نے خچر پیدا کرنے کی بھی کوشش کی۔ رئیس اپنی تاریخ

Marfat.com

میں لکھتا ہے کہ سلطان کی رعایا اس قسم کی نسل کشی کے خلاف تھی" اس لئے سلطان نے اس کو مجبوراً بند کر دیا۔ یہ مخالفت زیادہ تر اس وقت کے مُلاؤں نے کی تھی۔

سلطان کا ملک پر یہ بھی ایک احسان ہے کہ دودھ کی فراہمی اور گائے بیل کی عمدہ نسل پیدا کرنے کے لئے اس نے ملک میں ہر جگہ امرت محل کے نام سے فارم بنا دیئے۔ میسور میں یہ محکمہ ابھی باقی ہے۔

سردار کنت راج ارس نے میتھک سوسائٹی جرنل مورخہ اکتوبر ۱۹۱۹ء کے صفحہ ۳۵ پر لکھا ہے۔

"سلطان کی پالیسی یہ رہی کہ جہاں تک مقامی حالات اور ذرائع اجازت دیں اپنے ملک کو غیروں کی محتاجی سے نجات دے۔ اس سلسلہ میں اس نے گھوڑوں کی پرورش کے فارم بھی قائم کئے۔ آج جس کو سودیشی تحریک کہا جاتا ہے اس کی بنیاد سلطان نے سوا سو سال پہلے ہی رکھی تھی"۔

۹۴۔ کشیدنی تمباکو کی طاقت بڑھانے کے لئے اس میں بہت سی مضر صحت چیزیں اور تیزاب ملائے جاتے ہیں۔ یہ ممنوع قرار دیا جاتا ہے۔ آئندہ تمباکو میں صرف گڑ ملایا جائے۔ یہ حکم پورے ضلع میں نافذ کیا جائے۔

ہلدی پاک کرنے کے لئے اس کو گوبر میں اُبالا جاتا ہے۔ حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ اس کو گیرو میں اُبالا جائے۔

تشریح

دفعات ۹۳ اور ۹۴ بتا رہے ہیں کہ سلطان کو اپنی رعایا کی صحت کا کس قدر خیال تھا۔ سردار کنت راج ارس سابق دیوانِ میسور نے میتھک سوسائٹی جرنل مورخہ اکتوبر ۱۹۱۹ میں سلطان پر ایک مضمون لکھا ہے۔ اس کے صفحہ ۳۵

Marfat.com

پر لکھا گیا ہے :-

"حفظان صحت اور پاکی و صفائی کے لئے سلطان نے سرنگا پٹم کے اندر گھروں میں مرغیاں وغیرہ پالنا ممنوع قرار دیا تھا دھوبیوں کو شہر میں رہنے کی اجازت نہیں تھی۔ شہر کے اندر گدھے پالنا بھی ممنوع تھا۔

سلطان کے خیال سے املی اور سُرخ مرچ صحتِ انسانی کے لئے مضر تھے۔ اس نے مشورہ دیا کہ یہ چیزیں سالن میں استعمال نہ کی جائیں۔"

مقامی روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اہیروں کو بھی شہر میں رہنے کی اجازت نہیں تھی سرنگا پٹم کو دودھ کی فراہمی جزیرے کے باہر دیہات سے ہوتی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ دودھ گلشن آباد سے لاکر فروخت کیا جاتا تھا۔

۹۵۔ اس کتاب قانون میں جتنے دفعات ضروری سمجھے گئے، لکھے گئے ہیں۔ اگر کوئی ایسا معاملہ پیش آجائے جو اس کتاب قانون میں درج نہیں ہے تو حضوری سے حکم طلب کیا جائے۔

تشریح

اس دفعہ کا لکھنا ضروری تھا جیسا کہ اس کے مضمون سے واضح ہے لیکن متعصب انگریز مورخوں نے لکھا ہے کہ اس کے لکھنے کی بالکل ضرورت نہیں تھی۔ ولکس نے اپنی تاریخ میں اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ تمسخر بھی کیا ہے۔ وہ لکھتا ہے :-

"ایک دفعہ آنیکل میں ایک کھیت میں آگ لگ گئی۔ کسان نے آگ بجھانے کے لئے عامل سے درخواست کی۔ عامل نے کہا "ٹھہرو۔ میں کتاب قانون میں دیکھتا ہوں کہ کیا کیا جائے۔ وہ جب تک کتاب قانون دیکھتا رہا۔ کھیت جل کر راکھ ہوگیا"۔ پہلے تو یہ واقعہ بالکل جھوٹ معلوم ہوتا

Marfat.com

ہے۔ اگر سچ بھی ہو تو زیادہ سے زیادہ اس کو کسان کی بے عقلی پر محمول کیا جا سکتا ہے جو آگ بجھانے کے عوض عامل کے پاس مدد کے لئے گیا۔

۹۶۔ سونا چاندی اور تانبے کی قیمت مقرر کی جاتی ہے۔ ان قیمتوں کی اطلاع تمام تاجروں صرافوں اور دکان والوں کو دی جائے۔ جب کبھی یہ چیزیں حکومت کے لئے خریدی جائیں تو اس قیمت سے ایک یا دو طالا کم خریدیں۔ کیونکہ سونے کی قیمت مقررہ شرح سے کچھ کم یا زیادہ ہوتی رہتی ہے۔

۹۷۔ جب کبھی آپ کے ضلع میں چرائی کے لئے بکرے بھیجے جائیں تو انہیں محکمہ امرت محل میں رکھیں اور داروغہ کو حکم دیں کہ ہر سال ان کا اون اتارا جائے۔ اون لے کر داروغہ کو رسید دی جائے۔ اون نداقون کو دے کر نمدے تیار کریں اور صدر دفتر کو بھیجیں۔ اگر وہاں نمدے عمدہ نہ بنتے ہوں تو اون ہی بھیجا جائے اور اس کی رسید صدر دفتر سے حاصل کی جائے۔

۹۸۔ مویشی اور بکروں کو خارش لگ جائے تو انہیں تاجران چرم کو دے کر کہا جائے کہ دباغت کے بعد کھالیں واپس کریں۔ اجرت میں ان کو گوشت دے دیا جائے۔

تیار شدہ کھالیں صدر دفتر کو روانہ کریں۔

۹۹۔ اب نمک تاجر اور دوسرے لوگ نمک اور دوسری چیزوں کے لئے چینیا پٹن کے ماتحت علاقہ کو جاتے تھے۔ اس علاقہ سے لین دین ممنوع قرار دیا جاتا ہے۔

عام طور پہ اطلاع دی جائے کہ خوشحال پور۔ کوڑیال بندر۔ بھنادیرہ۔ مرجان۔ انگولہ میں جو مغربی گھاٹ کے پائین میں ہیں اور کلی کٹ کے ماتحت علاقہ میں نمک کثرت سے ملتا ہے۔ ہدایت کی جائے کہ مذکورہ بالا علاقوں سے جو علاقہ ان کے قریب ہو وہاں جا کر نمک خریدیں اور چینیا پٹن کے علاقہ کو نہ جائیں۔

اگر کوئی شخص حکم عدولی کرے تو دریافت کے بعد اس کا اثاث زندگی۔ مویشی اور نمک

Marfat.com

وغیرہ بھی حکومت ضبط کرتے ہوئے مزید جرمانہ ڈالا جائے کہ آئندہ پھر کوئی ایسا جرم نہ کرنے پائے۔

اگر چنیاپٹن کے تاجر اس حکومت کے علاقہ میں نمک وغیرہ لے کر آئیں تو انہیں قید کرلیں اور ان کے جانور اور تمام مال بھی حکومت ضبط کرلیا جائے۔ اس کی اطلاع حضوری میں دیکر حکم کا انتظار کریں۔

تشریح

چنیاپٹن مدراس کا نام ہے۔ یہ انگریزوں کے ماتحت تھا۔ سلطان انگریزوں کا سخت مخالف تھا۔ اس کو معلوم تھا کہ تجارت کے بہانے سے یہ قوم ملک پر قبضہ کررہی ہے۔ اس لئے اس نے اپنے ملک کے تاجروں کو ان سے تجارت کرنا ممنوع قرار دیا۔ انگریز ملکی تاجروں کو جاسوسی کرنے بھیجا کرتے تھے۔

۱۰۰۔ آپ کو چاہئے کہ ضلع میں تیز رفتار ہرکاروں کی مقررہ تعداد برابر رکھیں۔ آپ اور قلعہ دار مل کر باہمی مشورہ سے ان کی تنخواہ اور بھتہ جو تیل اور کاغذ کے لئے دیا جاتا ہے مقرر کریں تنخواہیں نقد باقاعدہ ہر مہینہ دے کر رسید لیں۔

ان ہرکاروں کو چاہیئے کہ ڈیڑھ گھڑی میں ایک کروہ سلطانی کی مسافت طے کریں۔ محکمۂ دیوانی۔ بخشی اور احتشام کی تمام عرضیاں خطوط اور چیزیں ان ہرکاروں سے بھیجی جائیں۔ ان ہرکاروں سے دوسرے لوگوں کے خطوط اور چیزیں بھیجی نہ جائیں۔ خلاف ورزی پر سزا دی جائے۔

تشریح

عوام کے لئے انچے کے نام سے محکمۂ ڈاک قائم تھا۔ (دیکھیں صفحہ) تیز رفتار ہرکاروں کو بجلی کا نام دیا گیا تھا۔ اب بھی میسور علاقہ میں بہت سے خاندان بجلی

Marfat.com

نام کے پائے جاتے ہیں۔

۱۰۱- آپ کے ضلع میں اکثر مقامات پر فقیروں کے تکیے ہیں۔ بہت سے فقیر مقامی باشندوں اور مسافروں کو نشہ آور چیزیں کھلا پلا کر لوٹ لیتے ہیں۔ آپ کو چاہیئے کہ ان فقیروں کو ان شیطانی کاموں سے باز رکھیں۔ اور جو فقیر باز نہ آئیں انہیں ملک بدر کریں۔

یہ بھی حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ کسی فقیر کو کسی مقام پر بھی تکیہ قائم نہ کرنے دیں۔

تشریح

میجر ولکس اپنی خفیہ رپورٹ کے صفحہ پر لکھتا ہے۔

"سلطنت خداداد کے صرف اس علاقہ میں جو اب راجہ کو دیا گیا۔ ۵۴۲ فقیروں کے تکئے ہیں۔"

اکثر لوگ ان فقیروں کے ظاہری تقدس سے دھوکہ کھا کر ان تکیوں میں جا کر اپنا مال گنوا لیتے تھے۔ یہ بھی سُنا گیا ہے کہ اکثر تکئے عیّاشی اور حرام کاری کے اڈے تھے۔ یہ ٹھگ جو فقیر کہلاتے تھے تمام ملک میں اپنا جال بچھائے ہوئے تھے۔ سلطان کے اس حکم کے بعد بہت سے فقیر پائین گھاٹ یعنے انگریزی علاقہ میں چلے گئے۔ اور جنگ میں انگریزی فوجوں کی راہ نمائی کی۔ میسور کی تیسری جنگ میں لارڈ کارنوالس اور کرنل ریڈ نے ان فقیروں سے بہت مدد حاصل کی۔ لیکن سلطنت خداداد پر قبضہ کے دوسرے سال انگریزوں نے تمام تکیوں کا خاتمہ کر دیا۔

۱۰۲- سابق میں عاملان ضلع۔ افسران حکومت اور دوسرے لوگ لاوارث اور یتیم لڑکوں اور لڑکیوں کی خرید و فروخت کیا کرتے تھے۔ اور اکثر لڑکیاں مندروں میں داخل کر لی جاتی تھیں۔

اس خرید و فروخت کو ممنوع قرار دیا جاتا ہے۔

Marfat.com

حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ کوئی لڑکی مندر میں داخل نہ کی جائے ۔ جہاں کہیں لاوارث لڑکیاں ملیں تو انہیں حضوری میں روانہ کریں اور انہیں یہاں پہنچنے تک روزانہ ایک سیر چاول اور ایک فلوس خرچ کے لیئے دیں ۔

تشریح

مندروں میں لڑکیوں کے داخل کرنے کا رواج ملک میں ایک نامعلوم زمانہ سے چلا آتا تھا ۔ اس کو ایک نہایت ثواب کا کام سمجھا جاتا تھا ۔ اکثر ایسے ماں باپ جو اولاد سے محروم ہوتے تھے مندروں میں منت کرتے تھے کہ لڑکی پیدا ہو تو مندر کی خدمت کے لیئے دی جائے گی ۔ اس کے علاوہ ایسی لڑکیاں بھی مندروں میں داخل کر لی جاتی تھیں جن کا کوئی والی وارث نہیں ہوتا تھا ۔ اس رسم ورواج کی وجہ سے مندر عیاشی کا مرکز بن گئے تھے ۔ بلکہ بعض مقامات میں یہ بھی ہوتا تھا کہ ان لڑکیوں سے ناجائز آمدنی پیدا کی جاتی تھی ۔ اور حسین وجمیل لڑکیاں فروخت بھی کی جاتی تھیں ۔ یہ خرید وفروخت عام طور پر ہوتی تھی ۔ یہاں تک کہ بعض جرموں پر شوہر اپنی بیویوں کو بھی فروخت کر دیتے تھے ۔ اور حکومتیں اس خرید وفروخت پر ٹیکس لگا کر آمدنی پیدا کرتی تھیں ۔ چونکہ یہ خرید وفروخت زیادہ منفعت بخش تھی عمال حکومت بھی اس تجارت میں حصہ لیا کرتے تھے ۔ ہندو حکومتوں میں اس عیاشی اور خرید و فروخت کو کوئی گناہ نہیں سمجھا جاتا تھا ۔ ہندوؤں کی وہ عظیم الشان سلطنت جس کا نام "وجیانگر" ہے اس آمدنی کو جائز رکھتی تھی جس کا ذکر سیاح عبدالرزاق نے اپنے سفرنامہ میں کیا ہے ۔ اس سلطنت کی شکست و ریخت کے بعد بھی ملک کے پالیگار اور دوسرے راجاؤں نے بھی اس کو جائز رکھا ۔ اس کے بعد جب بیجاپور کی اسلامی حکومت اور مغلوں نے اس ملک پر

Marfat.com

قبضہ کیا تو انہوں نے بھی ہندوؤں کے اس رسم و رواج میں کوئی دخل نہیں دیا۔ اس لئے یہ اسلامی حکومتیں ملک کے راجاؤں اور پالیگاروں کو برقرار رکھ کر صرف ان سے خراج حاصل کرتی تھیں۔ ہندو سوسائٹی اور انسانیت پر سلطان کا یہ بہت بڑا احسان ہے کہ اس نے اس خرید و فروخت اور مندروں میں لڑکیوں کے داخلہ کو بند کر دیا۔ سلطان کی شہادت کے بعد انگریزوں نے اس معاملہ میں بالکل غیر جانب داری اختیار کر لی۔ جس کی وجہ سے لڑکیاں مندروں میں پھر داخل ہونے لگیں۔ یہاں تک کہ ہندو سوسائٹی نے خود ان برائیوں کو محسوس کرتے ہوئے ۱۹۳۰ء کے بعد مسلسل جد و جہد کر کے میسور میں اس کے خلاف قانون پاس کرایا۔

۱۰۴۔ جنگ اور دوسرے ہنگاموں کے وقت عامل اور قلعہ دار کو چاہیئے کہ اپنے اہل و عیال کو مستقر حکومت میں رہائش کے لئے بھیج دیں اور اپنے کاموں میں لگے رہیں۔

تشریح

میسور کی چوتھی جنگ جس کے نتیجہ میں سلطنت خداداد کا خاتمہ ہوگیا، جنگی لحاظ سے کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ انگریزوں نے سلطان کے وزیروں اور بڑے بڑے افسروں کی غداری سے فائدہ اٹھایا اور سرحد پار کرنے کے چند دن بعد ہی سرنگاپٹم کا محاصرہ کر لیا۔ سلطان کی وسیع مملکت میں ہر جگہ قلعے اور فوجیں تھیں مگر کہیں سے کوئی حرکت نہیں ہوئی اور سلطان کی شہادت کے بعد بھی انگریزوں کے خلاف کسی فوجی نقل و حرکت کا پتہ نہیں ملتا۔ جس قدر فوجی افسر اور عاملانِ حکومت تھے، سبھوں نے انگریزوں کی اطاعت قبول کر لی۔ اس کی وجہ کرنل آرتھر ولزلی نے اپنے مضامین جو اس نے اپنے بھائی لارڈ ولزلی گورنر جنرل

Marfat.com

کو لکھا تھا، اس طرح بیان کی ہے۔

"ٹیپو سلطان کے قانون کے مطابق تمام بڑے افسروں کو حکم تھا کہ اپنے اہل و عیال کو مستقر حکومت میں رکھے۔ محاصرہ کے دوران میں اور اس کے بعد بھی جب سرنگاپٹم پر ہمارا قبضہ ہو گیا تو ان تمام کو اپنے اہل و عیال کی فکر تھی اس لئے کسی کو بھی ہمارے خلاف کوئی کارروائی کرنے کی جرأت نہیں ہوئی۔"

۱۴۷۔ آپ کے ضلع میں صرافہ کی دکانیں جو ملک التجار کے ماتحت ہیں۔ آپ کو چاہیئے کہ ان صرافوں اور ان کے محرروں کو ہر مہینہ ان کی مقررہ تنخواہیں دیں۔

صراف	=	فی ماہ تین گنتی رایا پگوڈے
محرر	=	فی ماہ دو گنتی رایا پگوڈے

ہر صراف کو سونا۔ چاندی اور تانبہ کی تجارت کے لئے ایک ہزار پگوڈے دیں۔ اگر کوئی دوسرا مہاجن یا ورتک (دلال) آئندہ اپنے طور پر ان چیزوں کی خرید و فروخت کرے جیسا کہ اب تک چلا آتا تھا، تو وہ حکومت کا مجرم سمجھا جائے گا۔ لیکن وہ اگر حکومت کے مقرر کردہ صرافوں سے معاملہ کرے تو اس پر کوئی الزام نہیں۔

تشریح

میجر کرک پیاٹرک نے "مکاتیب سلطانی" میں سلطان کے تجارتی قانون کا ذکر کیا ہے۔ اس قانون کی دفعہ ۲ حسب ذیل ہے :-

"بورڈ کے تجارتی نائبوں کو جو اضلاع میں ضلعوں کے آصفوں کے ساتھ رہیں گے، اگماشتے رکھنے کا اختیار ہو گا۔ اور انہیں اس امر کی اجازت ہو گی کہ ان تمام چیزوں کو خریدیں جو سرکار کی اجارہ داری میں نہیں ہیں (سوائے صندل، سونا

Marfat.com

اور چاندی کے جن پر سرکاری اجارہ داری قائم ہے) ان اشیا کی خرید و فروخت میں آصفان ضلع کوئی دخل نہیں دیں گے ۔ بلکہ جو اعانت مزدوری سمجھی جائے، وہ ان سے حاصل کی جائے۔"

مذکورہ بالا دفعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ صندل ۔ سونا اور چاندی کی تجارت کو سلطان نے نیشنلائز یعنی "قومیا" لیا تھا ــــ اس لئے مہاجنوں وغیرہ کے لئے ان چیزوں کی تجارت کرنا ممنوع تھا ۔ مگر جب وہ سرکار سے ان چیزوں کو خریدتے تھے تو انہیں اجازت حاصل تھی کہ ان چیزوں کی تجارت کریں ۔

۱۰۵ ۔ محکمہ احشام (قلعہ کی مقیم فوج) کے ماتحت بیلداروں کا ایک محکمہ قائم ہے ۔ حکم دیا جاتا ہے کہ عامل اور قلعہ دار مع اپنے ماتحت افسروں کے ہر دو ماہی پر ان بیلداروں اور انکے مددگاروں کا معائنہ کریں اور ان میں جو بوڑھے اور کام کے ناقابل ہیں انہیں نکال کر قابل اور جوان آدمیوں کو بحال رکھیں اور ان کی تنخواہیں ان کے ہاتھوں میں نقد دیں ۔

یاد رہے کہ اس محکمہ کے لئے ہمیشہ قابل ۔ جوان اور محنتی لوگوں کا انتخاب ہونا چاہیئے ۔

تنخواہ دینے کے بعد کاغذات آپ کے دستخط اور مہر سے صدر دفتر کو بھیجے جائیں ۔

اگر نائکوں[1] کے ذریعہ یہ معلوم ہوا کہ ناکارہ اور بوڑھے لوگوں کو ملازمت دی گئی ہے تو ان کی تنخواہوں کی ذمہ داری آپ پر ہوگی ۔

۱۰۶ ۔ کنداچار (قدیم طرز کی فوج) کے سپاہیوں کو تنخواہ کے عوض زمین دی گئی ہے ۔ اطلاع ملی ہے کہ اکثر سپاہی اس سے مطمئن نہیں ہیں ۔ ان سپاہیوں سے فرداً فرداً دریافت کیا جائے کہ آیا وہ ایسی زمین لینے پر تیار ہیں جس میں پانچ چھ سال سے زراعت نہ ہوئی ہو ۔ اگر وہ راضی ہیں تو انہیں اس قدر زمین دی جائے کہ پیداوار سے انہیں پوری مقررہ تنخواہ مل سکے ۔

---

[1] نائیک ۔ کام لینے والے چھوٹے افسر

Marfat.com

کنداچار کا کوئی سپاہی اگر فوت ہو جائے تو اس کے عوض اسی کے خاندان سے یا اس کے بھائی بندوں میں سے کوئی شخص لیا جائے اور متوفی سپاہی کی زمین اس کو دی جائے۔

اگر کوئی سپاہی لاوارث فوت ہو جائے تو اس کی زمین نئے بھرتی ہونے والے کو دی جائے۔ فصل ہونے پر عامل۔ پیش کار اور منشور کو دیکھنا چاہیئے کہ پیداوار سے سپاہی کو مقررہ رقم ملتی ہے یا نہیں۔ مقررہ رقم سے مراد تنخواہ کا نصف حصّہ ہے۔ نصف تنخواہ اس کو نقد دی جاتی ہے۔ باقی نصف کے عوض زمین دی گئی ہے۔ نقد تنخواہ ان کے ہاتھ میں دی جائے۔

اگر کوئی سپاہی اپنی مقبوضہ زمین کو بنجر ڈال رکھے تو اس کو مجبور کیا جائے کہ کاشت کرے اور اس پر جرمانہ ڈالیں۔

اگر قلعہ دار۔ سررشتہ دار یا نائیک، سپاہیوں کی زمین اپنے قبضہ میں رکھیں گے تو یہ ایک جرم ہے۔

یہ زمینیں سپاہیوں کے حوالہ کی جائیں۔ اور ان عہدہ داروں سے پیداوار کی دو گنی رقم بطور جرمانہ وصول کریں۔

۱۰۷۔ جب کبھی کنداچار کے سپاہی سرکاری کام پر باہر بھیجے جائیں تو ان کی غیر حاضری کا حساب رکھا جائے۔ اگر یہ سپاہی کام ہو جانے کے بعد ایک یا دو دن کی دیر سے آئیں تو ان سے بازپرس نہ کی جائے۔ اگر زیادہ دن غیر حاضر رہیں تو اتنے دن کی تنخواہ کاٹی جائے۔

۱۰۸۔ حکم دیا جاتا ہے کہ احشام[1] کے سپاہیوں کی پوری تعداد ہمیشہ رکھی جائے۔

جب کبھی اس محکمہ میں بھرتی کی ضرورت ہو تو بیڈر[2] ذات کے لوگ بھرتی کئے جائیں۔

---

[1] احشام : قلعہ کی مقیم فوج [2] بیڈر : ہندوؤں کی ایک ادنیٰ ذات

Marfat.com

کوئی سپاہی فوت ہو جائے تو اسی کے خاندان سے یا اسی کی ذات سے دوسرا سپاہی بھرتی کیا جائے۔

اُن تندرست اور مضبوط جوانوں کو بھی بھرتی کیا جائے جو کسی وجہ سے ملازمت چھوڑ چکے ہوں۔

سپاہیوں کی تنخواہ ان کے ہاتھوں میں نقد دیں اور قلعہ دار سے رسید حاصل کریں۔

یہ حکم قلعہ دار کو بھی بھیجا گیا ہے۔ اس پر ٹھیک طور پر عمل ہونا چاہیئے۔

اگر مندرجۂ بالا طریقوں سے بھرتی کے لئے سپاہی نہ ملیں تو غریب کسانوں کو بھرتی پر آمادہ کریں۔ بشرطیکہ ایک ہی خاندان میں پانچ چھ آدمی ہوں۔

ہر حالت میں احشام کی تعداد پوری رکھنی چاہیئے۔

اگر اس حکم پر ٹھیک عمل نہ ہوا تو حکومت کی ناراضگی کا موجب ہوگا۔

۱۰۹۔ قلعہ دار اور منشور سرکاری مکانات میں رہ نہیں سکتے۔ اگر قلعہ کے اندر غیر آباد مکانات ہوں تو بیس چشموں والا قلعہ دار کو اور پانچ چشموں والا منشور کو دیا جائے۔

ان مکانوں کی مرمت سرکاری خرچ پر کی جائے۔

اگر مکانات موجود نہیں ہیں تو اتنے ہی چشموں کے دو مکانات ان کے لئے تعمیر کئے جائیں۔

قلعہ داروں اور منشوروں کو بھی یہ حکم بھیجا گیا ہے۔

آپ کو چاہیئے کہ ان مکانوں کی تعمیر کے لئے سامان مہیا کریں۔

جس مقام پر عامل کے لئے مکان نہیں ہے وہاں بیس چشموں کا ایک مکان بنایا جائے۔

تمام سرکاری مکانوں کو آباد ہوں یا غیر آباد عمدہ حالت میں رکھا جائے۔

اگر کوئی سرکاری مکان خالی ہے اور اس کے لئے کوئی تاجر درخواست دے تو یہ مکان

Marfat.com

اس کو کرایہ پر دیا جائے ۔

۱۱۰۔ اگر قلعہ دار آپ کے کاموں میں دخل دہی کرے تو آپ کو چاہیئے کہ ضلع کی دیوان کچہری میں اس کی رپورٹ کریں اور بخشی سے حکم حاصل کر کے اس کو دیں ۔

دونوں محکموں (فوجی اور ملکی) کے افسروں کو سخت حکم دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے اپنے کام سے تعلق رکھیں اور ایک دوسرے کے کاموں میں دخل نہ دیں ۔ اگر اس حکم کی خلاف ورزی کی گئی تو سخت سزا دی جائے گی ۔

۱۱۱۔ قلعہ کی مرمت کے لئے لکڑیوں اور رسیوں کی ہمیشہ ضرورت رہتی ہے ۔ قلعہ دار کو حکم ہے کہ یہ چیز جنگلوں سے حاصل کرے ۔ مگر جن چیزوں کو خریدنے کی ضرورت ہے ، انہیں آپ مہیا کریں اور قلعہ دار سے رسید لیں ۔

۱۱۲۔ یہ دیکھنا آپ کا فرض منصبی ہے کہ سرکاری کام بغیر رکاوٹ کے چلتا رہے ۔ اس کے لئے اٹھاونی اور احشام کے سپاہی پوری تعداد میں رکھیں ۔ اگر پوری تعداد رکھی نہ جائے اور کاموں میں رکاوٹ پیدا ہو تو آپ اس کے ذمہ دار ہوں گے ۔

جب سپاہی سرکاری کام پر باہر جائیں تو ان کے نام و عہدہ کی تفصیل قلعہ دار کے دفتر میں ہونی چاہیئے ۔

۱۱۳۔ قلعہ کے متعین سپاہیوں کو ہول کندا بہ زمین دی گئی ہے ۔ اس کی کاشت اور نگرانی کے لئے مندرجہ ذیل قانون نافذ کیا جاتا ہے ۔

ان سپاہیوں کی نصف تعداد کو ہفتہ میں ایک دن چھٹی دی جائے ۔

باقی نصف کو قلعہ کی حفاظت پر متعین رکھیں ۔

دوسرے دن اس باقی نصف تعداد کو چھٹی دیں ۔

جب سپاہی غیر حاضر ہو جائیں تو ان کی اس دن کی تنخواہ کاٹ لی جائے ۔

Marfat.com

یہ حکم قلعہ دار کو بھی بھیجا گیا ہے۔ اس پر ٹھیک طور پر عمل ہونا چاہیئے۔

ان سپاہیوں کے متعلق آپ کو صدر دفتر اور حضوری میں رپورٹ بھیجنا چاہیئے۔

۱۱۴ - جب کنداچار کے سپاہی سرکاری کام پر باہر جائیں تو ضلع کے اندر چالیس کروہ سے کم فاصلہ پر بھتہ دینے کی ضرورت نہیں۔ اگر اس فاصلہ سے دو کروہ فاصلہ بڑھ جائے تو بھتہ دینا ضروری ہے۔

روزانہ بھتہ فی سپاہی پانچ گنتی رایا فنم مقرر کیا جاتا ہے۔

بھتہ نقد دیا جائے اور رسید حاصل کی جائے۔

بھتہ کی منظوری کا حکم دیوان کچہری سے لیا جائے۔

۱۱۵ - قلعہ میں ذخیرہ اندوزی کے لئے مندرجۂ ذیل احکام نافذ کئے جاتے ہیں۔

ذخیرہ کے لئے جن چیزوں کی ضرورت ہے ان کی تفصیل قلعہ دار کے حکم نامہ میں لکھی گئی ہے۔

ذخیرہ اندوزی قلعہ کی وسعت اور اہمیت پر منحصر ہے۔ اسی لحاظ سے قلعوں کو قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

دیکھا جائے کہ آپ کے ضلع میں کس قسم کے قلعے ہیں۔ اسی کے مطابق ذخیرہ اندوزی ہوگی۔

آپ کو چاہیئے کہ فہرست کے مطابق چیزیں فراہم کریں اور قلعہ دار و سرشتہ دار سے رسید حاصل کریں۔

قلعہ میں استعمال کے لئے جس قدر تیل کی ضرورت ہے، احشام کے حکم نامہ میں لکھا گیا ہے۔

ذخیرہ کی چیزوں کے ساتھ تیل بھی پوری مقررہ مقدار میں خرید لیا جائے۔

یہ تیل تین چوتھائی تلخ اور ایک چوتھائی تل کا ہوگا۔

Marfat.com

اگر قلعہ میں باقاعدہ فوج کے سپاہی ہیں تو بندوقیں صاف کرنے کے لئے ہر سپاہی کو ہر پندرھویں دن اتنا تیل دیا جائے کہ کافی ہو سکے۔ قلعہ دار سے اس کی رسید لی جائے۔

سال کے آخر میں جو چیزیں ناقابلِ استعمال ہو گئی ہوں، انہیں تاجروں کو دے کر ان کے عوض نئی چیزیں حاصل کریں۔

اُن تمام چیزوں کو جو کرایہ پر لی گئی ہیں، سال کے آخر میں بدل دیا جائے۔

خریدی ہوئی چیزوں کو بھی ہر تین سال کے بعد تاجروں کو دے کر ان کے عوض نئی چیزیں خریدیں۔ مخزنوں میں غلہ محفوظ اور اچھی حالت میں رہنا چاہیئے۔ مخزنوں کو بھی اچھی حالت میں رکھیں۔ اگر پہلے سے مخزن موجود نہ ہوں تو نئے مخزن تعمیر کئے جائیں۔ ان کی وسعت اتنی ہو کہ کل چیزیں اِن میں رکھی جا سکیں۔

ہر شخص کو روزانہ بارہ چیزیں راشن میں دی جاتی ہیں۔ یہ چیزیں مقررہ مقدار میں مخزنوں میں رکھیں اور وقت مقررہ پر دیں۔ تفصیل قلعہ کے حکم نامہ میں موجود ہے اور یہاں بھی لکھی جاتی ہے:-

فہرست

چاول	ایک سیر	روزانہ
آٹا گیہوں کا	آدھا سیر	"
دال	پاؤ سیر	"
گھی	ایک جوز	"
املی	۲ دو جوز	"
مرچ	نصف جوز	"
نمک	۲ دو جوز	"

Marfat.com

ہلدی	نصف جوز	روزانہ
پیاز	چھ جوز	"
لہسن	نصف جوز	"
سپاری	نصف جوز	"
تمباکو	نصف جوز	"

مندرجۂ بالا چیزوں کے علاوہ ذیل میں لکھی ہوئی چیزیں مخزنوں میں حسب تفصیل رکھی جائیں

اشیاء	۱ بڑے قلعوں میں آٹھ ماہ کا اسٹاک	۲ درجۂ اول کے قلعوں میں چھ ماہ کا اسٹاک	۳ درجۂ دوم کے قلعوں میں چار ماہ کا اسٹاک	۴ درجۂ سوم کے قلعوں میں دو ماہ کا اسٹاک
۱۔ گیہوں	۱۰۰۰ سیر	۷۵۰ سیر	۵۰۰ سیر	۲۵۰ سیر
۲۔ گڑ	۲۵۰ رطل	۱۸۷ رطل	۱۲۵ رطل	۶۲½ رطل
۳۔ کچا ریشم	۵ سیر	۳¾ سیر	۲½ سیر	۱¼ سیر
۴۔ اجوائن				
۵۔ کپڑا لیموں کے رس میں ترکیا ہوا[۱]	دس تھان	۷½ تھان	۵ تھان	۲½ تھان
۶۔ موم	دس سیر	۷½ سیر	۵ سیر	۲½ سیر

۱؎ چونکہ لیموں سوائے موسم کے مل نہیں سکتے تھے اس لئے ان کے رس میں کپڑا بھگو کر خشک کر لیا جاتا تھا۔ ضرورت کے وقت کپڑا کاٹ کر گرم پانی میں بھگونے سے رس نکل آتا تھا۔

اشیاء	۱ بڑے قلعوں میں آٹھ ماہ کا اسٹاک	۲ درجۂ اول کے قلعوں میں چھ ماہ کا اسٹاک	۳ درجۂ دوم کے قلعوں میں چار ماہ کا اسٹاک	۴ درجۂ سوم کے قلعوں میں دو ماہ کا اسٹاک
۷- نمک	بیس سیر	۱۵ سیر	۱۰ سیر	۵ سیر
۸- سونف	۱۰ سیر	۷½ سیر	۵ سیر	۲½ سیر
۹- افیون	۱۰ سیر	۷½ سیر	۵ سیر	۲½ سیر
۱۰- مردار سنگ	۵ سیر	۳¾ سیر	۲½ سیر	۱¼ سیر
۱۱- سنگ ریزہ	۵ سیر	۳¾ سیر	۲½ سیر	۱¼ سیر
۱۲- سنگ پیتا	۵ سیر	۳¾ سیر	۲½ سیر	۱¼ سیر
۱۳- بوریوں کے لئے ٹاٹ	۴۰ بنڈل	۳۰ بنڈل	۲۰ بنڈل	۱۰ بنڈل
۱۴- مٹی کے برتن (بڑے)	۲۵۰۰	۱۵۰۰	۸۰۰	۶۰۰
۱۵- مٹی کے برتن (چھوٹے)	۸۰۰۰	۶۰۰۰	۴۰۰۰	۲۰۰۰

ان میں پانی کے گھڑوں کے علاوہ کھانے پکانے کے برتن۔ رکابیاں اور کٹورے شامل ہیں۔ ان میں اگر کچھ ٹوٹ جائیں تو فوراً دوسرے بھرتی کیے جائیں۔

۱۶- موسل کیرائی لکڑی کے چاول کوٹنے کیلئے	۴۰۰۰	۳۰۰۰	۲۰۰۰	۱۰۰۰

Marfat.com

۱۱۶۔ قلعہ کے ملازم اگر پہرہ دینے کے لئے بخشی۔ فوجدار یا سپہ دار کے ساتھ ایام جنگ میں ساتھ جائیں تو ضلع کے اندر بیس کروہ تک انہیں بھتہ دینے کی ضرورت نہیں ہے اس سے زیادہ مسافت کے لئے پانچ فنم روزانہ بھتہ دیا جائے۔

یہ ملازم اگر ضلع سے باہر جائیں تو انہیں روزانہ سات فنم بھتہ دینا چاہیئے۔

بھتہ کی منظوری کا حکم دیوان کچہری سے ملے گا۔

۱۱۷۔ ہر قلعہ میں ڈولی برداروں کا ایک دستہ متعین ہے۔

ہر ڈولی کے لئے چھ ڈولی بردار ہیں۔

ان ڈولی برداروں کو تین کلہاڑیاں اور دو کو پیتے دیئے جائیں۔

ڈولیوں کے پیندے لوہے کی مضبوط رسیوں سے بنائے جائیں۔

ڈولیوں کو ہمیشہ قابلِ استعمال حالت میں رکھا جائے۔

جب کبھی حضوری سے حکم موصول ہو تو ڈولیاں بلا تاخیر روانہ کی جائیں۔

یہ حکم قلعہ دار کو بھی بھیجا گیا ہے۔ آپ کو دیکھنا چاہیئے کہ اس پر ٹھیک طور پر عمل ہو رہا ہے یا نہیں۔

۱۱۸۔ کاغذوں کے ٹکڑے زمین میں دفن کر دیئے جائیں۔ راستوں میں اِدھر اُدھر نہ پھینکیں۔ بے حرمتی کا باعث ہوتا ہے۔

۱۱۹۔ سالوں اور مہینوں کو نئے سلطانی نام دیئے گئے ہیں۔ آیندہ یہی نئے نام استعمال کئے جائیں جو حسب ذیل ہیں:۔

احمدی۔ بہاری۔ جعفری۔ دارائی۔ ہاشمی۔ واسعی۔ زبرجدی۔ حیدری۔ طلوعی۔ یوسفی۔ یازدی۔ بیاسی۔

تشریح

یہاں صرف مہینوں کے نام دیئے گئے ہیں ۔ کتاب قانون میں ہندو تقویم کے مطابق ساٹھ سال کے نام بھی دیئے گئے ہیں ۔ چونکہ تاریخ سلطنت خداداد میں یہ نام دیئے گئے ہیں ، اس لئے میں نے انہیں یہاں چھوڑ دیا ہے ۔ اور صرف مہینوں کے نام دیئے ہیں ۔ قمری مہینوں میں یہ نقص ہے کہ وہ موسم اور فصل کے لحاظ سے برابر نہیں آتے ۔ اس لئے لگان کی وصولی کے لئے ہندوی مہینوں کے نام استعمال ہوتے تھے ۔ اور یہ نام بھی مختلف علاقوں میں زبان کے لحاظ سے مختلف تھے ۔ اس لئے سلطان نے سالوں کی ایک نئی تقویم اس اصول پر بنائی کہ ہر مہینہ ٹھیک اسی موسم میں آئے ۔ اور یہ نام حروف ابجد کی ترتیب سے رکھے گئے ۔ بعد میں جب سلطان نے تاریخ زر کی ایجاد کی جو حروف تہجی کے برابر تھی تو چند مہینوں کے نام بدل دیئے گئے ۔ مکاتیب ۔ احکام اور فرامین میں ان مہینوں کے ناموں کے ساتھ قمری مہینوں کے نام اور سنہ ہجری بھی لکھا جاتا تھا ۔

۱۲۰ ۔ اکثر لوگ اس کے عادی ہیں کہ کھانے کے بعد اپنے ہاتھ بیسن سے پاک کرتے ہیں اور غسل کے لئے بھی یہی آٹا استعمال کیا جاتا ہے ۔ یہ ٹھیک نہیں ہے ۔ لوگوں کو ترغیب دیں کہ ناگرموتھا کا سفوف استعمال کریں ۔

۱۲۱ ۔ آپ کے ماتحت ضلع میں توپ کے گولے اور لوہے کی چیزیں بنائی جاتی ہیں ۔ حکم دیا جاتا ہے کہ ان پر ضلع کا نام ثبت کیا جائے ۔

صدر دفتر سے حکم ملنے پر یہ چیزیں فوراً سرنگاپٹم کو روانہ کریں ۔

۱۲۲ ۔ حکم دیا جاتا ہے کہ ضلع کے سالانہ محاصل کا فرد حساب بھی اسی وقت روانہ کیا جائے جس وقت سالانہ ضروریات روانہ کی جاتی ہیں ۔ اس فرد حساب میں دکھایا جائے کہ :۔

Marfat.com

ضلع میں سال بھر میں محاصل سے کتنی رقم وصول ہوئی ۔

دیوان کچہری کے ذریعہ خزانہ کو کتنی رقم بھیجی گئی ۔

کتنی باقی ٹھہری ہوئی ہے ۔

سال بھر میں جو چیزیں خریدی گئیں ۔ ان کی تفصیل اور قیمت بھی لکھی جائے ۔

۱۲۳ ۔ آپ کے ماتحت ضلع میں ہندوؤں کے مندروں کے زیورات ۔ کپڑے ۔ تانبے اور پیتل کے برتن اور دوسری قیمتی چیزیں سررشتہ داروں اور شان بھوگوں کے پاس امانت رکھی ہوئی ہیں ۔ آپ کو چاہیئے کہ ان چیزوں کے ناموں کی فہرست بنائیں اور ہر چیز کا وزن بھی لکھیں ۔ یہ چیزیں سررشتہ داروں اور شان بھوگوں کے پاس ہی رہنا چاہئیں ۔ فہرست اور وزن لکھنے کے بعد ان چیزوں کو واپس کرتے ہوئے تاکید کر دیں کہ جب کبھی مندروں میں ان چیزوں کی ضرورت ہو دے کر واپس لیں اور حفاظت سے رکھیں ۔

اگر سررشتہ داروں یا شان بھوگوں کا تبادلہ ہو جائے تو انہیں چاہیئے کہ اپنے قائم مقاموں کو یہ چیزیں حوالے کر دیں ۔ اگر ان چیزوں میں کوئی کمی واقع ہو تو آپ اور شان بھوگ اس کے ذمہ دار ہوں گے ۔

تشریح

معمولی مندروں کے زیورات وغیرہ گاؤں کے شان بھوگوں کے پاس رکھے جاتے تھے ۔ بڑے بڑے مندروں کے زیورات اور دوسری قیمتی چیزیں یا تو ضلع کے خزانہ میں یا سرنگاپٹم میں سلطانی خزانہ میں رکھی جاتی تھیں ۔

بکانن نے اپنے سفرنامہ کی تیسری جلد کے صفحہ ۶۹ پر میل کوٹہ کے مشہور مندر کا حال لکھا ہے ۔ اس میں اُس نے لکھا ہے :۔

"میل کوٹہ کا مندر ایک نہایت ہی مشہور و مقدس مندر تسلیم

Marfat.com

کیا جاتا ہے۔ بتوں کے زیورات جو نہایت ہی قیمتی تھے ہمیشہ سلطانی
محل میں رکھے جاتے تھے۔ ہر سال جب یہاں میلہ ہوتا ہے تو
یہ چیزیں نہایت حفاظت سے پہرہ میں روانہ کی جاتی تھیں۔ اور
میلہ ختم ہونے کے بعد پھر سرنگاپٹم واپس لائی جاتی تھیں "
سرنگاپٹم کے بڑے مندر اور ننجن گڑھ کے مندروں کے زیورات بھی سلطانی
خزانہ میں رکھے جاتے تھے۔ انگریزی قبضہ کے بعد جب انگریزوں نے
سرنگاپٹم اور محل کو لوٹ لیا تو یہ چیزیں بھی لوٹ لی گئیں۔ کرنل آرتھر ولزلی
نے اس کا ذکر اپنے ایک خط میں کیا ہے جو اس نے اپنے بھائی لارڈ ولزلی
گورنر جنرل کو اسی زمانہ میں لکھا تھا۔

۱۲۴۔ آپ کی اور آپ کے ماتحت افسروں کی تنخواہیں گذارے کے مطابق مقرر کی گئی
ہیں۔ اس لئے اُمید کی جاتی ہے کہ آپ کسی معاملہ میں بھی بد دیانتی سے کام نہیں لینگے۔
اخلاق اور مذہب دونوں کے لحاظ سے جھوٹ ایک بہت بڑا گناہ ہے۔ شرح
وقایہ اور تاریخ ولایت خراساں وغیرہ میں لکھا ہُوا ہے کہ بادشاہ کے متعلق رعایا چار
گناہوں کی مرتکب ہو سکتی ہے۔ ان کی سزا بھی ان کتابوں میں لکھی ہوئی ہے۔ خدا بھی
جھوٹوں پر لعنت بھیجتا ہے۔ جھوٹ اتنا شدید گناہ ہے کہ اس سے دوسرے گناہ
پیدا ہوتے ہیں۔ خدا نے جھوٹے کو شیطان کا ساتھی قرار دیا ہے۔ جو آدمی خدا اور رسول
کی اطاعت کرتا ہے وہ جھوٹ سے پرہیز کرتا ہے۔ اس سے بادشاہ کا گناہ نہیں ہو
سکتا۔ ذیل میں ان چاروں قسم کے گناہ لکھے جاتے ہیں۔

(۱) جو بادشاہ کے خلاف ہتھیار اُٹھائے یا اس کے دشمنوں سے ملے۔ اور جو دوسرے
کو تحریک کے ذریعہ دشمنی پر آمادہ کرے اور خود اپنے ہاتھ سے چوری کرے اس کی سزا

Marfat.com

عقوبت جسمانی کے علاوہ موت ہے۔

(۲) جو بادشاہ کو زبان سے گالی دے یا دوسرے کو اس پر آمادہ کرے۔ بڑے آدمی کی تعریف کرے۔ اور بادشاہ کا راز فاش کرے تو اس کی سزا اننی درے ہے۔

(۳) جو اپنی نظر سے دوسرے کو بادشاہ کے خلاف آمادہ کرے یا کسی کو بادشاہ کی برائی کرتے ہوئے دیکھ کر خاموش رہے اور بادشاہ کو اطلاع نہ دے۔ ایسے شخص سے سختی سے پیش آنا چاہیئے، اگر وہ باز نہ آئے تو ملک بدر کر دیا جائے۔

(۴) جو کانوں سے بادشاہ کی برائی سُنے اور خاموش رہے تو اس کی سزا حسب ذیل ہوگی۔

اگر وہ صاحب اثاث ہے تو اس کا اثاثہ چھین لیا جائے۔

اگر وہ معمولی حیثیت کا ہو تو اس کو جسمانی سزا دی جائے۔

اگر ان مذکورہ بالا عیبوں سے کوئی عیب آپ میں پیدا ہو جائے تو آپ بھی سزا کے مستوجب ہوں گے۔ آپ کو چاہیے کہ اس کتاب قانون کو پڑھ کر اس پر عمل کریں۔ اگر کوئی خاص معاملہ پیش آجائے تو حضوری سے دریافت کریں۔

۱۲۵۔ جرمانہ کی سزا کا رواج موقوف کیا جاتا ہے۔ آیندہ فی پگوڈا جرمانے کے عوض مجرم کو یہ سزا دی جائے کہ وہ اپنے گاؤں کے سامنے آم کے دو درخت اور جامن کے دو درخت لگائے۔ اور یہ درخت تین گز اونچے ہونے تک روزانہ پانی دے کر ان کی حفاظت کرے۔ اس کے بعد وہ بری الذمہ ہے۔

نوٹ

اس دفعہ کے نیچے لکھا گیا ہے کہ "کتاب قانون ۲۱ ورقوں اور ۱۲۵ دفعات پر ختم ہوئی ہے" تاریخ یکم احمدی سال دلو مطابق ۱۲۰۰ سنہ ہجری دی گئی ہے۔ کاتب نے اپنا نام "عباس علی" لکھا ہے۔ انگریز مترجم جس نے اس کتاب قانون کا ترجمہ کیا ہے

Marfat.com

لکھتا ہے کہ "کتاب کے اخیر میں سلطان کی مہر ثبت ہے۔ سید محمدؐ نے تصدیق کی ہے کہ اس نے اس کتاب پر نظر ثانی کی ہے۔ اور گووند رائے منشی "حضوری نے اپنے دفتر میں رجسٹری کی ہے اور اپنا دستخط کیا ہے۔"

کتاب قانون پر جو تاریخ درج ہے وہ سنہ ۱۲۰۰ سنہ ھجری ہے۔ سلطان کی شہادت ۱۲۱۳ھ کے اخیر میں ہوئی۔ ممکن ہے کہ درمیانی تیرہ سال میں سلطان نے اور کچھ قوانین بنائے اور جاری کئے ہوں جو اس کتاب میں درج نہ ہو سکے اس لئے کہ یہ کتاب ۱۷۸۸ء کی ابتدا میں سنکاگری (ضلع کوئمبتور) کے قلعہ میں انگریزوں کے ہاتھ لگ گئی تھی۔ انہوں نے اس کو کلکتہ بھیج دیا۔ جہاں بی کرسپ نے اس کا انگریزی میں ترجمہ کیا۔ اور بعد میں یہی ترجمہ ۱۷۹۵ء میں لنڈن میں شایع ہوا۔

میری خواہش تھی کہ اس کتاب میں سلطان کے دوسرے قوانین بھی اگر مل جائیں تو شامل کر دوں مگر سوائے تین قوانین کے جو بکانن کی رپورٹ (سفرنامے) اور ولکس کی تاریخ میسور میں ملے اور مل نہ سکے۔

(۱) بکانن اپنی رپورٹ کے مختلف صفحات پر مختلف علاقوں کے کسانوں کی اقتصادی حالت بیان کرتے ہوئے تیسری جلد میں لکھتا ہے:-

"سلطان نے حکم دے رکھا تھا کہ لوگ اپنی ضرورت کے مطابق صرف اتنے جانور پالیں کہ آسانی سے ان کی پرورش ہو سکے۔"

تشریح

سلطان کا یہ حکم صرف اس لئے تھا کہ کسانوں کی حالت خراب نہ ہو اور عمدہ جانور پالے جائیں۔ اس نے امرت محل کا محکمہ صرف اسی لئے قائم کیا کہ بیلوں کی نسل کو عمدہ بنایا جائے جو زراعت اور باربرداری کے کام آسکے۔ رئیس

Marfat.com

لکھتا ہے کہ میسور میں جو بیل اور گائے پیدا ہوتے تھے وہ قد میں چھوٹے اور بار برداری کے قابل نہیں تھے۔ اس لئے سلطان نے مدورا وغیرہ سے عُمدہ قسم کے نر بیل منگائے۔ ان کی جو نسل پیدا ہوئی وہ ہلے کار کھلائی۔ یہ بیل نہایت جفاکش اور تیز رفتار تھے۔ ان کی تعریف کرنل آرتھر ولزلی نے بھی کی ہے۔ امرت محل کا محکمہ میسور میں ابھی تک قائم ہے۔ کسانوں کی اقتصادی حالت کے متعلق بکانن لکھتا ہے۔

"میں نے یہاں (ضلع کوئمبتور میں) دیکھا کہ اسلامی حکومت میں ایک امیر کسان بارہ ہلوں کا مالک تھا۔ اس کے پاس ۴۸ بیل ۲۰۰ بکرے اور ۵۰ گائیں تھیں۔ تیس مرد اور پندرہ عورتیں اس کے کھیتوں میں کام کرتی تھیں۔ اس کے پاس ۱۸۵ ایکڑ تر زمین تھی"۔

یہی بکانن ضلع سرنگاپٹم کے حالات میں لکھتا ہے:۔

"یہاں ایک امیر کسان کے پاس آٹھ سے زیادہ ہل نہیں تھے۔ متوسط درجہ کے کسان کے پاس چار ہل اور غریب کسانوں کے پاس صرف ایک یا دو ہل تھے"

نوٹ

سرنگاپٹم اور کوئمبتور میں یہ فرق ہے کہ سرنگاپٹم کی زمین نہایت زرخیز اور قیمتی ہے۔

(۴) بکانن نے اپنے سفرنامہ کے مختلف صفحات پر محصول کی چوکیوں کا ذکر کیا ہے۔ اس سلسلہ میں اپنے سفرنامہ کی دوسری جلد کے صفحہ ۳۲۲ پر لکھتا ہے:۔

سلطان نے محصول کے متعلق یہ حکم جاری کر رکھا تھا کہ

"راستوں میں محصول وصول کرنے کے بعد محصول چوکی کا فرض ہے کہ اپنے متعلقہ علاقے میں تاجروں کے مال کی حفاظت کرے۔ اگر تاجروں کا کوئی

Marfat.com

نقصان ہو تو چوکی کے ملازموں کی تنخواہ سے تاجروں کا نقصان پورا کیا جائے گا۔"

تشریح

بکانن اس قانون پر رائے زنی کرتے ہوئے لکھتا ہے :۔

"اس قانون کی وجہ سے نہ صرف راستوں میں بالکل امن تھا بلکہ تجارت بھی خوب ہوتی تھی۔"

آرین رول ان انڈیا میں لکھا ہوا ہے کہ شیر شاہ سوری نے بھی اسی قسم کا قانون جاری کیا تھا۔

(۳) ولکس نے اپنی تاریخ میسور کی دوسری جلد کے صفحہ ۶۱۰ پر پنشنوں کے متعلق سلطان کا یہ حکم نامہ دیا ہے :۔

ماہ شاداب سے سلطنت خداداد کے تمام ملازموں کو پانچ مراعات دی جاتی ہیں :۔

(۱) سلطنت خداداد کی فوجیں جس ملک کو فتح کریں گی اس کی سالانہ آمدنی کا چوتھائی حصہ انہیں بطور انعام دیا جائے گا۔

(۲) دوران جنگ میں لوٹ میں جو چیز جس سپاہی کو ملے گی، اسی کی سمجھی جائے گی۔

(۳) جو سپاہی جنگ میں مارا جائے گا اس کی بیوی اور بچوں کو اس سپاہی کی تنخواہ بطور پنشن دی جائے گی۔

(۴) سلطنت کا جو ملازم دوران ملازمت میں فوت ہو جائے اس کی بیوی اور بچوں ہر ایک کو روزانہ پاؤ طلائی فنم (ماہانہ ڈھائی روپیہ) پنشن ملا کرے گی۔

(۵) جن لوگوں سے کوئی نمایاں کام بہادری یا ملک کی بہبودی کے لئے ہوگا اسی کے مطابق ان کے اعزاز میں ترقی دی جائے گی۔

Marfat.com

اِن مراعات کا مقصد یہ ہے کہ سلطنت خداداد کے تمام ملکی و فوجی افسر و سپاہی ملک کی بہبودی اور سلطنت کے استحکام و ترقی میں احکام خدا و رسول کے مطابق کوشش کریں گے۔

تمام شُد

Marfat.com

کتب خانہ سلطانی کا

کیٹلاگ

فہرست مع تشریح

Marfat.com

Marfat.com

کُتب خانہ سُلطانی

یہ ایک تسلیم شدہ اصول ہے کہ کسی شخص کی علمی قابلیت کا مظہر اس کا کتب خانہ ہوتا ہے اس کلیہ کے ماتحت اگر سلطانی کتب خانہ کی فہرست اور استوارٹ کی یہ تحریر دیکھی جائے کہ "سلطان جس کتاب کا مطالعہ کر چکتا تھا، اس پر اپنی مہر لگا دیتا تھا" تو اس میں شک نہیں رہتا کہ وہ بہت بڑا عالم و فاضل بھی تھا۔

سلطان کا کتب خانہ اس زمانہ میں اپنی آپ مثال تھا۔ اس لئے انگریزوں نے سوائے چند معمولی کتابوں یا رسالوں کے باقی تمام کتابیں انگلستان کو بھیجدیں۔ سلطان نے ان تمام کتابوں کی نہایت خوبصورت جلد بندی کرائی تھی۔ استوارٹ اپنے دیباچہ میں لکھتا ہے :۔

"ان تمام کتابوں کی جلدوں کے وسط میں جن کی دوبارہ جلد بندی سرنگاپٹم میں ہوئی ہے"

اللہ ۔ محمدؐ ۔ علی ۔ فاطمہ حسن اور حسین

طلائی حروف میں ثبت ہیں۔ اور چاروں کونوں پہ خلفائے راشدین کے نام ہیں ۔ لوح پر سرکار خداداد اور نیچے "اللہ کافی" لکھا ہُوا ہے۔

کتب خانہ سلطانی کی فہرست میں استوارٹ نے ۴۵ ایسی کتابوں کے نام دیئے ہیں جو سلطان کے عہد میں سرنگاپٹم میں تصنیف ہوئی تھیں مگر حیرت یہ ہے کہ استوارٹ نے یہ بھی لکھا ہے کہ ۴۵ ایسی کتابیں بھی ملیں جو ابھی ناتمام تھیں یا ابھی انہیں کوئی نام نہیں دیا گیا تھا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ آخر اللہ کہ ۴۵ کتابیں سلطان اپنی خاص نگرانی میں لکھا رہا تھا۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ ان میں خود اس کی کچھ اپنی تصانیف بھی ہوں ورنہ اس کے

Marfat.com

کتب خانہ میں یہ نامکمل ۴۵ مسودات پائے نہ جاتے۔ اسٹوارٹ لکھتا ہے۔

"معلوم ہوتا ہے کہ سلطان کو مصنف بننے کا شوق تھا۔ اگرچہ اس کی تصنیف کی ہُوئی کوئی مکمّل کتاب نہیں ملی۔ لیکن ۴۵ ایسے مسودات ملے جو مختلف موضوعات پر تھے۔ یہ یا تو طبع زاد (اوریجنل) ہیں یا ترجمہ۔ جو خاص اس کی سرپرستی ہدایت اور نگرانی میں لکھی گئیں۔ ان میں سے اکثر عیسائیوں (انگریزوں) کے خلاف ہیں۔"

اسی دیباچہ میں اس نے یہ بھی لکھا ہے کہ:۔

"کتب خانہ کی تہذیب و ترتیب کے لئے ایک مہتمم مقرر تھا۔ سلطان کو تصنیف و تالیف کا بھی بہت شوق تھا۔ سلطان کے حکم اور فرمائش سے بہت سی کتابیں لکھی گئیں ہیں یہ کتابیں زیادہ تر فوجی اور دیوانی معاملات سے متعلق ہیں۔ سلطان نے اپنے فرامین کے متعدد مجموعے تیار کرائے تھے۔ جو اس وقت بھی یوروپ کے کتب خانوں میں موجود ہیں۔ سلطان جس کتاب کا مطالعہ کر چکتا تھا۔ اس پر مہر لگا دیتا تھا۔ اس طرح اکثر کتابوں پر مہریں ثبت تھیں۔"

سلطانی کتب خانہ میں تقریباً دو ہزار کتابیں تھیں جن کی تقسیم اسٹوارٹ نے اس طرح کی ہے:۔

تاریخ	۱۱۸	زبان دانی یا علم تحقیق	۴۵
تصوّف	۱۱۵	لغت یا فرہنگ	۲۹
علم الاخلاق	۲۴	الٰہیات (معرفت)	۴۶
نظم	۱۹۰	علم اصول فقہ	۹۵

قصے کہانیاں	۱۸	حدیث	۴۶
انشا	۵۳	قرآن مجید	۴۴
علوم وفنون	۱۹	تفسیر	۴۱
علم حساب	۷	اوراد و ادعیات	۳۵
علم نجوم	۲۰	نظم ہندی یا دکھنی	۲۳
طب	۶۲	نثر	۴
فلسفہ	۵۴	ترکی یا تاتاری زبان کی	۲

نوٹ :- مذکورہ بالا فہرست میں ۲۷ ہندی یا دکھنی زبان کی کتابیں بھی شامل ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عوام کی یہ زبان دربار سلطانی میں بھی جگہ پا چکی تھی اس لئے کہ ان کتابوں میں علی حسین کی دو تصانیف بھی موجود تھیں جو سلطان کا اتالیق اور دربار کا ملک الشعرا تھا۔ علی حسین حیدر علی کے دربار کا ملک الشعراء بھی تھا اس نے حیدر علی و سلطان کی تعریف میں بہت سی نظمیں لکھی تھیں۔ ان میں دو نظمیں اس کتاب کے آخر میں اس لحاظ سے دی جاتی ہیں کہ اندازہ ہو سکے کہ یہ زبان جس کو اب اُردو کہا جاتا ہے۔ دو سو سال پیشتر میسور میں کس حالت میں تھی۔

میں نے میجر سٹوارٹ کے کٹیلاگ کا ترجمہ صرف اس خیال سے کیا ہے کہ اُردو زبان میں ابھی تک کٹیلاگ نویسی کا عام رواج نہیں ہے۔ یوروپ میں کٹیلاگ نویسی کا رواج ہر زبان میں پایا جاتا ہے اور علمی لحاظ سے یہ چیز نہایت اہم اور عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے کے علاوہ زبان کا سرمایہ سمجھی جاتی ہے۔ ان کٹیلاگوں کی قیمت بھی بہت

Marfat.com

زیادہ ہوتی ہے۔

اسٹوارٹ نے اپنے اس کیٹلاگ میں صرف اہم اور خصوصاً تاریخ اور علوم و فنون کی کتابوں پر بہت زیادہ توجہ کی ہے اور دوسری کتابوں کو نظر انداز کر دیا ہے۔ اگر ارباب فن اس پر توجہ کریں تو یہ کیٹلاگ ہر لحاظ سے مکمل ہو سکتا ہے۔ اور اس میں ان کتابوں کے نام بھی داخل ہو سکتے ہیں جو سلطانی کتب خانہ میں نہیں تھیں یا اس کیٹلاگ کی تیاری کے بعد موجودہ زمانہ تک لکھی جا چکی ہیں۔ اس طرح اُردو زبان میں ایک عمدہ اور مکمل کیٹلاگ تیار ہو جائے گا جو ایک علمی اور زندہ زبان کے لئے نہایت ضروری چیز ہے۔

محمود

Marfat.com

تاریخ وسوانح

نمبر	نام کتاب	مصنّف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
۱	تاریخ روضۃ الصفا	محمد میرخوندشاہ		نسخ	فارسی زبان میں مشہور تاریخ جو ایک پیش لفظ۔ سات الباب اور خاتمۃ الکتاب پر ختم ہوئی ہے۔ پیش لفظ فنِ تاریخ کی افادیت۔ پہلا باب۔ آفرینش عالم۔ طوفان نوح۔ پیغمبروں۔ راہبوں۔ عالموں۔ اور فرعونان مصر کے حالات۔ اور ملک فارس کی قدیم تاریخ۔ دوسرا باب۔ پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کے حالات۔ تیسرا باب۔ بارہ اماموں۔ خلفائے بنی اُمیہ۔ خلفائے بنی عباس اور ہلاکو کے ہاتھوں بغداد کی تباہی کا بیان۔ چوتھا باب۔ ایران۔ عراق اور ترکستان کی اسلامی سلطنتوں کے حالات۔

Marfat.com

نمبر	نام کتاب	مصنف	سنۂ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
۱					**پانچواں باب** - چنگیز خاں اور اس کے جانشینوں کے حالات (چنگیز ۱۱۵۴ء میں پیدا ہوا - ۷۲ سال کی عمر پائی - اس کے جانشینوں نے ۱۳۳۵ء تک ایران پر حکومت کی تھی)
					چھٹواں باب - تیمور اور اس کے جانشینوں کے حالات (تیمور ۱۳۳۵ء میں پیدا ہوا اور ۱۴۰۴ء میں وفات پائی - مقبرہ سمرقند میں ہے جو فن تعمیر کا ایک شاہکار ہے - تیمور نے ۱۳۹۸ء میں ہندوستان پر چڑھائی کی تھی)
					ساتواں باب - حالات سلطان حسین مرزا ابوالغازی بہادر (یہ خاندان تیمور کا چوتھا اور نہایت علم دوست بادشاہ تھا - اس نے ۴۳ سال تک خراسان پر حکومت کی تھی اس کے عہد میں بہت سی کتابیں تصنیف ہوئیں)
					خاتمۃ الکتاب - ہرات اور دوسرے شہروں کے حالات (ہرات خراسان کا پایہ تخت تھا - موجودہ وقت میں افغانستان کی عملداری میں شامل ہے -

Marfat.com

					مصنف نے اس کتاب کو سلطان حسین مرزا والی خراسان کے وزیر علی شیر کے نام پر معنون کیا ہے۔ وزیر علی شیر خود بھی نہایت عالم و فاضل ہونے کے علاوہ علوم و فنون کا سرپرست رہا ہے۔ اس کی سرپرستی میں کئی کتابیں تصنیف ہوئی ہیں۔ مصنف محمد میر خوند شاہ نے ۱۴۹۷ سنہ میں وفات پائی۔
۲	خلاصۃ الاخبار	غیاث الدین بن حمید الدین خوندمیر	۱۴۹۸ سنہ	نستعلیق	تاریخ کی ایک نہایت مشہور و مستند کتاب ہے جو دیباچہ دس ابواب اور خاتمۃ الکتاب پر منتہی ہوئی ہے۔ دیباچہ ۔ دنیا کی پیدائش اور طوفان نوح ؑ کے حالات۔ پہلا باب ۔ پیغمبروں کے حالات۔ دوسرا باب ۔ عالموں کے حالات۔ تیسرا باب ۔ قدیم سلاطین ایران کی تاریخ۔ چوتھا باب ۔ پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات۔ پانچواں باب ۔ بارہ اماموں کے حالات۔

Marfat.com

نمبر	نام کتاب	مصنّف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
					چھٹواں باب ۔ خلفائے بنی اُمیہ کی تاریخ ۔ ساتواں باب ۔ خلفائے بنی عباس کی تاریخ ۔ آٹھواں باب ۔ شاہان ایران کے حالات جو خلفائے بنی عباس کے ہم عصر تھے ۔ نواں باب ۔ چنگیز خاں اور اس کے جانشینوں کے حالات ۔ دسواں باب ۔ تیمور اور اس کے جانشینوں کے حالات خاتمۃ الکتاب ۔ شہر ہرات اور اس کے والیوں و فاضلوں کے حالات ۔ یہ کتاب بھی سلطان حسین مرزا والئی خراسان کے علم دوست وزیر علی شیر کے نام معنون ہے ۔ ایک ہی موضوع پر دو کتابیں یعنے تاریخ روضۃ الصفا (نمبرا) اور یہ کتاب خلاصۃ الاخبار ۔ ایک ہی شہر (ہرات) میں تصنیف ہوئی ہیں ۔ اور دونوں ایک ہی شخص کے نام پر معنون ہوئی ہیں ۔ اگرچہ کتاب کے نام سے ظاہر ہے کہ وہ تاریخ کا خلاصہ ہے ۔ مگر کتاب اس قدر ضخیم ہے کہ فاضل مورخ نے خود ہی اس کا

Marfat.com

					خلاصہ ایک اور کتاب میں لکھا ہے۔
۳	حبیب السیر	غیاث الدین بن ہمام الدین خوندمیر مصنف خلاصۃ الاخبار		شکستہ آمیز	کتاب نمبر ۲ (خلاصۃ الاخبار) کا خلاصہ تین جلدوں میں، ہر جلد میں ایک باب ہے۔ یعنے پوری کتاب میں تین ابواب ہیں۔
۴	تاریخ طبری	ابو محمد تبریزی	سنہ ۹۱۲ھ	ثلث	تاریخ اسلام کی مستند اور مشہور کتاب جو مشہور مورخ ابو جعفر بن جریر طبری نے لکھی تھی۔ یہ کتاب اس کی عربی کتاب کا فارسی میں ترجمہ اور تسلسل ہے۔ مصنف نے کتاب کو ابو صالح بن نوح کے نام پر معنون کیا ہے۔ تاریخ طبری اس قدر مستند سمجھی جاتی ہے کہ تمام تاریخی کتابوں میں اس سے سند لی جاتی ہے۔
۵	تاریخ گزیدہ	احمد بن ابو بکر بن ناصر مصطفی القزوینی		نستعلیق	اسلام کی تاریخ۔ اس میں ایک دیباچہ۔ چھ ابواب اور ایک تتمہ ہے۔ تتمہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا شجرۂ نسب دیا گیا ہے۔
۶	منتخب الاخبار	بہاالدین حاکم اصفہان	سنہ ۱۲۷۱ھ	شکستہ آمیز	کتاب پیغمبروں کے حالات میں ہے۔ آخر میں مکہ اور مدینہ کی تاریخ دی گئی ہے۔
۷	منتخب التواریخ	جعفر بن محمد حسینی		نستعلیق	حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر شاہ رخ میرزا ابن تیمور تک کے حالات ہیں یہ ایک مختصر مگر

Marfat.com

نمبر	نام کتاب	مصنف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
					جامع تاریخ ہے۔
۸	تاریخ مختصر	احمد بن محمد غفاری	۱۵۲۵ء	نستعلیق	براعظم ایشیا کی مختصر تاریخ۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر شاہ طہماسپ والی ایران (۱۵۲۵ء) تک کے حالات ہیں۔ کتاب میں سلاطین اندلس (۷۵۵ء تا ۱۰۲۶ء) کے حالات بھی لکھے گئے ہیں۔ کتاب شاہ طہماسپ والیٔ ایران کے نام پر معنون کی گئی ہے۔
۹	روضۃ الطاہرین	طاہر محمد حسین سبزواری	۱۶۰۲ء	"	تاریخ کی یہ کتاب پانچ جلدوں میں ہے۔ پہلی جلد۔ دنیا کی قدیم تاریخ۔ دوسری جلد۔ ایران کے قدیم خاندان اور ملک ایران کے حالات عربوں کی فتح تک تیسری جلد۔ چنگیز خاں اور مغل چوتھی جلد۔ سلاطین عرب و شام پانچویں جلد۔ خلفائے اسلام اور خاندانِ تیمور کی تاریخ۔

Marfat.com

					(سبزوار ایران کے ایک شہر کا نام ہے۔ یہاں کے سادات کے خاندان علم و فضل کے لحاظ سے نہایت مشہور ہیں اور ان کے بعض افراد تاریخ میں ایک خاص حیثیت رکھتے ہیں)
۱۰	تاریخ الفی			مختلف رسم الخط	کتاب میں مسلمانوں کی ہزار سالہ تاریخ ہے۔ شہنشاہ ہندوستان محمد جلال الدین اکبر کے حکم سے کئی عالموں نے مل کر یہ کتاب لکھی ہے اور دیباچہ ابوالفضل نے لکھا ہے۔ کتاب تین جلدوں میں ہے۔ (کتب خانۂ سلطانی کی یہ کتاب نامکمل ہے)
۱۱	طبقات ناصری	ابو عمر منہاج الجرجانی	۱۳۵۲ء	نستعلیق	ہندوستان کی یہ مشہور تاریخ سلطان ناصر الدین کے نام پر معنون ہے۔ (سلطان ناصر الدین کا پورا نام ناصر الدین ہے۔ جس نے ۱۲۴۶ء سے ۱۲۶۶ء تک ہندوستان پر حکومت کی تھی۔ خاندان غلاماں کا یہ بادشاہ عمر بھر درویشانہ زندگی بسر کرتا رہا۔ اس نے اپنے خرچ کے لئے خزانۂ عامرہ یا بیت المال سے کبھی کچھ نہیں لیا۔ صرف کتابت پر بسر اوقات تھی۔
۱۲	تاریخ احمد اللہ	احمد اللہ قزوینی	۱۴۳۲ء	"	شہر قزوین کی تاریخ۔ قزوین ایران کے ایک شہر کا نام ہے۔

نمبر	نام کتاب	مصنف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
۱۳	تاریخ موسوی	معین الدین ہراتی		نسخ	یہودی قوم کی تاریخ ۔
۱۴	داراب نامہ	ابوطاہر طرطوسی		نستعلیق	کتاب میں شاہان ایران و مقدونیہ کے حالات لکھے گئے ہیں ۔ خاص طور پر فلپس شاہ مقدونیہ ۔ اسکندرِ اعظم ۔ حضرت الیاسؑ اور حضرت خضرؑ کے حالات تفصیل سے دیئے گئے ہیں ۔ طرطوس اندلس (اسپین) کے ایک شہر کا نام ہے ۔ اسپین پر مسلمانوں (عربوں) نے تقریباً سات سو سال تک حکومت کی تھی ۔
۱۵	نظام التواریخ	ابوسعید بیضاوی	۱۲۷۵ء	"	کتاب میں حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر زوال بغداد تک کے حالات ہیں ۔ چنگیز خاں کے جانشین ہلاکو خاں نے بغداد کو سنہ ۱۲۵۸ء میں تباہ کیا تھا حضرت سعدی نے اس تباہی پر ایک مرثیہ لکھا تھا جو بجائے خود ایک تاریخی چیز ہے اور نہایت مشہور ہے ۔ اس کی پہلی بیت یہ ہے :۔ آسماں راحق بود گر خوں ببارد بر زمین بر زوالِ ملک مستعصم امیرالمومنین)

محمود

۱۶	مجمع الانساب	ابراہیم بن علی	۱۲۳۲ھ	نستعلیق	ایران کے مختلف مشہور خاندانوں کے شجرہ ہائے نسب
۱۷	ترجمہ فتوح عربی	مترجم۔ محمد بن احمد ہراتی	۱۱۹۹ھ	"	فتوح عربی، عربوں کے حالات میں ایک نہایت مستند کتاب تسلیم کی جاتی ہے۔ یہ اسی کتاب کا فارسی ترجمہ ہے۔ کتاب میں عربوں کے فتوحات اور ان کی خانہ جنگیوں کے حالات ہیں۔ خلیفۂ اوّل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے لے کر واقعہ کربلا تک کے حالات لکھے گئے ہیں۔ کربلا کا واقعہ نہایت تفصیل سے دیا گیا ہے۔ اس کتاب کا ترجمہ انگریز مورخ اوکلی نے انگریزی میں کیا ہے۔ جس کا نام Oakley's History of Saraceens ہے۔
۱۸	تاریخ فتوح الشام	مترجم۔ ابو اسماعیل محمد	-	نستعلیق	مورخ واقدی کی مشہور تاریخ فتوح الشام کا اختصار اور فارسی ترجمہ۔
۱۹	ظفر نامہ	شریف الدین علی یزد	-	"	مشہور فاتح تیمور صاحب قران کی سوانح جس کی حکومت سرحد چین سے بحر متوسط (یوروپ) تک پھیلی ہوئی تھی۔
۲۰	تاریخ تیموریہ	نامعلوم		شکستہ	تیموری خاندان کے حالات ابو سعید مرزا تک۔ اس میں ایران کے کئی شہروں کے حالات بھی ہیں۔ (ابو سعید مرزا شہنشاہ بابر کے باپ کا نام ہے۔ بابر ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کا بانی ہے۔ اس نے ۱۵۲۶ء میں ابراہیم لودھی کو پانی پت میں شکست دی اور اسی

Marfat.com

نمبر	نام کتاب	مصنف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
					سال دہلی پر قبضہ کیا۔
۲۱	تاریخ شاہ رخ	لطف اللہ	سنہ ۱۴۱۳ء	نستعلیق	تیمور صاحب قران کی مختصر مگر جامع تاریخ۔ اس کے ساتھ شاہ رخ میرزا کے عہد حکومت کے ابتدائی نو سال کی تاریخ بھی ہے۔
۲۲	کتاب تیموریہ	نامعلوم	—	"	تیمور کے حالات میں بہترین کتاب ہے۔ اس میں تیمور کے دربار کے عالموں اور فاضلوں کے حالات بھی ہیں۔ کتاب سلطان حسین مرزا ابوالغازی بہادر والئ خراسان کے نام پر معنون ہے۔ (غالباً ہرات پایہ تخت خراسان ہی میں لکھی گئی) کتاب تین جلدوں میں ہے۔ کتب خانہ سلطانی میں انگریزوں کو صرف تیسری جلد ملی۔
۲۳	تذکرۃ الشعراء دولت شاہی	دولت شاہ بن بخت شاہ سمرقندی	سنہ ۱۴۸۷ء نقل	شکستہ آمیز	کتاب میں دس عربی۔ ایک سو پچیس فارسی اور چند ہرات کے شاعروں کے حالات اور ان سب کے کلام کا نمونہ اور ان شعرا کے اقوال بھی دیئے گئے ہیں۔ یہ کتاب اصل کتاب کی نقل ہے۔ مصنف نے کتاب کو علی شیر وزیر خراسان کے نام پر معنون کیا ہے۔
۲۴	روضۃ الجنات	معین الدین ہراتی	سنہ ۱۴۹۳ء	نستعلیق	یہ کتاب ہرات (پایہ تخت خراسان) کی تاریخ ہے۔ اس میں اس شہر کے عالموں۔

Marfat.com

					فاضلوں اور شاعروں کے حالات کے علاوہ خراسان کے امیروں کے حالات بھی لکھے گئے ہیں۔ کتاب سلطان حسین مرزا ابوالغازی بہادر والیٔ خراسان کے نام پر معنون کی گئی ہے۔
۲۵	تاریخ ہشت بہشت	مُلّا ادریس بن حسام الدین	سنہ ۱۵۰۶ء	ثلث	مشاہیر اسلام کے حالات جو سنہ ۱۴۵۱ء سے سنہ ۱۵۰۶ء تک گذرے ہیں
۲۶	تاریخ عالم آرائے عباسی	سکندر بیگ منشی	سنہ ۱۶۱۶ء	شکستہ آمیز	والیٔ ایران شاہ عباس اعظم کے حالات۔ تین جلدوں میں۔ یہ شاہ عباس اعظم ہی تھا جس نے ترکی پر اس وقت حملہ کیا جب ترکی فوجیں فرانس و انگلستان پر حملہ کرنے والی تھیں۔ اس حملہ کی وجہ سے ترکی فوجوں کو سرحد فرانس سے واپس بلا لیا گیا۔ انگلستان کے مشہور سیاستدان کا قول ہے کہ اگر اس وقت ایران، ترکی پر حملہ نہ کرتا تو یقیناً آج لنڈن میں بائیبل کے عوض قرآن پڑھا جاتا۔

Marfat.com

نمبر	نام کتاب	مصنف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
۲۷	عبداللہ نامہ	محمد بن تونش البخاری		نسخ	اس کتاب میں اُزبک قبیلہ کی تاریخ ہے اس قبیلہ نے اپنے سردار شاہ بیگ خاں کے ماتحت دشت قبچاق سے نکل کر آلِ تیمور کو ماوراالنہر سے باہر کیا - ماوراالنہر میں آل تیمور کی حکومت تھی - شاہ بیگ خاں کے علاوہ اس قبیلہ میں عبداللہ خاں بھی ایک نامور ہیرو گذرا ہے جو ہندوستان کے شہنشاہ جلال الدین اکبر کا ہمعصر تھا - اس کی وفات ۱۵۹۵ء میں ہوئی - کتاب میں عبداللہ خاں کے حالات بھی دیئے گئے ہیں اور وہ اقوال بھی لکھے گئے ہیں جو اس قبیلہ کے مشہور لوگوں کے ہیں -

تاریخہائے ہندوستان (ہندوستان کی تاریخیں)

نمبر	نام کتاب	مصنف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
۲۸	طبقات اکبری	نظام الدین احمد بن محمد مقیم ہراتی	۱۶۰۰ء	نستعلیق	کتاب ہندوستان کی تاریخ ہے جو نو ابواب پر ختم ہوئی ہے - پہلا باب - ہندوؤں کی مختصر تاریخ - دوسرا باب - مسلمان سلاطین دہلی کے حالات شہنشاہ اکبر تک

Marfat.com

۲۹	کتاب فرشتہ	محمد قاسم فرشتہ	سنہ ۱۶۰۹ء	مختلف خط	تیسرا باب - حکمرانان دکن کی تاریخ - چوتھا باب - گجرات کی تاریخ - پانچواں باب - بنگالہ کی تاریخ - چھٹواں باب - مالوہ کی تاریخ - ساتواں باب - سندھ کی تاریخ - آٹھواں باب - جونپور کی تاریخ - نواں باب - ملتان کی تاریخ - کتاب محمد جلال الدین اکبر شہنشاہ ہندوستان کے نام پر معنون ہے - کتاب ہندوستان کی نہایت ہی مشہور و مستند تاریخ ہے - مورخین عالم کی نظروں میں یہ کتاب اس قدر مستند ہے کہ ہندوستان کی تاریخ لکھنے میں اسی سے مدد لی جاتی ہے - فرشتہ نے اگرچہ اور کتابیں بھی لکھی ہیں مگر اس کتاب نے اس کو زندۂ جاوید بنا دیا ہے - کتاب شاہان بیجاپور کی سرپرستی میں بیس سال کے عرصہ میں لکھی گئی تھی - فرشتہ پہلے احمد نگر میں مقیم تھا -

نمبر	نام کتاب	مصنف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
۳۰	تاریخ بہمنی	نامعلوم	-	نستعلیق	کتاب میں شاہان بہمنیہ کی مفصل تاریخ کے علاوہ بیدر کے برید شاہی خاندان کے حالات بھی ہیں۔
۳۱	تاریخ ابراہیمی	ابراہیم بن حریری		شکستہ آمیز خط	(کتاب کا پہلا ورق نہ رہنے سے مصنف کا نام معلوم نہ ہوسکا) ہندوستان کی مجمل تاریخ سلطان ظہیرالدین بابر تک (کتاب شہنشاہ بابر کے نام پر معنون کی گئی ہے)
۳۲	تاریخ خافی (منتخب اللباب)	محمد ہاشم ایرانی		نستعلیق	عہد مغلیہ کی تاریخ محمد شاہ کی تخت نشینی تک مصنف کتاب محمد ہاشم ایرانی کو دربار عالم گیر سے خافی خاں کا خطاب حاصل تھا۔ مگر یہ در پردہ دارا شکوہ کا طرفدار اور عالمگیر کا سخت مخالف تھا۔ اس نے عالمگیر کے خلاف بہت سخت اور غلط بیانی سے کام لیا ہے۔ اسی لئے اس نے اپنی اس کتاب کو ۱۷۳۲ء تک باہر نہیں نکالا۔ عالمگیر کی وفات ۱۷۰۷ء میں ہوئی تھی۔

Marfat.com

۳۳	تاریخ شیر شاہی	عباس بن علی شروانی	-	نستعلیق	شیر شاہ سوری شہنشاہ ہندوستان اور اس کے دو جانشینوں کے حالات جلال الدین اکبر کے عہد کی تصنیف اور اسی کے نام پر معنون کی گئی ہے۔
۳۴	تاریخ اکبری	شیخ ابو الفضل	-	״	شہنشاہ اکبر کے عہد کے ابتدائی ۴۷ سالہ حالات۔ مصنف دربار اکبری کا مشہور عالم و فاضل تھا۔ دکن سے واپسی کے وقت قتل ہوگیا۔
۳۵	مآثر رحیمی	عبد الباقی	۱۶۱۳ء	معمولی خط	اکبر کے اتالیق بیرم خاں کی کتاب میں فرزند عبد الرحیم خانخاناں کے حالات کے ساتھ ساتھ اس عہد کے مشہور امیروں۔ عالموں۔ فاضلوں اور شاعروں کے حالات بھی ہیں
۳۶	اقبال نامہ جہانگیری	معتمد خاں	-	״	شہنشاہ ہندوستان محمد نور الدین جہانگیر کے حالات۔
۳۷	شاہ جہان نامہ	محمد طاہر عنایت خاں	-	نستعلیق	شہنشاہ ہندوستان محمد شہاب الدین شاہ جہان کے حالات وفات تک۔
۳۸	عالم گیر نامہ	مرزا محمد کاظم	-	نسخ	شہنشاہ عالم گیر اورنگ زیب کے عہد کے ابتدائی دس سال کی تاریخ۔ یہ کتاب جب عالم گیر کے پیش ہوئی تو اس نے مصنف کو کتاب کی اشاعت سے یہ کہہ کر منع کر دیا کہ وہ گمنام رہنا چاہتا ہے۔ کتاب عالم گیر کے نام پر معنون کی گئی ہے۔

Marfat.com

نمبر	نام کتاب	مصنّف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
۳۹	مآثر عالم گیری	محمد ساقی مستعد خاں	۱۷۱۰ء	شکستہ آمیز	یہ کتاب بہادر شاہ اوّل (فرزند عالم گیر) کے وزیر منشی عنایت اللہ خاں کے حکم سے لکھی گئی ۔ شروع میں عالمگیر نامہ (نمبر ۳۸) کا اختصار ہے ۔ اس کے بعد چالیس سال کے حالات عالم گیر کی وفات تک لکھے گئے ہیں ۔ عالم گیر کا کوئی چھوٹا یا بڑا واقعہ ایسا نہیں جو اس کتاب میں لکھا گیا نہ ہو ۔ (یہ کتاب عالم گیر کی وفات کے تین سال بعد ختم ہوئی)
۴۰	تاریخ بہادر شاہ	نامعلوم	—	معمولی خط	محمد معظم بہادر شاہ اول (فرزند عالم گیر) کے حالات ۔ (۱۷۰۷ء سے ۱۷۱۲ء)
۴۱	تاریخ فرخ سیر	"	—	"	معین الدین فرخ سیر شہنشاہ ہندوستان کی تاریخ (۱۷۱۳ء سے ۱۷۱۹ء) (میجر اسٹوارٹ لکھتا ہے کہ یہ فرخ سیر ہی تھا جس نے انگریزوں کو ہندوستان میں پہلی مرتبہ فری ٹریڈ (آزاد تجارت) کی اجازت دی ۔ اس وقت صوبہ داروں نے بھی نہیں سمجھا کہ اس کا نتیجہ کیا ہوگا ۔ آخر میں نتیجہ یہ نکلا کہ اسی کی وجہ سے انگریز ملک کے حاکم بنتے چلے گئے اور پورا ہندوستان ان کے قبضہ میں آگیا)
۴۲	تاریخ پادشاہان ہند	نامعلوم	—	شکستہ	ہندوستان کے بادشاہوں کے حالات جلال الدین محمد اکبر تک (نسخہ نامکمل تھا)

۴۳	لطائف الاخبار	-	۱۶۵۲ء	معمولی خط	کتاب میں قندھار پہ دارا شکوہ کی چڑھائی کے حالات ہیں۔ قندھار پہ چڑھائی ۱۶۵۱ء میں ہوئی تھی۔ اس کے ایک سال بعد دارا شکوہ کے حاجب (سیکرٹری) نے یہ کتاب لکھی اور دارا شکوہ کو پیش کی۔
۴۴	تاریخ خان جہاں لودھی و مخزن افغانی	ہیبت خاں	۱۶۷۶ء	نستعلیق	کتاب دیباچہ۔ سات ابواب اور خاتمۃ الکتاب پر ختم ہوئی ہے۔ دیباچہ۔ تاریخ بنی اسرائیل پہلا باب ـــ سال۔ حضرت داؤدؑ۔ حضرت سلیمان کی تاریخ اور یہودیوں کی اسیری کا زمانہ۔ دوسرا باب ـ حضرت خالدرضؓ (سپہ سالار اسلام) کا ملک شام کو فتح کرنا۔ تیسرا باب ـــ سلطان بہلول لودہی (شہنشاہ ہند) کی تاریخ۔ چوتھا باب ـ شیر شاہ سوری ، " " " پانچواں باب ـ خان جہان لودہی کی تاریخ۔ چھٹواں باب ـ افغانستان کے مختلف قبائل کی تاریخ ساتواں باب ـ افغانستان کے مشہور عالموں اور فاضلوں کے حالات ـــ اس

نمبر	نام کتاب	مصنف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
۴۵	تاریخ ملک آشام	احمد شہاب الدین تالاش	—	نستعلیق	کتاب کا خلاصہ جو اسی مصنف نے کیا ہے ایک اور کتاب میں لکھا ہے۔ عہد عالم گیر میں صوبۂ آسام پر چڑھائی کے حالات۔ اس مہم کے سپہ سالار معظم خاں اور خانِ خاناں تھے۔
۴۶	مآثر امرائے تیموریہ	(۱) عبدالحی بن عبدالرزاق (۲) شاہ نواز خاں (۳) صمصام الدولہ بن شاہ نواز خاں	—	"	امرائے تیموریہ اور امرائے دکن کے حالات۔ کتاب کے تینوں مصنفین دربار دکن کے مشہور عالم تھے۔
۴۷	مجموعہ میرزا مہدی	میرزا مہدی	—	نستعلیق و منقش	خاندان تیمور کی تاریخ ۱۴۲۳ء سے ۱۷۰۸ء تک۔ یعنے ابو سعید مرزا سے بہادر شاہ اوّل تک۔
۴۸	کیفیت راجہائے میسور	—	—	شکستہ	کتاب میں راجگان میسور کے حالات ہیں مگر تاریخیں نہیں ہیں۔ یہ ایک کنڑی کتاب کا فارسی ترجمہ ہے جو ٹیپو سلطان کے حکم سے کیا گیا۔

Marfat.com

٤٩	تقویم التواریخ رومی	مصطفےٰ حاجی خلیفہ		نستعلیق	ابتدائے آفرینش سے سنہ ١٦٤٨ء تک کے حالات ۔ اصل کتاب سلطان محمدؒ چہارم عثمانی کے عہد میں ترکی زبان میں لکھی گئی ۔ یہ اسی کتاب کا فارسی ترجمہ ہے ۔ (مصطفےٰ حاجی خلیفہ کی دوسری کتاب کشف الظنون ایک نہایت ہی مشہور کتاب ہے ۔ اس مصنف کا سنہ وفات سنہ ١٦٤٣ء ہے)
٥٠	ہفت اقلیم	امین احمد رازی	سنہ ١٥٧٠ء	معمولی خط	منطقہ معتدل کا جغرافیہ اور طبعی حالات ۔ کتاب میں اس منطقہ کے مشہور آدمیوں کے حالات بھی ہیں
٥١	مجموع النفائس (تذکرۂ آرزو)	سراج الدین علی آرزو دہلوی	سنہ ١٧٤٢ء	عام خط	شعرائے ہندوستان کے حالات ۔ ناموں کی ترتیب حروف تہجی کے مطابق ہے ۔ کتاب میں الف سے ح تک ان چالیس شاعروں کے حالات اور کلام کا نمونہ بھی ہے جنھوں نے فارسی اور دکنی میں شعر کہے ہیں ۔
٥٢	شمشیر فانی	منشی توکل	سنہ ١٧٥٢ء	”	شاہ نامہ فردوسی کا اختصار نثر میں ۔
٥٣	تاریخ الانبیاء	—	—	—	پیغمبروں کی تاریخ ۔ کتاب میں وہ گفتگو بھی درج ہے جو خدا اور حضرت موسیٰؑ کے درمیان وادیٔ سینا میں ہوئی تھی ۔ (کتاب کا پہلا ورق گم ہونے سے مصنف کا نام معلوم نہ ہو سکا)

Marfat.com

نمبر	نام کتاب	مصنّف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
۵۴	مدینۃ الانبیاء	محمد افضل	—	معمولی خط	آفرینش عالم سے خاتم النبیین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت تک کے حالات
۵۵	قصص الانبیاء	ابو الاسحاق ابراہیم بن اسماعیل	—	"	ایک نہایت مشہور کتاب ہے۔ جس میں دنیا کی ابتدا سے جنگ احد تک کے حالات لکھے گئے ہیں۔
۵۶	روضۃ الاحباب	عطاء اللہ	۱۴۹۴ء	نستعلیق	پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح کے ساتھ آپ کے اصحاب اور بارہ اماموں کے حالات کتاب سلطان حسین میرزا والیٔ غراسان کے وزیر علی شیر کے نام معنون ہے۔
۵۷	معارج النبوۃ	محمد معین الدین ہراتی	۱۴۸۶ء	"	پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح مع بیان معراج۔
۵۸	مدارج النبوۃ	عبد الحق سیف الدین دہلوی	—	"	پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کے حالات۔
۵۹	جذب القلوب	"	۱۵۹۲ء	معمولی خط	مدینہ "منورہ کی تاریخ۔
۶۰	اخبار الاخیار	"	۱۵۹۰ء	"	اولیا اللہ کے حالات۔
۶۱	مطلع الانوار	"	۱۶۱۸ء	نستعلیق	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح۔
۶۲	روضۃ الشہداء دہ مجلس	حسین واعظ کاشفی خراسانی	۱۵۰۱ء	"	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح۔ واقعات کربلا اور بارہ اماموں کے حالات۔ اسی کتاب کا اختصار دہ مجلس کے نام سے مشہور ہے۔ کتاب سلطان حسین میرزا والیٔ

					خراسان کے نام پر معنون ہے۔ کاشفی ہرات کا مشہور عالم ہے۔
۶۳	آثار احمدی	محمد جانی		نستعلیق	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح
۶۴	سیر عفیفی	عفیفی		شکستہ	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح۔ معہ حالات صحابۂ کرام
۶۵	مشہر الفوائد	نامعلوم		نستعلیق	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح۔ مع آئمہ اسلام یعنی حضرت امام ابوحنیفہ رح حضرت امام شافعی رح۔ حضرت امام مالک رح۔ حضرت امام احمد حنبل رح کے حالات
۶۶	اخبار حسینیہ	"	—	"	مدینہ منورہ کی تاریخ
۶۷	قصۂ شاہ مردان علی	—		"	خلیفۂ چہارم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی سوانح
۶۸	مجالس المومنین	—	—	معمولی خط	کتاب ہٰذا شیعہ کی تاریخ ہے۔ میجر اسٹوارٹ نے اس کتاب پر یہ نوٹ لکھا ہے کہ یہ شیعہ و سنی عقاید کا اختلاف ہی تھا جو بغداد کے زوال کا باعث ہوا۔ بغداد کو ہلاکو خاں نے تباہ کیا تھا۔
۶۹	مطالع الانوار	الف بن نور کاشانی	—	نسخ	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و خلفائے راشدین کے سوانح
۷۰	کرامات الاولیا	نظام الدین بن محمد صالح	۱۶۵۷ء	معمولی خط	بارہ اماموں اور اولیا اللہ کے حالات و کرامات کا بیان
۷۱	ترجمۂ مولود	سعید بن مسعود شیرازی	۱۳۵۸ء	نسخ	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مکمل حالات۔

نمبر	نام کتاب	مصنف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
۷۲	سفینۃ الاولیا	داراشکوہ بن شاہ جہاں	۱۶۳۹ء	معمولی خط	سوانح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مع حالاتِ اولیاء اللہ
۷۳	منتخب لسنات	شمس الدین علی خاں	-	نستعلیق	کتاب میں حضرت امام علی رضا ابن موسی رضؓ کے حالات ہیں۔ یہ کتاب ابو جعفر کی عربی کتاب کا فارسی ترجمہ ہے - حضرت امام علی رضا رضؓ کا سنہ وفات ۸۱۸ء ہے -
۷۴	لطائف الظرایف	علی بن حسین واعظ	۱۵۳۲ء	"	اس کتاب میں پیغمبر اسلامؐ - بارہ اماموں - قدیم شاہان ایران اور دوسرے مشہور لوگوں کے اقوال جمع کیے گئے ہیں - کتاب سلطان محمود غزنوی رح کے نام پر معنون کی گئی ہے -
۷۵	درالمجالس	سیف الظفر نوب جاری		"	جنت و دوزخ کا بیان اور حضرت خواجہ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کے حالات
۷۶	مقالات امیر خسروؒ	حضرت امیر خسروؒ دہلوی	۱۳۲۴ء	"	کتاب میں خلفائے راشدین کے حالات اور صوفیوں کے عقاید پر بحث ہے -
۷۷	تاریخ دوازدہ امام	-	-	مختلف خط	کتاب میں بارہ اماموں کے حالات ہیں -
۷۸	لطایف الاخبار	ابوالفضل توبان		شکستہ	سوانح حضرت ذوالنون مصری رح حضرت ذوالنون رح مصر میں پیدا ہوے اور وہیں وفات پائی - آپ کا سنہ وفات ۸۵۹ء ہے

۷۹	مناقب غوثیہ	مختلف			یہ پانچوں کتابیں حضرت غوث الاعظم شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ کے حالات میں ہیں ۔
۸۰	نسائم غوثیہ	"			
۸۱	تحفۃ القادری	"			
۸۲	خلاصۃ المفاخر	"			
۸۳	نسب نامۂ غوثیہ	"			
۸۴	مناقب مولانا روم رحمۃ	عبد الوہاب	سنہ ۱۴۲۹ء	نستعلیق	کتاب حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ کے مناقب میں ہے ۔ مولانا روم کا سنہ وفات سنہ ۶۵۹ھ ہے ۔ مزار قونیہ (ترکی) میں ہے ۔
۸۵	صفوۃ الصفا	توکل بن اسماعیل بن حاجی اردبیلی	سنہ ۱۳۹۷ء	"	حضرت شیخ صوفی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات ۔ آپ کی رہائش اردبیل میں تھی جو میڈیا میں ہے ۔ آپ کے تقدس کی شہرت سن کر مشہور فاتح تیمور خود آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے کہنے پر ان تمام اسیران جنگ کو رہا کر دیا جو ایشیائے منیر کی جنگوں میں قید ہوئے تھے ۔
۸۶	نکات بے دل	میرزا بے دل	-	معمولی خط	امام العارفین سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات ۔ آپ کا مزار بغداد میں مرجع خاص و عام ہے ۔ آپ حضرت شیخ صوفی رحمۃ کے پوتے اور حضرت سعدی رحمۃ کی بہن کے فرزند ہیں ۔ شاہ اسماعیل صفوی جو صفوی

Marfat.com

نمبر	نام کتاب	مصنف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
					خاندان کا بانی ہے آپ ہی کے خاندان سے ہے اور اسی نے نادر شاہ کی حکومت کا خاتمہ کر دیا۔ حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ اوائل عمر میں ایک نہایت قابل فوجی جنرل تھے۔ ترکی قبیلہ کی ایک شاہزادی سے آپ کی شادی ہوئی۔ بعد میں گوشہ نشین ہوگئے۔ مزار بغداد میں زیارت گاہِ خاص و عام ہے۔
۸۷	مناقب العارفین	خاکی	سنہ ۱۲۳۵ء	نستعلیق	"حضرت بہاالدین نقشبندیؒ۔ حضرت برہان الدینؒ مفسر قرآن۔ اور حضرت جلال الدینؒ مفسر قرآن کے حالات۔ حضرت بہاالدین نقشبندی رحمۃ اللہ کی وفات شہر حقارہ (ایران) میں ہوئی سنہ وفات سنہ ۱۲۵۳ء ہے۔ یہ کتاب حضرت بہاالدینؒ ہی کے نام پر معنون کی گئی ہے۔
۸۸	مقامات حضرت خواجہ بہاالدینؒ	صالح بن مبارک بخاری		عام خط	حضرت خواجہ بہاالدین رحمۃ اللہ علیہ کے حالات

Marfat.com

۸۹	رشحات	علی واعظ بن حسین واعظ کاشفی ہراتی	۱۵۳۲ء سنہ	نسخ	صوفیائے چشت کے حالات
۹۰	انیس السالکین	عبداللہ احرار		نستعلیق	دونوں کتابیں صوفیائے چشت کے حالات ہیں اور ایک ہی جلد میں ہیں۔
۹۱	فصل الخطاب	خواجہ پارسا		″	
۹۲	نزہت الارواح	حسین بن علیم	۱۵۷۲ء سنہ	عام خط	صوفیائے کرام کے حالات
۹۳	شرح نزہت الارواح	عبدالواحد	″	″	دونوں کتابیں ایک ہی جلد میں ہیں۔
۹۴	مقامات شیخ احمدؒ	احمد غزنوی	-	نستعلیق	حضرت شیخ الاسلام شیخ احمدؒ نیشاپوری کے حالات نیشاپور ایران کا ایک شہر ہے۔
۹۵	مرات الاسرار	نامعلوم	۱۶۴۹ء سنہ	معمولی خط	ایران - عرب اور ہندوستان کے صوفیائے کرام کے حالات
۹۶	روضۃ الریاحین	شیخ عبداللہ	-	نستعلیق	″
۹۷	مجمع الاولیا	علی اکبر	۱۶۲۸ء سنہ	″	یہ کتاب اولیا اللہ کے حالات میں ہے اور شہنشاہ ہند شہاب الدین شاہ جہان کے نام پر معنون کی گئی ہے۔
۹۸	تذکرۃ الاولیا	حضرت محمد بن ابراہیم شیخ فریدالدین عطارؒ نیشاپوری	-	نستعلیق	اولیا اللہ کے حالات میں نہایت مشہور کتاب ہے۔ نوٹ: اس کتاب کا اُردو منظوم ترجمہ حضرت مولانا عبدالحیؒ بنگلوری نے دو جلدوں میں کیا ہے جو سنہ ؟ میں مطبع فردوسی بنگلور میں شائع ہوا۔ محمود

Marfat.com

نمبر	نام کتاب	مصنف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیت
۹۹	سیر الاولیا	سید محمد کرمانی	۱۵۹۴ء	نستعلیق	کتاب اولیا اللہ کے حالات میں ہے ۔
۱۰۰	نفحات الانس	حضرت جامیؒ	۱۴۷۶ء	"	اولیا اللہ کے حالات میں عربی کتاب طبقات الصوفیا کا فارسی ترجمہ ۔ کتاب سلطان حسین میرزا کے وزیر علی شیر کے نام پر معنون کی گئی ہے ۔
۱۰۱	گلزار ابرار	حضرت محمد غوثؒ گوالیاری	۱۵۲۶ء	شکستہ	ہندوستان کے صوفیائے کرام کے حالات اور ان کا جائے مدفن ۔ (حضرت محمد غوث گوالیاری کا سنہ وفات ۱۵۶۰ء ہے)
۱۰۲	تاریخ حسینی	عبدالعزیز	۱۴۴۵ء	معمولی خط	حضرت صدرالدین محمد حسین گیسو درازؒ کے حالات ۔ آپ کا مزار گلبرگہ دکن میں ہے ۔ شہنشاہ عالمگیر اورنگ زیب رحنے یہاں فتوحات کے لئے دعا مانگی تھی ۔
۱۰۳	ترجمہ طبقات الصوفیہ	مترجم عبداللہ منصور		نستعلیق	عربی کتاب طبقات الصوفیا کا فارسی ترجمہ ۔ کتاب اولیا اللہ کے حالات میں ہے ۔
۱۰۴	ملفوظات شیخ احمد مغربی	محمد النصر	۱۴۴۵ء	"	گجرات کے مشہور صوفی حضرت شیخ احمد رحمۃ اللہ علیہ کے حالات ــــ آپ کا مزار شہر احمد آباد میں ہے ۔
۱۰۵	رسالہ عبداللہ انصاری	عبداللہ انصاری	ـ	"	مشہور صوفیائے کرام کے مختلف اقوال ۔

Marfat.com

۱۰۶	نوادر دستار و مقتول نامہ	حضرت شیخ فرید الدین عطار نیشاپوری	-	معمولی خط	اُن اکیس ۲۱ مشہور صوفیاے کرام کے حالات جو اپنے اعتقادات کی وجہ سے شہید ہوئے ۔
۱۰۷	خلاصۃ المناقب	شمس الدین احمد	۱۳۱۸ھ	نسخ	دس مشہور صوفیائے کرام کے حالات ۔
۱۰۸	سوانح سبزوار	سبزواری	"	نستعلیق	کتاب میں ان تمام اولیا اللہ کے حالات ہیں جو شہر دولت آباد میں مدفون ہیں ۔ (دولت آباد کا نام پہلے دیوگیری تھا ۔ سلطان محمد بن تغلق نے نام بدل کر دولت آباد رکھا ۔ یہ شہر دکن میں ہے)
۱۰۹	روضۃ الابرار	عبداللہ تمیمی		نسخ	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کے حالات ۔
۱۱۰	روضۃ الریاحین	عبداللہ بن عبد الیافعی شافعی		"	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کے حالات ۔ اور بارہ اماموں کے حالات ۔
۱۱۱	مراۃ الجنان	یافعی نازل الحرمین	۱۳۶۸ھ	"	اسلامی سپہ سالاروں اور مشاہیر کے حالات ۔ میجر ہسٹوارٹ نے لکھا ہے کہ نہایت دلچسپ کتاب ہے ۔
۱۱۲	انباء الجنان	محمد بن علی	-	"	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کے حالات
۱۱۳	کتاب عرائس	نامعلوم	-	"	مشاہیر اسلام کے تاریخہائے وفات ۔ مع فارسی ترجمہ ۔

نمبر	نام کتاب	مصنف	سنہ تصنیف	رسم الخط	مختصر کیفیات
۱۱۴	کتاب سیر و شمائل	نامعلوم	–	نسخ	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔ آپ کے خاندان اور آپ کے اصحاب کے حالات۔
۱۱۵	مولود النبی	"	–	"	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مختصر جامع سوانح۔ اس میں آنحضرت کے معجزات کا بھی بیان ہے۔
۱۱۶	عیون الآثار	شمس الدین شافعی	–	قدیم نسخ	کتاب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کے ساتھ ساتھ صحابہ کرام کے حالات بھی لکھے گئے ہیں۔
